احکامِ عالمگیری

تصنیف

حمید الدین خان

ترجمہ

ڈاکٹر مولوی خالد حسن قادری

ادارۂ ثقافتِ اسلامیہ
۲۔ کلب روڈ، لاہور

TooBaa-Research-Library
TooBaa-Research-Library

﴿احکامِ عالمگیری﴾

فارسی تصنیف

حمید الدین خان

ترجمہ: ڈاکٹر مولوی خالد حسن قادری

پیشکش: طوبیٰ ریسرچ لائبریری

toobaa-elibrary.blogspot.com/

TooBaa-Research-Library

احکامِ عالمگیری

۴۵۱

تصنیفِ بلندپایہ

۷۳۴

از

حمید الدین خان

۸۰۸ : ۱۹۹۳

لاجواب ترجمہ از

۶۹۹

مولوی خالد حسن قادری لندن

۱۹۹۳

ادارۂ ثقافتِ اسلامیہ
۲ - کلب روڈ، لاہور

TooBaa-Research-Library

جملہ حقوق محفوظ

طبعِ اوّل	۱۹۹۳
ناشر	ڈاکٹر رشید احمد جالندھری ناظم ادارۂ ثقافتِ اسلامیہ، ۲۔ کلب روڈ، لاہور
مطبع	طیبہ پرنٹرز، لاہور
قیمت	-/۱۰۰ روپے

اس کتاب کی طباعت و اشاعت
اکادمی ادبیات پاکستان، اسلام آباد
کی مالی معاونت کی بدولت ممکن
ہوئی ہے۔ شکریہ!

TooBaa-Research-Library

پیش لفظ

اورنگ زیب عالمگیر (وفات ۱۷۰۷ء) خاندانِ تیموریہ کا آخری اولوالعزم حکمران ہے، جس کی بیدار مغزی، جفاکشی اور درویشانہ زندگی مغل تاریخ میں ایک ضرب المثل بن چکی ہے۔ وہ اپنے مورثِ اعلیٰ ظہیر الدین بابر کی طرح تلوار اور قلم دونوں کا دھنی تھا۔ ان امور کا اعتراف ان لوگوں نے بھی کیا ہے جو نہ صرف اورنگزیب کے بعض سیاسی فیصلوں سے اتفاق نہیں کرتے بلکہ انہیں مغل سلطنت کے انحطاط و زوال کا سبب بھی گردانتے ہیں۔ یہ اورنگ زیب ہی کی فولادی شخصیت تھی جس نے انحطاط و زوال اور معاندانہ طاقتوں کو آگے بڑھنے سے روک دیا تھا، جونہی اورنگزیب کی آنکھیں بند ہوئیں، تو اس کے نالائق، ناعاقبت اندیش اور عیش پسند جانشینوں نے ان طاقتوں کے سامنے ہتھیار ڈال دیے اور ذلت و رسوائی کے بہ تلخ گھونٹ کو پینے پر تیار ہو گئے۔ اس وقت لوگوں کو احساس ہوا کہ ایک مضبوط مرکز اور سیاسی استحکام کے بغیر امن و آشتی کی زندگی بسر کرنا کس قدر دشوار ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اورنگ زیب کی غیر معمولی شخصیت، اہلِ علم اور عوام الناس دونوں کی نگاہ کا برابر مرکز بنی رہی۔ اورنگ زیب کی شخصیت کا ایک پہلو وہ ہے جسے ہم رقعاتِ عالمگیری میں دیکھتے ہیں جہاں وہ ایک معلم اور فرض شناس باپ کی صورت میں نمودار ہوتے ہیں اور سلیقے سے بیٹوں کو نصیحت کرتے نظر آتے ہیں۔ اسی شخصیت کو ہم موجودہ کتاب "احکام عالمگیری" میں ایک مدبر اور بیدار مغز حکمران کی صورت میں دیکھتے ہیں۔

TooBaa-Research-Library

رقعاتِ عالمگیری میں وہ اپنے بیٹے کو ایک خط میں بندے کے گناہوں اور خدائے بزرگ و برتر کے عفو و کرم کا ذکر کرنے کے بعد لکھتے ہیں: "ناکردہ گناہ درجہاں کیست بگو" (کون ہے جس نے دُنیا میں گناہ نہیں کیا) یہ عمر خیام کی رباعی کا ایک مصرعہ ہے۔ لیکن اورنگ زیب نے یہاں دوسرے مصرعہ کو ("آں کس کہ گناہ نہ کرد چوں زیست بگو") کو نہیں لکھا، کیونکہ شاعرانہ شوخی کی یہ ترنگ کہ "گناہ کئے بغیر زندگی کیونکر بسر کی جاسکتی ہے"؛ مقام کی سنجیدگی سے ہم آہنگ نہیں تھی۔ اورنگزیب کے اخلاقی اور ادبی شعور نے اس مصرعہ کو حذف کر کے بتا دیا کہ شعر کے استعمال میں سلیقہ چاہیے۔ ورنہ ہم نے "پڑھے لکھے" لوگوں کو شعروں کے انتخاب اور استعمال میں "رُسوا" ہوتے ہوئے دیکھا ہے۔ اسی خط میں مزید لکھتے ہیں: "میاں عبداللطیف۔ قدس سرہ الشریف کی زبان (مبارک) سے ایک نادر بات ہم نے یاد کر رکھی ہے، وہ یہ ہے کہ خدا ناترس کو مزاج میں راہ دینا اور اہلِ حق کو دروازے سے وحشت زدہ کر دینا بدترین گناہ ہے۔" (مکتوب نمبر ۱۷۹)

ایک دوسرے مکتوب میں لکھتے ہیں: "مکہ مکرمہ کے شریف (حاکم) نے ہندوستان کی دولت و ثروت کے بارے میں بہت کچھ سُن رکھا ہے؛ چنانچہ وہ ہر سال جلبِ منفعت کے لیے اپنا ایلچی بھیجتے ہیں۔ یہ "نذرانہ" جو ہم حاجت مندوں کیلئے بھیجتے ہیں، اس کے بارے میں خیال رہنا چاہیے کہ وہ اسی جماعت (حاجتمندوں) تک پہنچ گیا ہے۔ ... اگر کسی وجہ سے یہ صورت ممکن نہ ہو تو پھر یہ رقم اس ملک (ہندوستان) کے حاجتمندوں کو کیوں نہ بہم پہنچائی جائے کیونکہ تمام مقامات میں اسی پاک ذات کی جلوہ گری ہے۔" (رقعہ ۱۷۴)

ان خطوط سے پتہ چلتا ہے کہ اورنگ زیب کو فارسی اور عربی ادب پر کس قدر عبور حاصل ہے۔ ان خطوط میں وہ موقع کی مناسبت سے سعدی، رومی اور دوسرے

TooBaa-Research-Library

بلند پایہ فارسی شعراء کے اشعار کو نقل کرتے ہیں اور بعض مقامات پر قرآنِ مجید کی آیاتِ کریمہ اور احادیثِ نبوی۔ فنِ حدیث میں احادیث کے مقام کا بھی ذکر کرتے ہیں مثلاً ایک خط میں انھوں نے مشہور حدیث "انما الاعمال بالنیات" (اعمال کا دارومدار نیت اور ارادے سے وابستہ ہے) درج کی ہے، اس حدیث پر اورنگ زیب لکھتے ہیں کہ یہ حدیث صحیح ہے بلکہ درجہ تواتر کے قریب جا پہنچی ہے۔

حمید الدین خاں کی کتاب احکام عالمگیری میں ہم اورنگ زیب کو ایک دوسری ہی دنیا میں دیکھتے ہیں جہاں وہ ایک مدبّر اور بلند پایہ منتظم کے روپ میں سامنے آتے ہیں امورِ سلطنت میں رونما ہونے والی بدنظمی کا۔ خواہ اس کا مرتکب کوئی شہزادہ ہو یا کوئی سرکاری افسر سختی سے محاسبہ کرتے ہیں۔ وہ اس محاسبہ کو مذہبی، اخلاقی اور سیاسی طور پر ضروری گردانتے ہیں۔ انتظامی امور اور اخلاقی اقدار کے باہمی رشتے کو ناگزیر جانتے ہیں اور اس رشتے کے ٹوٹ جانے کو سلطنت کی بربادی تصور کرتے ہیں اورنگزیب سرکاری ملازمین کے ذاتی عقائد کو اپنے فیصلوں پر اثر انداز ہونے کی اجازت نہیں دیتے، مثلاً احکام نمبر ۹۳ میں آیا ہے کہ ایک دفعہ ایک سرکاری اہل کار نے اورنگزیب کی خدمت میں درخواست پیش کی "بخشی گری کی (بخشی گری محکمہ مالیات کا ایک بڑا منصب تھا) دونو کریاں ہیں اور ان دونوں پر بد مذہب اور دیو صفت ایرانی مقرر ہیں۔ (یعنی دونوں جگہ شیعہ حضرات فائز ہیں) اگر ایک بخشی گری کی ملازمت اس پرانے خادم کو مرحمت فرمائی جائے تو دین کی تقویت (یعنی سنّی مسلک) کا باعث بھی ہوگا اور ملعون کافروں سے کام کو چھینا بھی جا سکے گا۔"

اس عرضی پر اورنگ زیب نے لکھا: "جو کچھ اس نے (درخواست گزار) اپنی قدیم خدمات کے سلسلہ میں بیان کیا ہے، وہ سچ ہے اور حسبِ توفیق قدردانی بھی عمل میں آتی ہے جو کچھ بدمذہب ایرانیوں (شیعوں) کے متعلق لکھتا ہے (اس سلسلہ میں خیال

TooBaa-Research-Library

رکھنا چاہیے کہ "دُنیا کے کاموں میں مذہب کا واسطہ کیا معنی رکھتا ہے اور امورِ انتظامی میں تعصب کا کیا دخل ؟" "لکم دینکم ولی الدین" (قرآن کی آیت کریمہ) اگر یہی قاعدہ مقرر ہوتا تو پھر تمام راجاؤں اور ان کے متعلقین کو ہم موقوف کر دیتے۔ لائق لوگوں کی تبدیلی عقلمندوں کے نزدیک مذموم بات ہے۔" (ص ۷۸، ۷۹)

احکام عالمگیری حکم نمبر ۸ میں ایک وصیت میں اورنگزیب لکھتے ہیں :

"اس عاصی غرق معاصی کو پاک و مقدس تربت حسین علیہ السلام کی چادر میں لپیٹا اور دفنایا جائے۔ کیونکہ گناہوں کے سمندر میں غرق شدہ لوگوں کے لیے سوائے اس درگاہ سے التجا کئے رحمت اور مغفرت نہیں ہے۔ اس سعادتِ عظمیٰ کا سامان (چادر تربت امام حسینؑ) فرزند ارجمند بادشاہ علی زادہ عالی جاہ کے پاس ہے۔"

اسی وصیت میں مزید لکھتے ہیں : "قرآن شریف کی کتابت سے جمع کیے ہوئے (تین سو پانچ روپے میرے صرفِ خاص میں ہیں۔ وفات کے دن فقرا کو دے دیے جائیں۔ وجہ یہ ہے کہ فرقہ شیعہ کے نزدیک کتابت قرآن کی اجرت میں ناجائز ہونے کا شبہ ہے (اس رقم کو) کفن دفن کی ضروریات میں صرف نہ کریں (ص ۳۲، ۳۳)

کسبِ رزق میں یہ احتیاط اور کسبِ معاش میں یہ چھان بین بے شبہ خدا ترس لوگوں کا شیوہ ہے۔ ان واقعات سے، امورِ ریاست میں اہلیت اور صرف اہلیت کا لحاظ نیز کسبِ رزق میں انتہائی احتیاط، اورنگ زیب کی وسعتِ نظر، روحِ شریعت سے مکمل وفاداری اور فقہی تعصب سے دوری کا پتہ چلتا ہے۔

احکامِ عالمگیری میں جہاں حمید الدین خان نے، جسے اورنگ زیب سے قریب رہنے کا موقع ملا ہے ۔ اورنگ زیب کے پختہ انتظامی اور مذہبی افکار کا تذکرہ کیا ہے، وہاں اس نے اورنگ زیب کے معاشقہ کا بھی ذکر کیا ہے۔ اورنگ زیب جب حیدر آباد دکن میں صوبے دار تھے، اس وقت وہ ایک صنفِ نازک کی، جو زین آبادی کے نام سے

معروف تھی، شوخیوں کا شکار ہو گئے اور اس کے عشق میں اس قدر بے قابو ہو گئے کہ "اپنے ہاتھ سے شراب کا پیمانہ بھر بھر کر پیش کرتا اور عالم نشہ و سرور کی رعنائیاں دیکھا کرتے ہیں ایک دن زین آبادی نے اپنے ہاتھ سے جام لبریز کرکے اورنگ زیب کو دیا اور اصرار کیا کہ لبوں سے لگائے۔ شہزادہ نے ہر چند عجز و نیاز کے ساتھ التجائیں کیں کہ میرے عشق و دل باختگی کا امتحان اس جام کے پینے پر موقوف نہ رکھو ..... لیکن اس عیار کو رحم نہ آیا ..... لیکن جونہی اس فسوں ساز نے دیکھا کہ شہزادہ بے بس ہو کر پینے کے لیے آمادہ ہو گیا ہے، فوراً پیالہ اس کے لبوں سے کھینچ لیا اور کہا: "غرض امتحان عشق بود نہ کہ تلخ کامی شما۔"[۱۲] (مقصد تمہارے حلق کو تلخ کرنا نہیں بلکہ عشق کا امتحان تھا)۔

اس داستان کو احکام عالمگیری کے علاوہ شاہ نواز خان نے مآثر الامرا میں بھی لکھا ہے، بلکہ بہ قول جادو ناتھ سرکار بہتر طور پر لکھا ہے۔ اس واقعہ پر تبصرہ کرتے ہوئے ابوالکلام آزاد لکھتے ہیں: "اس سے (داستانِ معاشقہ سے) معلوم ہوتا ہے کہ اگرچہ اولوالعزمیوں کی طلب نے اُسے لوہے اور پتھر کا بنا دیا تھا لیکن ایک زمانہ میں گوشت پوست کا آدمی بھی رہ چکا تھا۔"[۱۳]

زین آبادی کی داستانِ عشق نے جہاں اورنگ زیب کے دل درد آشنا کی خبر دی ہے وہاں اس نے بعض معاشرتی خرابیوں کا بھی پردہ چاک کر دیا ہے۔ مثلاً اورنگ زیب نے زین آبادی کو اس کے آقا سیف خان سے حاصل کیا۔ سیف خان نے زین آبادی کے عوض میں چتر بائی کا مطالبہ کیا جو اورنگ زیب کے حرم خاص میں تھی اور جسے قبول کر لیا گیا۔ "ہر چند وہ (چتر بائی) انکار کرتی رہی کہ میں (سیف خان کے پاس) نہیں جاتی، لیکن اس نے کہا کہ اگر اپنی جان کی خیر چاہتی ہو تو فوراً چلی جاؤ؛ چنانچہ مجبور ہو کر وہ گئیں۔" (ص ۲۵)

اس قسم کے معاشرتی واقعات بے شبہ ذوقِ سلیم پر گراں گزرتے ہیں۔

---

[۱۳] غبارِ خاطر، دہلی ۱۹۸۳ء، ص ۲۰۵ - ۲۰۹ (مرتبہ مالک رام)

TooBaa-Research-Library
TooBaa-Research-Library

لیکن حمید الدین خان نے انہیں پوری دیانت سے سپردِ قلم کر دیا ہے جس سے اس عہد کی اجتماعی زندگی کی بُرائیوں کا پتہ چلتا ہے۔ لطف کی بات یہ کہ خود اورنگ زیب کو ان خرابیوں کا علم تھا اور شدت سے احساس تھا کہ اس کے بعد اورنگ زیب الحکومت اجتماعی برائیوں پر قابو نہیں پا سکے گی۔ اس امر کی پیش گوئی اصحاب نجوم نے کر دی تھی جو اورنگ زیب کے علم میں تھی۔

القصہ احکام عالمگیری اپنی غیر معمولی اہمیت کی وجہ سے ان تحریروں میں شامل ہے، جن کا پڑھنا اورنگ زیب کی شخصیت کو سمجھنے کے لیے نہایت ضروری ہے اس کتاب سے اورنگ زیب کے بارے میں پھیلی ہوئی بہت سی غلط فہمیاں دور ہو جاتی ہیں بے شبہ فطرت نے انہیں غیر معمولی صلاحیتوں اور توانائیوں سے نوازا تھا جن کی وجہ سے وہ پوری نصف صدی تک پورے وقار، دبدبہ اور شکوہ سے زوال و انحطاط کی طاقتوں کی راہ روک کر کھڑے رہے۔ یہ الگ بات ہے کہ وہ صحت مند اخلاقی اور سیاسی بنیادوں پر کوئی ادارہ قائم نہ کر سکے جو ان کی موت کے بعد قومی مشکلات پر قابو پانے کے لیے حکمرانوں کی مدد کرتا۔ ایسی شخصیت سے اہل علم اور اہل سیاست دونوں بہت کچھ سیکھ سکتے ہیں۔

احکام عالمگیری کو ۱۹۱۵ء میں جادو ناتھ سرکار نے انگریزی ترجمے کے ساتھ شائع کیا تھا۔ کیا اس کا کوئی اردو ترجمہ بھی کبھی شائع ہوا؟ اس بارے میں ہمیں کوئی علم نہیں۔ کئی سال پہلے اس کا اردو ترجمہ ملک کے ممتاز دانشمند ڈاکٹر مولوی خالد حسن قادری نے کیا تھا، ڈاکٹر موصوف اس ترجمہ پر ایک منفصل مقدمہ بھی رقم کرنا چاہتے تھے لیکن بہ وجوہ نہ وہ مقدمہ لکھ سکے نہ ہی اس قیمتی ترجمے کی اشاعت پہلے ممکن ہو سکی۔

ہمیں انتہائی مسرت ہے کہ ادارہ ثقافت اسلامیہ بتوفیق ایزدی اس کتاب کے فارسی متن اور ترجمے کو شائع کر رہا ہے۔ ڈاکٹر صاحب کی علمی

TooBaa-Research-Library

شخصیت محتاجِ تعارف نہیں، وہ ان چند بلند پایہ اہلِ علم میں سے ہیں جنہیں خدا نے علم و عرفان اور سوز دروں کی دولت اور اردو و فارسی زبانوں میں استادانہ مہارت سے نوازا ہے۔ ہمیں امید ہے کہ اہل علم ڈاکٹر صاحب کے خوبصورت ترجمے سے لطف اندوز ہوں گے۔

رشید احمد جالندھری

لاہور۔ جون ۱۹۹۳ء

TooBaa-Research-Library

"حصہ اُردو ترجمہ "احکامِ عالمگیری"

۱۴۱۳

TooBaa-Research-Library

TooBaa-Research-Library

فہرست مضامین (اردو)

نمبر شمار	مضامین	صفحہ نمبر
	پیش لفظ	۵
	مختصر حالات حمید الدین خان بہادر	۱۷
	باب اول:	
	اورنگ زیب کے متعلق	۲۵
۱۔	شہزادہ اورنگ زیب کی جرأت	۲۷
۲۔	دور اندیشی	۲۹
۳۔	حسن سلوک	۳۱
۴۔	شہزادوں کے متعلق شاہجہان کا خیال	۳۳
۵۔	...... چناں کہ افتد دانی	۳۳
۶۔	حفظ ماتقدم	۳۷
۷۔	جرأت و دلیری	۴۱
۸۔	بارہ وصیتیں	۴۴
۹۔	بہادر شاہ کی نظر بندی	۴۵
۱۰۔	بہادر شاہ کو نصائح	۴۶
۱۱۔	حکمرانی کے چند اصول	۴۸
۱۲۔	ضابطہ شاہی	۵۱
۱۳۔	اولاد کی نگرانی	۵۱
۱۴۔	شاہانہ اشغال	۵۲
۱۵۔	وقائع صوبہ کابل	۵۳
۱۶۔	عرضی حمیدہ بانو	
	باب دوم:	
	شاہزادہ محمد اعظم شاہ کے متعلق	۵۵
۱۷۔	قلعہ پرلی کا محاصرہ	۵۷
۱۸۔	عدل شاہی	۵۹
۱۹۔	حزم و احتیاط	۶۰
۲۰۔	بدسلوکی کی سزا	۶۱
۲۱۔	نقصان کا معاوضہ	۶۲
۲۲۔	گستاخی کی سزا	۶۳
۲۳۔	اورنگ زیب کا طنز	۶۴
۲۴۔	حفظ دل	۶۴
	باب سوم:	
	شہزادہ محمد کام بخش، بیدار بخت کے متعلق	۶۷
۲۵۔	فراست شہزادہ کام بخش	۶۹
۲۶۔	بیدار بخت کو سزا	۷۱
۲۷۔	کاروبار دلداری	۷۲
	باب چہارم:	
	افسران کے متعلق	۷۵
۲۸۔	نصرت جنگ	۷۷
۲۹۔	پابندی احکام	۷۸
۳۰۔	تشہیر	۷۹
۳۱۔	دکنی سردار سے سلوک	۸۰
۳۲۔	اہل سادات	۸۰
۳۳۔	میر شہاب الدین	۸۲
۳۴۔	حکم قتل	۸۳
۳۵۔	کرامت بنیاد	۸۴
۳۶۔	سوانح نگار کو تنبیہ	۸۵
۳۷۔	جابر گورنر پر عتاب	۸۵
۳۸۔	اصول حکومت	۸۶

TooBaa-Research-Library

TooBaa-Research-Library

٢٩۔ امور انتظامی میں بے تعصبی ٨٨
٣٠۔ بردباری و کم آمیزی ٩٠
٣١۔ شاہ نواز خان ٩١
٣٢۔ میرزا معز فطرت موسوی ٩١
٣٣۔ اجرت بلا خدمت ٩٣
٣٤۔ نیکی کافر و ثواب ٩٤
٣٥۔ انتا عشر ٩٥
٣٦۔ .... راہ زندگی ہموار نیست ٩٦
٣٧۔ کوچ در ایام علالت ٩٧
٣٨۔ سزائے اوباشی ٩٨
٣٩۔ گورنر کو سرزنش ١٠٠
٥٠۔ از فکر دشمن بغفلت مباش ١٠٠
٥١۔ مرد خدا بمشرق و مغرب غریب نیست ١٠٢
٥٢۔ ایرانیوں و ہندوستانیوں کا فرق ١٠٣
٥٣۔ افسران زبردست کی پشت پناہی ١٠٤
٥٤۔ افسروں کا محاسبہ ١٠٥
٥٥۔ معمار خود مشو ١٠٦
٥٦۔ سرکش سرداروں کی سرکوبی ١٠٧
٥٧۔ اتحاد قول و فعل ١٠٨
٥٨۔ روز نو، روزی نو ١٠٩
٥٩۔ نعمت خان عالی ١١٠
٦٠۔ چغل خور دیدہ گو ١١٢
٦١۔ غصہ جنون ہے ١١٣
٦٢۔ احتساب و سزا ١١٤
٦٣۔ پابندی ضوابط ١١٤
٦٤۔ اہل کاروں کی نگرانی ١١٥
٦٥۔ ضابطہ کی پابندی ١١٦
٦٦۔ تھانہ دار کی خود سری ١١٦
٦٧۔ فتح اللہ خان کے جواب میں ١١٧
٦٨۔ تقیہ ١١٧
٦٩۔ مذہب سے بے تعصبی ١١٨
٧٠۔ چہار مذاہب برحق است ١٢١
٧١۔ عنقارا بلند است آشیانہ ١٢٢
٧٢۔ احکام

مختصر حالات

حمید الدین خان بہادر

مؤلف

احکام عالمگیری

(مشتمل بر مآثر الامراء)

TooBaa-Research-Library

TooBaa-Research-Library

حمید الدین خان بہادر عالمگیر شاہی سردار خاں کوتوال کا بیٹا اور باقی خان چیلہ قلماق شاہجہانی کا نبیرہ ہے۔ قسمت کی یاوری اور زمانہ کی مساعدت سے اورنگ زیب کے آخری عہد میں سلطنتِ ہندوستان کا مدار بن گیا۔ دولت خانۂ بادشاہی اور اعلیٰ درجہ کے امورات کا نظم و نسق اور ربط و ضبط اس کے سپرد ہو گیا تھا۔

بادشاہ کی طرف سے مفسدوں کی سرکوبی قلعہ جات کی فتوحات اور مہماتِ امور کے لئے بھیجا جاتا تھا۔ جہاں کہیں جاتا مخالف کو ضرباتِ شدید سے بے دست و پا اور مغلوب کر کے خود صحیح سلامت مع مالِ غنیمت کے واپس آتا۔ اور ان خدمات کے عوض طرح طرح کے اعزازات سے سرفراز ہوتا۔ اس لئے عوام میں تیغچۂ عالمگیری کے لقب سے معروف تھا۔

ابتدائے حال میں چونکہ اس کا باپ عنایت خسروی سے بہرہ یاب تھا۔ اس لئے یہ بھی حاضر باشی اور دوامِ خدمت و روشناسی کی بدولت سعادت و عزت سے بہرہ ور ہوا۔ جلوس عالمگیری کے ۲۸ ویں سال خانہ زاد نوازی کے اقتضاء سے اپنے باپ کی جگہ پر داروغگیٔ خاتم بند خانہ سے سرفراز کیا گیا۔ اور جلوس کے ۳۲ ویں سال اپنے باپ کے بعد فیل خانے کی داروغگی پر سرفراز ہوا۔ اور چونکہ بارگاہ شاہی میں منظورِ نظر قرار پا چکا تھا۔ اس لئے متواتر اضافۂ منصب ہوتا رہا۔

TooBaa-Research-Library
TooBaa-Research-Library

ایکوج میں وہ تبہ کار سنبھا کے لوٹنے پر مامور کیا گیا تھا جسے خان زمان حیدرآبادی کے حسن سعی سے بال بچوں وفرزند اسیر کر لیا گیا تھا۔ اس نے اس محبوس زندان ناکامی (سنبھا) کو شاہی حکم کے مطابق لشکرگاہ بہادر گڑھ سے چار میل سے تختہ بند کر کے اس کے ساتھیوں کو مسخرکہ لباس پہنا کر اونٹوں پر بٹھا کر ڈھول اور نفیری کے شور وغل کے ساتھ تمام لشکر میں تشہیر کرایا اور شاہی حضور میں پیش کیا۔

جلوس کے ۳۲ ویں سال خان کے خطاب سے شادکام ہوا۔ چونکہ اس کے والد کا انتقال ہو گیا اس لئے اس کے بعد کوتوال کے عہدہ اور دوسری خدمات پر بھی مامور کیا گیا۔

جلوس کے ۳۷ ویں سال معزالدین کے ملازموں میں چند اشخاص نے فضل علی خان دیوان سے بدسلوکی کی۔ بدمعاشی کے سبب فتنہ و فساد تک نوبت پہنچا دی تو حکم ہوا کہ حمیدالدین جا کر اس گروہ کی بداعمالیوں کی سزا دے۔ جب خان مذکور اس گروہ کے سر پر جا پہنچا تو اتفاق ایسا ہوا کہ ہجوم اور شور و غوغا کے سبب خان کی سواری کا ہاتھی بھڑک اٹھا اور بھاگ نکلا۔ اور معرکہ سے دور شاہی رسدگاہ تک ایک میل دور نکل آیا۔ اتفاقاً خان کی نظر ان بڑے بڑے بوروں پر پڑی جو غلہ بھرنے کے لئے رسدگاہ میں غلہ کے بیچ میں رکھے جاتے ہیں جب ہاتھی ان کے برابر آیا تو خان سنبھل کر ہودہ سے نکل آیا اور ان پر بیٹھ گیا۔ پھر ایک اور سواری مہیا کر کے معرکہ کارزار میں موجود ہو گیا اور ان مفسدوں کو کیفر کردار تک پہنچایا۔

جلوس کے ۳۹ ویں سال اسلام پوری میں اصل و اضافہ سے دوہزاری تک ترقی ہوئی۔ اسی سال تبہ کار سنتا نے قاسم خان خانہ زاد خان اور دوسرے شاہی امراء کو غارت کر کے گڑھی دھنڈیری میں محصور کر دیا تھا۔ حمیدالدین خان نے بڑی فوج لیکر کمک پہنچائی تاراج زدہ امراء کو ضروری امداد دی۔

TooBaa-Research-Library

جلوس کے ۴۱ ویں سال داروغگی غسل خانہ کے مرتبہ خاص سے اختصاص پایا۔ داروغگی جواہر خانہ بھی پہلے مل چکی تھی۔

اس کے بعد بھی برابر حمیدالدین کی خدمات اور اعزازات میں اضافہ ہی ہوتا رہا۔ بالآخر خطاب خان بہادر اور منصب سہ ہزار و پانصدی دو ہزار سوار تک پہنچ گیا اور نقارہ بھی عطا ہوا۔

خلاصہ یہ کہ اواخر زمان عالمگیری میں عبدالحمید خاں دربار شاہی میں رایت اناولاغیری بلند کئے ہوئے تھا اور اپنے قرب و اعتبار کے سبب کسی دوسرے کے لئے کوئی وقعت نہ چھوڑی تھی۔ اگرچہ امیر خاں بھی منزلت و قرب میں پایہ کم نہ رکھتا تھا مگر اس کے بعد تھا۔ اور عنایت اللہ خاں دوام حضور شاہی کے باوجود اس مرتبہ کو نہ پہنچا۔

حضرت عالمگیر نے احمد نگر میں جمعہ کے دن ۲۸ ذیقعدہ ایک ہزار ایک سو اٹھارہ ہجری کو فرمانروائی کو پچاس سال دو ماہ اور ۲۸ دن ہوئے تھے اور عمر کے نوے سال اور سترہ دن پورے ہوئے تھے عالم بقاء کی راہ اختیار کی۔ تجہیز و نماز کے بعد ان کی میت کو ان کی خوابگاہ میں رکھا گیا دوسرے دن محمد اعظم شاہ کو جو مالوہ کے لئے رخصت ہو چکا تھا۔ یہ خبر سن کر لشکر سے پچاس میل لوٹ آیا۔ اور مراسم عزا بجا لایا۔ دوسرے روز نعش کو کندھا دے کر دیوان عدالت سے باہر لا کر مزارت متبرکہ جو روضہ کے نام سے حیدرآباد سے سو میل اور دولت آباد سے چھ میل کے فاصلہ پر ہے لے گئے۔ عبدالحمید خاں نے جزع و فزع میں کوئی دقیقہ فروگذاشت نہ کیا۔ بال بکھیرے ہوئے پاپیادہ نعش کے ساتھ گیا اور اس مسافر ملک بقاء کی وصیت کے مطابق اسوۂ ارباب یقین شیخ زین العابدین رحمۃ اللہ علیہ کے مقبرہ کے صحن میں دفن کیا گیا۔

TooBaa-Research-Library

آیۂ کریمہ : روح و ریحان و جنّۃ نعیم (۱۱۱۸ھ) سے تاریخ وفات اورنگ زیب برآمد ہوتی ہے اور ان کا لقب خلد مکاں قرار پایا۔ اور وہ موضع خلد آباد کہلایا۔ خانِ موصوف نے لباس درویشی پہنا اور اپنے پیرومرشد اور ولی نعمت کے مرقد کی جاروب کشی اختیار کی اور وہاں اپنے رہنے کے لئے ایک حویلی کی بنیاد ڈالی کہ اب تک اسی کے نام سے مشہور ہے۔

جب محمد اعظم شاہ احمد نگر سے اورنگ آباد پہنچا تو اپنے پدر گرامی قدر کی قبر پر جاکر مراتب فاتحہ بجالایا اور حمید الدین خاں کا ہاتھ پکڑ کر اپنے ساتھ لے آیا۔ اور اس کی دلجوئیاں کر کے سابقہ اختصاص عطا فرمایا۔ اور ہندوستان کے سفر میں جو بہادر شاہ کے ساتھ جنگ کے سبب ناگزیر ہوگیا تھا ساتھ لے گیا۔

کہتے ہیں کہ راستے میں جب یہ خبر پہنچی کہ محمد عظیم مشرق کی سمت سے اکبرآباد پہنچ گیا ہے تو محمد اعظم شاہ کی زبان سے نکلا "کہ بلائے عظیم بآگرہ نازل شد"۔

عبد الحمید خاں نے عرض کیا "ببرکت اسم اعظم دفع خواہد شد"۔

جنگ کے روز کافی سخت لڑائی کے بعد شکست کے آثار نظر آنے لگے اور اس کے بعد کہ ذوالفقار خاں نے معرکہ سے اپنے آپ کو علیحدہ کرلیا تھا۔ اس نے بھی کنارہ کشی اختیار کی اور تیر کا زخم بھی اسی دوران لگ گیا تھا۔ بعد میں گوالیار سے آکر بہادر شاہ کی مرحمت سے پھر رنگ و روپ حاصل کرلیا اور عصائے مرصع بھی عطا ہوا۔ میر توزک اول کی خدمت اور گرز برداران کی داروغگی سے مفتخر ہوا۔ اور بہادر عالمگیری خطاب پایا۔ اور خلد منزل کے عہد آخیر تک انتہائی اعزاز و اکرام کے ساتھ زندگی گذاری!

فلک نیرنگ ساز نے زمانے کی لوح کو جہاں دار شاہ کی حکمرانی سے آراستہ کیا اور ذوالفقار خاں عہدۂ وزارت پر بازی لے گیا تو پرانے کینہ کے سبب جو بظاہر

TooBaa-Research-Library

جو بظاہر معلوم نہ ہوتا تھا اس نے عبد الحمید خاں کے ستانے پر کمر باندھی اور طرح طرح کی ذلت و رسوائی اور قید و بند کی مصیبت میں گرفتار رکھا۔ یہاں تک کہ ذوالفقار خاں بھی اپنے عمل کی پاداش کو پہنچا۔ اگرچہ عبد الحمید خاں قید و بند کی مصیبت سے تو چھوٹ گیا لیکن فرخ سیر کے دربار تک نہ پہنچا۔

سیف الدولہ عبد الصمد خاں نے جو پنجاب کی گورنری پر مامور کیا گیا تھا اپنے پرانے تعلقات کی وجہ سے لاہور جاتے وقت اسکو اپنے ساتھ لے لیا۔ جب وہ نہایت شان و شوکت کیساتھ لاہور میں داخل ہوا تو راقم السطور بھی تماشائیوں میں شامل تھا سواری کے بالکل آخیر میں عبد الحمید خاں کی ایک پالکی کے ساتھ گنتی کے چند آدمی ساتھ جاتے تھے اور پژمردگی اور تنگ زندگی اس کے حال سے ظاہر تھی۔ اس کے بعد تقرب شاہی پھر نصیب ہوا۔ عہد عالمگیری میں جو تقرب حاصل تھا اسی وسیلے سے پھر اعزازات حاصل ہوئے۔ گرز برداروں کی داروغگی پر مامور ہوا اور مدت تک رہا یہاں تک کہ وقت موعود پہنچ گیا۔ اس کے ایک لڑکا بھی تھا جو صاحب منصب و دستگاہ تھا مگر ہمیں حال اسکا زیادہ معلوم نہ ہوا۔

(مآثر الامراء : ص : ۶۱۱ - ۶۰۵ کلکتہ ۱۸۸۸ء)

TooBaa-Research-Library

احکامِ عالمگیری

○

باب اوّل

○

اورنگ زیب کے متعلق

TooBaa-Research-Library

TooBaa-Research-Library

① شاہزادہ اورنگزیب کی جرأت

جس زمانہ میں اعلیٰ حضرت شاہجہان لاہور میں قیام پذیر تھے ان ایام میں اکثر اوقات شالامار باغ میں ہاتھیوں کی لڑائی کا تماشا دیکھا کرتے تھے۔ ایک مرتبہ بنگال کے صوبیدار نے چالیس جنگی تربیت یافتہ ہاتھی خدمت شاہی میں بھیجے اور ان کی بہت زیادہ تعریف و توصیف بھی کی۔ اعلیٰ حضرت دریچہ سے ہاتھیوں کے کھیل ملاحظہ فرما رہے تھے اور چاروں شہزادے گھوڑوں پر سوار تھے اور ہاتھیوں کا تماشا دیکھ رہے تھے اچانک ایک ہاتھی اپنے مدمقابل کے سامنے سے بھاگا اور شہزادوں کی طرف رُخ کیا۔ تینوں شہزادے گھبرا کر ادھر ادھر بھاگنے لگے مگر محمد اورنگ زیب جن کی عمر صرف چودہ سال کی تھی نہایت اطمینان سے اپنی جگہ پر کھڑے رہے اور ذرا بھی جنبش نہ کی یہاں تک کہ ہاتھی ان کے پاس سے گذر گیا۔ دوسرا ہاتھی جو اس کے تعاقب میں تھا اپنے حریف کو چھوڑ کر خود شاہزادہ کی طرف متوجہ ہوا۔ شاہزادے کے ہاتھ میں نیزہ تھا۔ انہوں نے اس نیزہ سے ہاتھی پر حملہ کر دیا۔ ہاتھی نے اپنی سونڈ کی ضرب سے

TooBaa-Research-Library

TooBaa-Research-Library

شاہزادے کے گھوڑے کو زمین پر گرادیا۔ انہوں نے ایک چست لگا کر نیزہ پھر اُٹھا لیا اور اس کو ہاتھی کے سر پر مارنا ہی چاہتے تھے کہ اسی اثنا میں اور لوگ بھی وہاں پہنچ گئے۔ اعلیٰ حضرت انتہائی بے چینی اور پریشانی کی حالت میں دریچہ سے نیچے تشریف لائے شاہزادے آہستہ آہستہ اطمینان سے اعلیٰ حضرت کے پاس آرہے تھے۔ اعتماد خاں ناظر شہزادے کے قریب پہنچ چکا تھا۔ یہ اعتماد خاں شہزادے کے نانا آصف خاں کے خاندان سے ہونے کی وجہ سے ان کا رشتہ دار بھی تھا۔ اس لئے پریشان تھا۔

شہزادے نے نہایت اطمینان سے جواب دیا "اگر ہاتھی یہاں ہوتا تو میں جلدی بھی کرتا۔ اب پریشانی کی کیا بات ہے۔" جب وہ اعلیٰ حضرت کے پاس پہنچے تو انہوں نے ایک لاکھ روپیہ شہزادے پر نچھاور کیا اور ان سے فرمایا "بابا خدا کا شکر ہے کہ خیریت سے معاملہ گذر گیا۔ اگر خدانخواستہ کچھ اور ہوجاتا تو کیسی رسوائی کی بات ہوتی۔" شہزادے نے تسلیمات بجا کر عرض کیا "اگر کچھ اور پیش آتا تو اس میں رسوائی کی کوئی بات نہ تھی۔ رسوائی تو اس میں ہے جو دوسرے بھائیوں نے کیا۔

ع۔ پردہ پوشش بادشاہان مرگ است

"موت بادشاہوں کی پردہ پوشی کرتی ہے"

اس میں کیا رسوائی ہے۔"

---

۱ یہ واقعہ قدرے تفصیل اور اختلاف کے ساتھ بادشاہ نامہ مصنفہ عبدالحمید لاہوری میں اس طرح درج ہے۔ "شاہجہان قلعہ آگرہ کے ایک دریچہ سے ہاتھیوں کی لڑائی کا تماشا دیکھ رہے تھے (۲۸ مئی ۱۶۳۳ء) تینوں بڑے شہزادے گھوڑوں پر سوار میدان میں کھڑے ہوئے لڑائی دیکھ رہے تھے۔ دو ہاتھی سدھاکر اور صورت سندر لڑائے جانے کا حکم دیا۔ سدھاکر نے اپنے

TooBaa-Research-Library

۹ دور اندیشی

اکبر آباد میں دارا شکوہ کے واسطے ایک نیا محل تعمیر ہوا۔ انہوں نے اعلیٰ حضرت کی مع تینوں بھائیوں کے دعوت کی۔ چونکہ گرمی کا موسم تھا اس لئے دریا کے متصل ایک تہہ خانہ بنایا تھا جس میں قد آدم حلبی آئینہ دریا کی جانب لگائے تھے۔ اعلیٰ حضرت کو مع تینوں بھائیوں کے اس تہہ خانہ کو ملاحظہ کرنے کے لئے لے گئے۔ محمد اورنگزیب تہہ خانہ کے دروازے کے قریب ہی بیٹھ گئے جس سے برابر آمد و رفت جاری تھی۔ دارا شکوہ نے یہ دیکھ کر اعلیٰ حضرت کو آنکھ کے اشارہ سے اسطرف متوجہ کیا کہ آپ کی نشست ملاحظہ ہو۔ بادشاہ نے فرمایا: "بابا ہمیں معلوم ہے کہ تم عالم اور درویش صفت

حریف کو بھگا دیکر اورنگ زیب پر حملہ کیا جو وہاں گھوڑے پر موجود تھا اور جس نے اپنے نیزہ سے ہاتھی کے سر پر زخم لگا دیئے تھے۔ نوکروں نے ہاتھی کو ڈرانے کے لئے آتشبازی چرخی وغیرہ چھوڑی مگر اس پر کوئی اثر نہ ہوا اور اس نے شاہزادے کے گھوڑے کو اپنے دانتوں سے گرادیا اور اورنگ زیب بر وقت رکاب سے کود پڑا۔ شجاع نے دھویں اور بھیڑ میں بمشکل اپنا راستہ بنا کر ہاتھی پر نیزہ سے حملہ کیا۔ لیکن اس کا گھوڑا چمکا اور اس کو نیچے گرادیا۔ جے سنگھ کا گھوڑا بھی بھڑک گیا۔ اسی اثناء میں صورت سندر لڑنے کے لئے پھر لوٹ آیا اور سدھاکر شہزادوں کو چھوڑ کر بھاگ گیا۔ اورنگ زیب کی عمر اس وقت صرف چودہ سال کی تھی۔ شہنشاہ نے اس کو پانچ ہزار سکہ طلائی مع سدھاکر ہاتھی اور بہت سے دوسرے تحائف جن کی قیمت دو لاکھ روپیہ ہوتی ہے تحفتہً دیئے۔

۲ اعتماد خاں برادر یمین الدولہ آصف خاں وزیر جہانگیر [illegible] سے اعتماد خاں سمجھ لیا گیا ہے۔ وہ ابتدائے مارچ ۱۶۳۲ء میں دہلی کا صوبہ دار بنا کر بھیجا گیا تھا۔ (ن۔ ل۔ س۔)

TooBaa-Research-Library

ہو لیکن پھر بھی حفظ مراتب ضروری ہے۔

گر حفظ مراتب نہ کنی زندیقی

"کیا ضرورت ہے کہ عام لوگوں کے راستہ میں بیٹھو اور اپنے چھوٹے بھائیوں کی بھی پشت پر رہو!"

انہوں نے عرض کیا: "اس جگہ بیٹھنے کی وجہ بعد میں عرض کروں گا!"

کچھ دیر بعد جماعت سے نماز ظہر پڑھنے کے لئے اُٹھے اور پھر وہاں سے بغیر اجازت لئے ہوئے اپنے محل چلے گئے۔ بعد میں جب اس کی اطلاع اعلیٰ حضرت کو ہوئی تو حکم دیا کہ دربار میں نہ آئیں۔ چنانچہ آئندہ سات ماہ تک حاضری اور مجرا بند رہا۔ سات ماہ کے بعد اعلیٰ حضرت نے بیگم صاحب (شہزادی جہاں آرا بیگم) کو حکم دیا کہ ان کے محل جاکر اس روز ہماری بلا اجازت چلے آنے اور اس بے موقع جگہ پر بیٹھنے کی وجہ دریافت کریں۔

بیگم صاحبہ کے دریافت حال کرنے پر انہوں نے جواب دیا:

"جس روز داراشکوہ نے دعوت کی تھی اس دن خواہ انہوں نے قصداً ایسا کیا ہو کہ باپ اور بھائیوں کو ایک ایسے تہ خانہ میں جس کا محض ایک دروازہ تھا تنہا چھوڑ کر خود دعوت کے انتظام کے لئے برابر آتے جاتے رہے۔ اب اگر دروازہ بند کر دیتے تو ہم سب کا کام تمام تھا۔ یا سہواً ان سے ایسا ہوا ہو۔ بہر حال میرے دل میں برابر یہ خیال آرہا تھا کہ جب تک وہ سب اندر ہیں میں اس خدمت (محافظت) کو بجالاؤں۔ لیکن اعلیٰ حضرت کا دبدبہ اس خدمت کی بجا آوری میں مانع تھا۔ اس لئے میں استغفار پڑھتا ہوا چلا آیا۔"

یہ سن کر اعلیٰ حضرت نے فوراً ان کو طلب فرمایا اور بہت عنایات کیں۔

شہزادہ نے سعد اللہ خاں (وزیر اعظم) سے فرمایا کہ کسی صورت مجھے دربار سے

TooBaa-Research-Library

باہر بھیج دو۔ یہاں آرام و اطمینان مجھے نصیب نہیں۔ (اعلیٰ حضرت نے) انکو لاہور[1] سے دکن کی صوبہ داری پر روانہ کر دیا۔

۳ حُسنِ سلوک

داراشکوہ بعض امراء کے ساتھ معاندانہ اور بعض کے ساتھ متکبرانہ سلوک کرتے تھے حالانکہ یہ سب پانچ ہزاری مرتبہ رکھتے تھے اور اعلیٰ حضرت کے خاص مصاحبین بھی تھے۔ مثلاً علی مردان خاں، سعد اللہ خاں اور سید میران بارھہ اور حضرت عالمگیر کو ان میں سے ہر ایک کے ساتھ خاص تعلق تھا۔ چنانچہ علی مردان خاں کو ہمیشہ "مشفق نیکو کردار" لکھتے تھے۔ جنہیں حضور (شاہجہان) نے "یار وفادار" کے خطاب سے سرفراز فرمایا تھا۔ اور چونکہ سعد اللہ خاں سے جنہیں "عصائے پیری" اور "وزیر باتدبیر" کا خطاب ملا ہوا تھا درس حاصل کیا تھا اور اپنے آپ کو ان کا شاگرد خیال کرتے تھے۔ اس لئے ان کو ہمیشہ "وزیر باتدبیر" اور "سر تلامذۂ صغیر" کے القاب لکھتے تھے۔ اور سید میران بارھہ کو جنہیں حضور (شاہجہان) "سید السادات" کے خطاب سے یاد کرتے تھے "خلاصۂ اولاد حضرت سید کائنات" لکھتے تھے۔ ان تینوں میں سے ہر ایک امیر اور ان کے علاوہ بھی دوسرے امراء مثلاً افضل خاں "ملا علاء الملک" جو خانساماں کے درجہ سے وزارت کے عہدہ تک پہنچ گیا) کمال محبت سے ان کی رازداری میں حق دوستی ادا کرتے تھے۔ [اور یہ بات] اعلیٰ حضرت آشیاں (شاہجہان) کو بہت گراں گذرتی تھی۔ شاہ بلند اقبال

---

[1] یہاں پر لاہور کی جگہ ملتان ہونا چاہیئے۔ اورنگ زیب کبھی بھی لاہور پنجاب کی صوبہ داری پر مامور نہیں رہے۔ البتہ ۱۳ جولائی ۱۶۵۲ء میں ان کو ملتان سے دکن کا صوبہ دار بناکر بھیجا گیا تھا۔ (ع۔ ن۔ س)

TooBaa-Research-Library

(داراشکوہ) کی پیشانی سے آثار ادبار دیکھ کر اور شاہزادہ اورنگ زیب کی قسمت کی بلندی کے آثار دیکھ کر آپ نے داراشکوہ کو افعال قبیحہ اور اقوال نازیبا سے بچنے کی نصیحت فرمائی لیکن جب دیکھا کہ ان نصیحتوں نے داراشکوہ پر کچھ اثر نہ کیا جیسا کہ کہا ہے

گلیم بخت کسے را کہ بافتند سیاہ
بہ آب زم زم و کوثر سفید نتوان کرد

ترجمہ: "جس کسی کی قسمت کا کمبل سیاہ بن دیا گیا ہے پھر اسے زم زم اور کوثر کے پانی سے بھی سفید نہیں کیا جا سکتا"

تو پھر انہوں نے چاہا کہ محمد اورنگ زیب امراء کے ساتھ اپنے سلوک میں تبدیلی کریں تاکہ وہ ان کی رازداری سے دست بردار ہو جائیں [اورنگ زیب کو ایک خط میں خود دست مبارک سے لکھ کر بھیجا کہ "بابا سلطان اور ان کے فرزندوں کو بلند ہمت ہونا چاہیئے اور عالی فطرتی کو کام میں لانا چاہیئے۔ سنا ہے کہ تم ہر ایک ملازم سے ایسا سلوک کرتے ہو کہ جس سے تم اپنے آپ کو انتہائی پست بنا دیتے ہو۔ اگر یہ عاقبت بینی پر مبنی ہے تو (سمجھ لو کہ) تمام کام تقدیر سے وابستہ ہیں۔ اس پست فطرتی سے سوائے ذلت کے اور کچھ حاصل نہ ہوگا۔"

انہوں نے لکھ کر عرض کیا: "جو کچھ (حضور نے) اس غلام کے متعلق از راہ فضل کرم تجویز فرمایا ہے وہ (میرے لئے) وحی آسمانی کی طرح ہے۔ پیر و مرشد برحق سلامت رہیں۔ "وتعز من تشاء وتذل من تشاء" (عزت بھی اللہ کی طرف سے ہے اور ذلت بھی اللہ کی طرف سے ہے) اور عزت و ذلت دونوں قادر مطلق اور خالق ارض و بلاد کی مرضی پر ہیں۔ یہ غلام تو من اذل نفسہ اعزاللہ (جس نے اپنے نفس کو ذلیل کیا اسکو اللہ نے عزت دی) کی حدیث صحیح پر عمل کرتا ہے جس کے راوی انس بن مالکؓ ہیں اور درشتگی کو تمام عیوب سے زیادہ برا اور تمام برائیوں سے زیادہ قبیح جانتا ہے۔ جو

TooBaa-Research-Library

کچھ اعلیٰ حضرت نے تحریر فرمایا ہے اس سے انکار نہیں کرتا لیکن اسکا بھی یقین ہے کہ "وسواس الخناس الذی یوسوس فی صدور الناس من الجنۃ والناس"
"وسوسہ انداز کی برائی سے جو پیچھے ہٹ جاتا ہے جو لوگوں کے دلوں میں وسوسہ ڈالتا ہے جنات میں سے ہو یا انسانوں سے" کے مطابق عرض کرنے پر تحریر فرمایا ہے۔

زبان عرض ندارم بغیر عذر گناہ
ببخش جرم من روسیاہ و نامہ سیاہ

④ شہزادوں کے متعلق شاہجہان کا خیال

اعلیٰ حضرت فرمایا کرتے تھے کہ ہمیں بعض اوقات خیال آتا ہے کہ داراشکوہ نیک لوگوں کا دشمن واقع ہوا ہے۔ مراد بخش کو مشروب سے نوشی سے فرصت نہیں اور محمد شجاع میں سیر چشمی کے سوا کوئی اور صفت نہیں۔ مگر اورنگ زیب کے عزم و شعور کا تقاضہ ہے کہ وہ سلطنت کے اس بار گراں کو اٹھا لے گا۔ لیکن اس کی فطرت میں زبردست خامیاں بھی ہیں۔

تا دوست کرا باشد و میلش بچہ باشد
وہ دوست کس کا ہوگا اور اس کا رجحان کس طرف ہوگا۔

⑤ .... چناں کہ افتد دانی

زین آبادی کا واقعہ اسطرح ہوا کہ جب حضرت اورنگ زیب دکن کی صوبہ داری پر مقرر کئے گئے اور (اورنگ آباد) جا رہے تھے تو برہان پور پہنچے۔ وہاں کا صوبہ دار سیف خان تھا جس کی شادی ان کی خالہ یعنی صالحہ بانو دختر آصف خاں سے ہوئی تھی۔ حضرت

TooBaa-Research-Library

ان سے ملنے کے لئے گئے۔ اور انہوں نے بھی حضرت کی دعوت کی۔ چونکہ خالہ کا مکان تھا اس لئے محل کی عورتوں نے پردہ کا کچھ زیادہ اہتمام نہیں کیا۔ آپ بھی بغیر کسی اطلاع کے اندر چلے گئے۔ زین آبادی جس کا اصلی نام ہیرا بائی تھا ایک درخت کے نیچے کھڑی تھی داہنے ہاتھ سے درخت کی شاخ پکڑے ہوئے دھیمے سُروں میں گا رہی تھی۔ اسکو دیکھتے ہی آپ بے اختیار زمین پر بیٹھ گئے، وہیں زمین پر لیٹ گئے اس کے بعد غش آگیا۔ یہ خبر ان کی خالہ کو پہنچی۔ وہ ننگے پاؤں دوڑتی ہوئی آئیں اور ان کو سینہ سے لگا کر گریہ زاری کرنے لگیں۔ تین چار گھڑی بعد ان کو کچھ ہوش ہوا۔ ہر چند وہ حال پوچھتی رہیں کہ کیا بات ہے لیکن انہوں نے کچھ جواب نہ دیا اور بالکل خاموش رہے۔ دعوت اور مہمانداری کی تمام خوشی خاک میں مل گئی اور تمام محل میں ایک ماتم اور سوگواری کی کیفیت چھاگئی۔

آدھی رات کے قریب وہ گفتگو کرنے کے قابل ہو سکے اور کہا "اگر میں اپنا مرض بتاؤں تو کیا آپ علاج کر سکیں گی"؟ خالہ نے جو یہ کلمے سُنے انتہائی خوشی میں واری صدقے گئیں اور بولیں "علاج کیا چیز ہے۔ میری جان بھی تم پر نثار ہے"۔ اس پر انہوں نے تمام قصہ بیان کیا۔ یہ بات سنتے ہی خالہ کے ہوش اڑ گئے۔ زبان گویا بند ہو کر رہ گئی کہ کیا جواب دیں۔

کچھ دیر کے انتظار کے بعد اورنگ زیب نے فرمایا:

"آپ نے خواہ مخواہ میرا حال دریافت کرنے میں اتنی شفقت کا اظہار کیا۔ میری بات کا جواب تک تو دیتی نہیں۔ آپ علاج کیا کریں گی"!

خالہ نے کہا: "صدقے جاؤں! اس بدبخت سیف خاں کو تم جانتے ہی ہو کیسا سفاک ہے۔ وہ بادشاہ شاہجہاں یا تمہاری کسی کی بھی ذرا پرواہ نہیں کرتا۔ وہ اس بات کو سنتے ہی پہلے اس (زین آبادی) اور پھر مجھے قتل کردے گا۔ (اس کے متعلق) اس سے کہنے کا فائدہ اس سے زیادہ کچھ نہ ہوگا کہ میں تم پر اپنی جان فدا کر دوں۔ لیکن وہ بے گناہ بیچاری بلاقصور ماری جائے گی"۔

TooBaa-Research-Library

اورنگ زیب نے فرمایا: "سچ ہے۔ میں کوئی دوسری ترکیب نکالتا ہوں"۔ سورج نکلنے کے بعد اپنے محل چلے آئے اور مطلق کھانا نوش نہ فرمایا۔

مرشد قلی خاں کو جوان کے ساتھ تھا اور دکن کا دیوان تھا بلایا۔ وہ ان کا خاص رازدار تھا۔ اس سے تمام واقعہ بتفصیل بیان کیا۔ اس نے عرض کیا کہ پہلے میں اس (سیف خاں) کا کام تمام کئے دیتا ہوں۔ اب اگر اس کے بعد کوئی مجھے قتل بھی کر ڈالے تو مضائقہ نہیں۔ کیونکہ میرے خون کے بدلہ میں پیرو مرشد کا مقصد تو پورا ہو ہی جائیگا۔ انہوں نے فرمایا: "واقعی ہمیں تمہاری جانفشانی کا ایسا ہی یقین تھا۔ لیکن ہمارا دل نہیں مانتا کہ (اتنے سے کام کے لئے) خالہ کو بیوہ کیا جائے۔ پھر جو شرع اور عقل سے واقف ہو اس کے لئے شریعت میں کسی کے صریحاً قتل کا اقدام کرنا ممکن نہیں البتہ اللہ پر بھروسہ کرکے (سیف خاں سے) کہو"۔

مرشد قلی خاں بلا کسی عذر کے فوراً چلا گیا اور سیف خان کو کل حال کہہ سنایا۔

سیف خاں نے عرض کیا: ان سے میرا آداب کہو اور اس بات کا جواب میں اُن کی خالہ کو دے دوں گا"۔ یہ کہہ کر وہ اسی وقت زنان خانہ میں گیا اور اپنی بیوی سے کہا: "اس میں کیا مضائقہ ہے۔ مجھے اورنگ زیب کی بیگم شاہنواز خاں کی لڑکی کی تو کوئی ضرورت نہیں ہے۔ ہاں وہ اپنی حرم خاص چتر بائی کو بھیجدیں تاکہ اس کا عوض و بدلہ ہو جائے۔ اُسی وقت خالہ کو سوار کراکے بھیجا۔ ہر چند وہ انکار کرتی رہیں کہ میں نہیں جاتی لیکن اس نے کہا کہ اگر اپنی جان کی خیر چاہتی ہو تو فوراً چلی جاؤ۔ چنانچہ مجبور ہو کر وہ گئیں اور مفصل تمام باتیں کہیں۔ وہ یہ سن کر بہت زیادہ خوش ہوئے اور فرمایا:

"ایک کا کیا ہے جس پالکی میں آپ آئی ہیں اسی میں (میرے حرم میں سے) دونوں کو اسی وقت لے جائیں۔ مجھے کوئی عذر نہیں ہے"۔

خالہ نے ایک خواجہ سرا کے ہاتھ ساری بات (سیف خاں سے) کہلوا دی۔

TooBaa-Research-Library

اُس نے کہا "اب کوئی صورت باقی نہیں ہے" اور ہیرا بائی کو فوراً سوار کر کے ان کے پاس روانہ کر دیا۔[1]

---

[1] مآثر الامراء میں اس واقعہ کی تفصیلات "خان زماں" کے حالات کے تحت اس طرح بیان کی گئی ہیں: میر خلیل خاں، اعظم خاں جہانگیری کا دوسرا لڑکا اور آصف خاں کا داماد تھا اپنے باپ کی ہمراہی میں بڑے کارنامے اور معرکے سرانجام دیئے تھے۔ اپنے عظیم کارناموں کے سبب مفتخر خاں اور سپہدار خاں اور خانِ زماں کے خطاب پائے۔ شائستہ خان ناظم دکن کی التماس پر اسے کل دکن کی خدمتِ داروغگی توپ خانہ بھی تفویض کی گئی۔ (مآثر الامراء ج ۲ ص ۴۸۹) اورنگ زیب کے زمانہ میں خاندیش کا گورنر مقرر ہوا۔ ۱۰۹۵ ہجری میں وفات پائی۔ (مآثر الامراء ج ۲ ص ۴۸۹)
ہر علم سے بہرہ ور تھا، خطاطی میں شہرت رکھتا تھا، سلیقہ مند انشاء پرداز، دانشور اور معاملہ فہم تھا فنِ موسیقی میں مہارت تمام رکھتا تھا۔ کاروبارِ سلطنت میں ہمیشہ منہمک رہنے کے ساتھ شیفتۂ راگ و رنگ بھی تھا۔ پری چہرہ گانِ خوش آواز اور مغنیات عشوہ ساز محلسرا میں رہتی تھیں۔ مشہور "زین آبادی" جو اورنگ زیب خلد مکاں کی ایام شاہزادگی سے محبوبہ و مرغوبہ تھی اسی زمرہ میں شامل ہے۔ بلکہ کہتے ہیں کہ "خان زماں" کی ہم خوابہ ہے۔
ایک روز شاہزادہ اورنگ زیب زین آباد برہان پور کے باغ میں جس کو آہو خانہ کہتے تھے اپنے اہل کے ساتھ تشریف فرما تھے اور مخصوصانِ بزمِ اُلفت کے ساتھ چہل قدمی فرماتے تھے زین آبادی نغمہ سنجی میں ہوش رُبا اور شیوۂ دلبری میں یکتا تھی۔ خانِ زماں کی اہلیہ محترمہ کیساتھ جو شاہزادہ کی خالہ ہوتی تھیں آئی اور سیر کرنے کے دوران آموں سے لدے ہوئے درخت کو دیکھ کر بغیر شاہزادہ کا پاسِ ادب کئے نہایت شوخی و دلربائی سے اُچھل کر ایک آم توڑ لیا اس انداز نے کہ جو سرمایۂ انداز دلبری و دلربائی تھا شاہزادہ پر خود فراموشی طاری کر دی اور ہوش و پارسائی کا دامن ہاتھ سے چھوٹ گیا۔

باقی اگلے صفحہ پر حاشیہ ملاحظہ ہو!

TooBaa-Research-Library

(۹) حفظِ ماتقدم

جس وقت دارا شکوہ سے مقابلہ کے واسطے اورنگ آباد سے کوچ کر کے شہر سے چار میل دُور فاصلے پر خیمہ نصب کئے گئے تو حکم ہوا کہ یہاں پر دس روز قیام ہوگا۔ تاکہ لوگ اپنی ضروریات کا سامان مہیا کر لیں۔ کسی کو اس کے خلاف عرض کرنے کی جرأت نہ ہوئی۔

بقیہ حاشیہ صفحہ گذشتہ: ؎ عجب گیرندہ دلے بود در عاشق ربائیہا
نگاہے آشنائے یار بیش از آشنائیہا

اپنی خالہ مکرمہ سے نہایت اصرار اور سماجت کر کے اسکو حاصل کیا اور اس تمام زہد و ورعِ خشک اور تقشف کے باوجود اس کے دلدارہ اور شیفتہ ہو گئے اور شراب کا پیالہ خود اپنے ہاتھ سے بھر بھر کر اسکو دیتے تھے۔
کہتے ہیں کہ ایک روز اس نے بھی قدحِ شراب بھر کر شہزادہ کے ہاتھ میں دیا اور اصرار کیا ہر چند انہوں نے عجز و نیاز سے کام لیا لیکن [اس ظالم نے] ایک نہ سُنی۔ ناچار شاہزادہ نے چاہا کہ پی جائے تو اس جادو طراز عیارہ نے خود پیالہ چھین لیا اور کہا کہ غرض تو امتحانِ محبت تھی نہ یہ کہ اس آبِ پر شر و شور سے آپ کی تلخ کامی اور بدمزگی۔ اس عشق بازی نے یہاں تک سر اُٹھایا کہ اعلیٰ حضرت شاہجہان تک اطلاع پہنچی۔ دارا شکوہ کو تو ولی عناد تھا ہی۔ اس حکایت کو چغلخوری او شماتت کی بنیاد بنا کر اعلیٰ حضرت سے کہا اس مکار و ریاکار کو صلاح و تقویٰ سے کیا کام۔ خود کو اپنی خالہ کی ایک کنیز کے پیچھے برباد کر دیا۔
قضائے الٰہی کہ عین شباب میں بہارِ زندگی پر خزاں چھا گئی اور شاہزادہ کو اپنے ابدی ہجر کے داغ میں مبتلا کر دیا۔ اس کا مقبرہ اورنگ آباد میں تالاب کلاں کے متصل ہے۔ اس کی وفات کے دن شاہزادہ کا سخت سے بُرا حال تھا۔ (مآثر الامراء ج ۲ ص ۹۱، ۹۰ فارسی) باقی اگلے صفحہ پر

TooBaa-Research-Library

مگر نجابت خاں نے جو بہت ہی مخلص عقیدت مند اور باہمت تھا عرض کیا :
"کوچ کا حکم صادر فرمانے کے بعد اتنی مدت تک اس مقام پر اسطرح قیام کرنا دشمنوں کے واسطے جرأت کا باعث ہوگا"

آپ نے مسکرا کر فرمایا : "جرأت کی تفصیل بیان کرو تو پھر جواب دیں"

اس نے عرض کیا "جب ہمارے یہاں اتنے عرصہ تک ٹھہرنے کی اطلاع دشمن کو ہو جائیگی تو وہ ایک اچھی سی فوج ہمارا راستہ روکنے کے واسطے روانہ کرے گا"

اورنگ زیب نے فرمایا "اصل مصلحت تو یہی ہے۔ اگر ہم جلدی بڑھے چلیں تو تمام فوج سے مقابلہ کرنا ہوگا اور یہاں ٹھہرے رہنے کی صورت میں فوج کے صرف ایک حصہ سے مقابلہ کرنا ہوگا۔ اور ظاہر ہے کہ ایک حصہ کو شکست دینا تمام فوج کو شکست دینے سے کہیں زیادہ آسان ہے۔ اور اگر دارا شکوہ خود آنے کی جرأت کریں اور نربدا کو پار کر جائیں تو ان کی حالت ان اشعار کے مصداق ہوگی۔

آں کس کہ ز ما من و وطن دور شود
بیچارہ و مستمند و مہجور شود
در آب ہزبر صید ماہی گردد
در خاک نہنگ طعمہ مور شود

یہاں پر قیام کرنا اسی مصلحت کی بنا پر ہے محض دفع الوقتی نہیں ہے بلکہ اس

بقیہ حاشیہ صفحہ گزشتہ : جادو ناتھ سرکار کا خیال ہے کہ حمید الدین خاں کے بیان کردہ قصہ میں متعدد اغلاط ہیں۔ سیف خاں نے ممتاز محل کی بڑی بہن سے شادی کی تھی جس کا نام ملکہ بانو تھا صالحہ بانو نہیں تھا۔ وہ شاہجہاں کی تخت نشینی ۱۶۲۸ء کے وقت خاندیش کے گورنری سے برطرف کر دیا گیا تھا اور پھر کبھی مامور نہیں ہوا۔ ملکہ بانو کا انتقال ۲۵ اگست ۱۶۴۱ء کو ہوا۔

TooBaa-Research-Library

(ٹھہرنے) میں جو بات ابھی بیان کی اس کے علاوہ ایک دوسری مصلحت بھی ہے۔ اور وہ یہ ہے کہ ہمارے ساتھ جو امراء اور غرباء ہیں ان (سب) کی کیفیت اچھی طرح معلوم کی جائے۔ جو شخص باوجود خوشحال ہونے کے ہمراہ جانے میں ہچکچاتا ہے اسکو یہیں سے (ساتھ) نہ لیجانا بہتر ہے۔ کیونکہ آئندہ (چلکر) یہ بات زیادہ پریشانی کا باعث ہوگی۔ پھر (اس کے علاوہ) جلدی کوچ کرنے کی صورت میں بعض امراء (جن کی نیتیں مشکوک ہیں) اور جن سے نفاق و فساد کا اندیشہ ہے وہ (عمداً) تغافل و تساہل سے کام لیں گے۔ اور چونکہ ہمارا فاصلہ ان سے زیادہ ہو جائے گا (اس تغیر کا) تدارک بھی مشکل ہو جائے گا۔ (اور صرف یہ صورت باقی رہ جائے گی کہ) یا تو ان کو پھر اسی حالت میں چھوڑ دیا جائے اور یا پھر دوبارہ لوٹ کر ان سے باز پرس کی جائے"

جب نجابت خاں نے یہ بات سُنی تو قدموں میں گر پڑا، قدم بوسی کی اور عرض کیا "اللہ اعلم حیث یجعل رسالتہ" (اللہ بہتر جانتا ہے کہ اپنے پیغام کو کہاں بھیجے)

اور اس کرامت آمیز گفتگو کی صداقت (فوراً) یوں معلوم ہو گئی کہ شاہنواز خاں جو دکن کے افسران میں سے تھا پہلے کوچ میں ساتھ نہ آیا اور دوسرے کوچ پر عرض کیا "چونکہ میں اعلیٰ حضرت (شاہجہان) کا نوکر ہوں اس لئے مجبوراً (میرے واسطے اور کوئی چارہ کار نہیں سوائے اس کے کہ) فقراء کی طرح (بے تعلق ہو کر یہاں ٹھہر رہوں) مجھے دارا شکوہ سے کوئی (خاص) تعلق نہیں ہے۔ میری ایک لڑکی حضور کے نکاح میں ہے اور دوسری مُراد بخش کے نکاح میں ہے۔ دارا شکوہ سے مجھے کوئی (ایسا خاص) تعلق نہیں ہے جس کی پاسداری (مجھے) منظور ہو۔ اور حضرت خوب واقف ہیں کہ میں نے کسی قیام یا جنگ میں کوئی کمی یا کوتاہی نہیں کی ہے جس کی وجہ سے مجھ پر بد دلی یا بزدلی کا شک کیا جا سکے"

(اورنگ زیب نے) فرمایا "واقعتاً حق نمک ادا کرنا شرفاء کے لئے کوئی عجیب

TooBaa-Research-Library

بات نہیں ہے۔ لیکن یہاں پر ہمارا (آج کل) قیام ہے۔ چند روز تک ہم تم سے ملاقات رکھیں گے اور اس کے بعد کوچ کے وقت تمہیں اجازت دے دیں گے۔ اور فقراء کی طرح شہر سے رہنا کیا ضروری ہے؟"

(اس نے) عرض کیا "یہ صورت بھی بندگی کے خلاف ہے (چونکہ میں شاہجہان کا نوکر ہوں اس لئے)، غلام کی عزت افزائی کرنا بھی اعلیٰ حضرت ہی کا کام ہے۔"

اس کے بعد مشہور کیا گیا کہ (اورنگ زیب کو) اسہال کا مرض ہو گیا ہے جو امراء عیادت کے واسطے آتے تھے ان کے لئے حکم تھا کہ ایک ایک کر کے آئیں اور نوکروں کو باہر ہی چھوڑ کر (تنہا) آئیں۔ چنانچہ دوسرے روز جب مرزا شاہنواز خاں آیا تو شیخ میر نے فوراً اس کو گرفتار کر کے اس کے ہاتھ اور گردن باندھی۔ ہتکڑیاں اور زنجیریں پہنا کر ہاتھی پر ایک ہودے میں بٹھا دیا اور اُسی وقت کوچ کا حکم دے دیا۔ بُرہان پور پہنچ کر اس کو قید کر دیا گیا۔ دارا شکوہ پر فتح پانے کے بعد زیب النساء بیگم کی سفارش پر جنہوں نے تین روز سے بھوک ہڑتال کر رکھی تھی کہ جب تک میرے نانا کو رہا نہ کر دیا جائے گا میں کھانا نہ کھاؤں گی۔ انتہائی غصہ اور غضب کے ساتھ (اورنگ زیب) نے (اس کی) رہائی کا حکم دیا اور چونکہ مراد بخش کے احمد آباد سے چلے آنے کے بعد وہ صوبہ بالکل خالی تھا (اس کو) وہاں کا صوبہ دار مقرر کر دیا۔ لیکن (اورنگ زیب) فرماتے تھے کہ "مجھے اطمینان نہیں ہے۔ میں نے مجبوراً (رہائی) کا حکم دیا ہے۔ (خیر) آئندہ دیکھا جائے گا۔ چونکہ (وہ) سید ہے اس لئے قتل کا حکم بھی نہیں دیا جا سکتا۔ لیکن مثل مشہور ہے کہ "سر بریدہ سخن نہ گوید" (مرا ہوا انسان بات نہیں کہتا ہے) چنانچہ جو کچھ (اورنگ زیب نے) فرمایا تھا وہ ظاہر ہو کر رہا۔ دارا شکوہ کے بھاگ جانے کے بعد اجمیر کی لڑائی میں وہ اس سے مل گیا اور عین لڑائی میں مارا گیا۔[1]

حاشیہ اگلے صفحہ پر ملاحظہ ہو:

TooBaa-Research-Library

۷ جرأت و دلیری

جس روز شجاع سے جنگ ہونیوالی تھی اس سے پہلی رات کو جب تین گھڑی رات گزر چکی تو (اورنگ زیب کے پاس) اطلاع پہنچی کہ جسونت سنگھ جس کے سپرد ہراول کی حفاظت تھی مع اپنی چودہ ہزار پیادہ و سوار فوج کے شجاع سے مل گیا اور چلتے چلتے شاہی فوج کے جانوروں اور آدمیوں پر بھی سخت دست درازی کرتا گیا۔ چنانچہ تمام لشکر کا انتظام درہم برہم ہو گیا اور اکثر آدمی انتہائی پریشان ہو کر اس بدبخت (جسونت رائے) کی فوج میں مل کر ساتھ چلے گئے۔ حضرت اسوقت نماز تہجد اور اوراد و وظائف میں مشغول تھے۔ یہ سُن کر ہاتھ سے اشارہ کیا کہ "اگر جاتا ہے تو جانے دو" اور کوئی دوسری بات ارشاد نہ فرمائی۔ اوراد و وظائف سے فارغ ہو کر میر جملہ کو بلا کر فرمایا "کہ اس صورت میں یہ بھی خدا کی مہربانی ہی تھی۔ اگر یہ منافق جنگ کے دوران میں ایسا کرتا تو تدارک بڑا مشکل ہو جاتا۔" اس کے بعد سواری کے تیار کرنے اور نقارہ کے بجانے کا حکم دیا اور خود (بنفس نفیس) سوار ہو کر باقی رات ہاتھی کی سواری میں بسر کی۔ پَو پھٹنے پر معلوم ہوا کہ

حاشیہ صفحہ گذشتہ: [1] ۵ رفروری ۱۶۵۸ء کو اورنگ زیب تخت و تاج کی جنگ کیلئے اورنگ آباد سے چلا۔ شہر سے چار میل شمال مشرق کی جانب بمقام ہرسول ایک دن قیام کیا۔ لیکن برہان پور میں ایک مہینہ ۱۸ رفروری تا ۲۰ رمارچ قیام کیا۔ شاہنواز خاں صفوی نے اورنگ زیب کے ساتھ کوچ نہیں کیا۔ بلکہ مختلف بہانوں سے برہان پور ہی مقیم رہا۔ اسلئے اورنگ زیب نے ۲۵ رمارچ کو منڈاوہ پہنچنے پر محمد سلطان کو شیخ میر کو واپس برہان پور بھیجا تاکہ شاہنواز خاں کو گرفتار کر کے برہان پور کے قلعہ میں قید کر دیا جائے۔ شاہنواز خاں سید النسب تھا اور اورنگ زیب کا خسر تھا۔ ستمبر کے آخر میں اورنگ زیب نے ملتان سے اسکی رہائی کا حکم دیا اور گجرات کا صوبہ دار مقرر کیا۔ اجمیر کی لڑائی میں ۱۴ رمارچ ۱۶۵۹ء کو مارا گیا۔ (ق۔ ل۔ س)

TooBaa-Research-Library

شجاع کی فوج بائیں جانب سے توپ خانہ[1] سے فائر کرتی ہوئی چلی آرہی ہے۔ جن لوگوں کی قضا آگئی تھی وہ مارے گئے۔ اپنے فیل بان کو حکم دیا کہ "ہمارا ہاتھی کسی نہ کسی طرح شجاع کے ہاتھی کے پاس پہنچا دو"۔ اسوقت مرشد قلی خاں نے جو ساتھ ہی تھا عرض کیا،

"اس طرح کی جرأت بادشاہوں کے قاعدہ کے خلاف ہے"۔

(آپ نے) فرمایا "ہم ابھی تو بادشاہ نہیں بنے ہیں، لوگ اسی طرح کی جرأت کے بعد بادشاہ بن جاتے ہیں۔ اور بادشاہ بن جانے کے بعد اگر جرأت میں فرق پیدا ہو جائے تو سلطنت باقی نہیں رہتی۔

عروس ملک کسے در بغل بگیرد تنگ
کہ بوسہ برلب شمشیر آبدار زند

۸ بارہ وصیتیں

الحمد للہ الصلوٰۃ علی عبادہ الذین اصطفیٰ و رضا۔

(میری) چند وصیتیں ہیں؛

پہلی یہ کہ اس عاصی غرق معاصی کو پاک و مقدس تربتِ حسین علیہ السلام کی چادر میں لپیٹا اور کفنایا جائے۔ کیونکہ گناہوں کے سمندر میں غرق شدہ لوگوں کے لئے سوائے اس درگاہ سے التجا کے رحمت اور مغفرت نہیں ہے اور اس سعادتِ عظمیٰ کا سامان (یعنی چادر تربتِ مقدسہ و مطہرہ) فرزندِ ارجمند بادشاہ زادہ عالی جاہ کے پاس ہے۔ اس سے

---

[1] انڈیا آفس لائبریری کے نسخہ (نمبر ۳۳۸۸) میں یہ عبارت اسطرح درج ہے۔
"یہ معلوم ہوا کہ اورنگ زیب کی فوج دارا شکوہ کی فوج سے چوتھائی بھی نہ تھی۔ تھوڑی دیر تک تیغا تیغی سے لڑائی ہوئی۔ وہ (شجاع یا اورنگ زیب) بائیں جانب سے مع اپنے ہراول کے آگیا"۔

TooBaa-Research-Library

لے لیا جائے۔

دوسری یہ کہ ٹوپیاں سینے کی (جو) مزدوری (میں نے جمع کی ہے) چار روپے دو آنے وہ آیہ بیگم، محل دار کے پاس ہیں (اس سے) لے لیں اور اس بے چارہ (اورنگ زیب) کے کفن پر خرچ کریں اور قرآن (شریف) کی کتابت (سے جمع کئے ہوئے) تین سو پانچ روپے میرے صرفِ خاص میں ہیں وفات کے دن فقراء کو دیدیئے جائیں۔ وجہ یہ ہے کہ فرقۂ شیعہ کے نزدیک کتابتِ قرآن کی اُجرت میں ناجائز ہونے کا شبہ ہے (اس رقم کو) کفن دفن کی ضروریات میں صرف نہ کریں۔

تیسری یہ کہ باقی جو ضرورت (اخراجات کی) ہو وہ بادشاہ زادہ عالی جاہ کے وکیل سے لے لیں۔ کہ اولاد میں وہی قریبی وارث ہیں۔ اور حلت و حرمت ان ہی کے ذمہ ہے اس بے چارہ سے باز پرس نہیں کہ مردہ بدستِ زندہ۔

چوتھی یہ کہ وادیِ گمراہی کے اس سرگشتہ کو برہنہ سر دفن کریں۔ کہ جس تباہ روزگار گنہگار کو بادشاہ عظیم الشان (خدائے تعالیٰ) کے سامنے لے جائیں گے تو البتہ وہ رحم کا مستحق ہوگا۔

پانچویں یہ کہ تابوت کے صندوق کے اوپر معمولی گزی کا سفید کپڑا جسے گزی کہتے ہیں ڈالیں اور شامیانہ (کی) مغنیوں (کی)، یا مولود کی بدعت سے احتراز کریں۔

چھٹی یہ کہ والیِ ملک پر واجب ہے کہ ان بے کس خانہ زادوں کی مدارات کرے جو اس بے شرم گنہگار (اورنگ زیب) کے ساتھ دشت و صحرا میں مارے مارے پھرتے رہے ہیں۔ اور اگر ان سے واضح طور پر بھی کوئی قصور سرزد ہو تو حسنِ عفو اور درگذر سے کام لے۔

ساتویں یہ کہ ایرانیوں سے بہتر دفتری کام (متصدی گری) کے لئے کوئی اور نہیں ہے اور جنگ میں بھی حضرت جنت آشیانی (شاہجہان) کے عہد سے لیکر اب تک اس فرقہ

TooBaa-Research-Library

میں سے کسی ایک نے معرکہ سے روگردانی نہیں کی، نہ ان کے پائے استقامت کو لغزش ہوئی۔ اس کے علاوہ انہوں نے کبھی خود سری اور نمک حرامی نہیں کی لیکن چونکہ عزت کے بہت زیادہ طالب ہیں اس لئے ان کے ساتھ نبھانا بہت مشکل ہے لیکن بہرحال نبھانا چاہیئے اور ناممکن کو ممکن کرنا چاہیئے!

آٹھویں یہ کہ تورانی فرقہ کے لوگ سپاہی متقر رہیں۔ وہ تاخت و تاراج کرنے، شبخون مارنے اور قید و گرفتار کرنے میں بہت اچھے ہیں اور عین جنگ کی حالت میں پسپائی سے کہ جس کا ترجمہ "تیر کو روک لینا ہے" انہیں کوئی وسواس و ہراس یا خجالت و شرمندگی نہیں ہوتی۔ اور ہندوستان کے جہل مرکب سے کہ سر جائے مگر قدم نہ ہٹیں۔ بصد مرحلہ دور ہیں۔ بہرحال اس جماعت پر رعایت کرنی چاہیئے۔ کیونکہ اکثر جگہ جہاں یہ لوگ کام آتے ہیں دوسرے کام نہیں آتے۔

نویں یہ کہ لازم السعادات، سادات بارہ کے ساتھ احترام و رعایت میں کوئی فروگذاشت نہیں کرنی چاہیئے اور "قریب والوں کو انکا حق دو" کی آیتہ شریفہ کے بموجب عمل کرنا چاہیئے۔ کیونکہ آیتہ کریمہ "کہدیجئے کہ میں تم سے اسپر کوئی اجر طلب نہیں کرتا بجز اس کے کہ میرے عزیزوں سے محبت کرو" کے بموجب یہ جماعت اجر نبوت ہے۔ اس میں ہرگز کوتاہی نہ کرنی چاہیئے کہ دنیا و آخرت میں خیر و فلاح کا باعث ہے۔ لیکن سادات بارہ کے ساتھ احتیاط کرنی چاہیئے۔ محبت باطنی میں ذرا کوئی کمی نہیں کرنی چاہیئے لیکن بحسب ظاہر ان کے مرتبہ کو بڑھانا نہیں چاہیئے۔ کیونکہ ملک کا شریک غالب، ملک کا طالب بن جاتا ہے۔ اگر باگ ڈور ذرا بھی ڈھیل پڑی تو ندامت ہوگی۔

دسویں یہ کہ جہاں تک مقدور ہو وال ملک اپنے آپ کو نقل و حرکت سے معاف نہ رکھے اور ایک جگہ بیٹھے رہنے سے احتراز کرے کہ جو بظاہر تو آرام کی صورت ہے لیکن حقیقت میں ہزار مصیبت و آلام پیدا کرتی ہے۔

TooBaa-Research-Library

گیارھویں یہ کہ لڑکوں (اولاد) پر ہرگز اعتماد نہ کریں اور اپنی زندگی میں (قریبی) مصاحبت نہ دیں۔ کیونکہ اگر اعلیٰ حضرت (شاہجہاں) داراشکوہ کے ساتھ ایسا سلوک نہ کرتے تو یہ نوبت یہاں تک نہ پہنچتی۔ اور اسکو ہمیشہ مدنظر رکھیں کہ "بادشاہ کا قول ہمیشہ بانجھ ہوتا ہے"۔

بارھویں یہ کہ سلطنت کا عمدہ رکن ملک کی خبریں اور اطلاعات ہیں اور لحظہ بھر کی غفلت سالہا سال کی ندامت کا باعث بن جاتی ہے۔ مشہور شیوا (جی) کا فرار (ہماری) غفلت سے ہوا۔ اور (نتیجتہً) آخر عمر تک سرگردانی و پریشانی باقی رہی۔ بارہ (کا عدد) مبارک ہے اور وصیت کا اختتام بھی بارہ پر کیا جاتا ہے۔

اگر دریافتی دانشت بوس
وگر غافل شدی افسوس افسوس

⑨ بہادر شاہ کی نظر بندی

جب محمد معظم بہادر شاہ کو قید کرنے کے واسطے طلب کیا تو وہ تسبیح خانہ میں آکر حاضر ہوئے (اورنگ زیب نے) بختاور خاں داروغہ خوشبو کو حکم دیا کہ "جو عطر بابا (بہادر شاہ) پسند کریں وہ پیش کیا جائے۔

بہادر شاہ نے عرض کیا: "غلام کی کیا مجال ہے کہ خود کچھ پسند کرے جو کچھ بھی (حضور) از راہ کرم عنایت فرمائیں گے بہتر ہی ہوگا"۔

(اورنگ زیب نے) فرمایا: "یہ حکم بھی از راہ کرم ہی دیا گیا ہے"۔

بہادر شاہ نے بختاور خاں سے کہا "عطر فتنہ (و فساد) کے علاوہ جو عطر بھی ہو اچھا ہے"۔

(اورنگ زیب نے) فرمایا "ہاں — ہم نے بھی اسی احتیاط کی بناء پر تمہیں یہاں تکلیف

TooBaa-Research-Library

دی ہے۔"

جب عطر پیش کیا گیا تو حکم دیا کہ ہتھیار جسم سے اُتار کر ہمارے پاس آؤ تاکہ ہم خود اپنے ہاتھوں سے عطر ملیں۔ عطر لگانے کے بعد (بہادر شاہ نے) سلام کیا (اسکے بعد) خود (اورنگ زیب) اٹھ کھڑے ہوئے اور محرم خاں کو حکم دیا کہ حمید الدین خاں کی مدد سے (بہادر شاہ) کے چاروں لڑکوں کے (بھی) ہتھیار اُتار لئے جائیں۔ اور ان پانچوں کو (وہیں پر) بٹھائیں۔ چنانچہ جب (ہتھیار اتارنے کی نیت سے) محمد معز الدین کی طرف بڑھے تو اس نے تلوار کے قبضہ پر ہاتھ رکھا (یہ دیکھ کر) بہادر شاہ کو انتہائی غصہ آیا اور کہا "بد بخت اپنے قبلہ و کعبہ کی حکم عدولی کرتا ہے" چنانچہ (پھر) اپنے ہاتھ سے اس کے ہتھیار اتار کر محرم خاں کے حوالہ کر دیئے۔ دوسرے لڑکوں نے بھی اپنے آپ (ہی) ہتھیار اتار دیئے۔ جب (اس بات کی) اطلاع حضرت (اورنگ زیب) کو پہنچی تو فرمایا کہ "تسبیح خانہ (ان کے لئے) چاہ یوسف بن گیا ہے تو اب وہ یوسف کا (مرتبہ و) جاہ (بھی) حاصل کر لیں گے۔

(۱۰) بہادر شاہ کو نصائح

جس روز بہادر شاہ کو رہا کیا گیا اس دن (اسکو) اپنے پاس بلا کر فرمایا "چونکہ مجھ جیسا باپ تم پر خوش ہے اس لئے سلطنت تمہی کو نصیب ہوگی۔ مجھے اعلیٰ حضرت (شاہجہان) کی رضامندی درکار نہ تھی کیونکہ وہ داراشکوہ کو چاہتے تھے اور داراشکوہ بوقت اہل ہنود اور جوگیوں کی صحبت میں رہنے سے بے ایمان ہو گیا تھا۔ (ہماری) فتح و نصرت کا سبب صرف سید المرسلین علیہ الصلوٰۃ والسلام کے دین کی امداد تھا۔ تمہیں کچھ نصیحتیں کی جاتی ہیں ان کو یاد رکھنا۔ اگرچہ (ہمیں) یقین ہے کہ ان پر عمل کرنا تمہاری طبیعت سے بعید ہے لیکن شفقت پدری کی وجہ سے اور تمہاری محنت و اطاعت پر (خوش ہو کر ہم

TooBaa-Research-Library

تمہیں) نصیحتیں کہتے ہیں۔

پہلی یہ کہ بادشاہ کو لطف و قہر کے معاملہ میں جادۂ اعتدال پر رہنا چاہیئے۔ ان (لطف و قہر) میں سے جو بھی زیادہ ہو جائے گا (وہی) سلطنت کی تباہی کا سبب ہوگا۔ کیونکہ زیادہ لطف (و مہربانی) سے لوگوں کی جرأتیں بڑھ جاتی ہیں۔ اور (اسیطرح) زیادہ قہر سے بھی لوگوں کے دلوں میں نفرت بڑھ جاتی ہے۔ چنانچہ اس عاجز (اورنگ زیب) کے عم (محترم) سلطان الغ بیگ باوجود اپنے فضل و کمال کے خونریزی میں ذرا نہ جھجکتے تھے۔ اور ذرا ذرا سے جرم پر (بے دریغ) قتل کا حکم دیدیتے تھے۔ ان کے لڑکے عبداللطیف نے ان کو قید کر کے نہاوند کے قلعہ بھیجدیا۔ راستہ میں انہوں نے ایک شخص سے پوچھا "ہماری حکومت کے زوال کا سبب تمہارے نزدیک کیا ہے؟" (اس نے) جواب دیا "آپ کی خونریزی کہ اس کی وجہ سے لوگوں (کے دلوں) میں (آپ کی طرف سے) نفرت پیدا ہو گئی۔

(اور وہ یہی نہ کرنا چاہیئے، جو ہمارے جدِ امجد ہمایوں بادشاہ نے کیا۔ تساہل عفو بیجا اور تغافل کہ باوجود اس کے کہ بنگال میں شیر خاں کی دست درازیوں کی اطلاع برابر ان تک پہنچتی رہی۔ لیکن وہ تغافل برتتے رہے اور (شیر خاں کے) باپ حسن صور کو سرزنش کرتے رہے کہ تم اپنے بیٹے کی حرکتیں دیکھتے ہو اور اس کو تنبیہ نہیں کرتے۔ وہ جواب دیتا کہ اب اس کا کام لکھنے کی حد سے گذر گیا ہے۔ میں نہیں سمجھتا کہ حضرت کی غفلت کیا رنگ لائے گی۔

دوسرے یہ کہ بادشاہ کو ہرگز فراغت شعاری اور آرام طلبی نہیں کرنا چاہیئے کیونکہ یہ عادت ملک و سلطنت کی تباہی و بربادی کی سب سے بڑی وجہ (ہوتی) ہے۔ اور جہاں تک ہو سکے ہمیشہ حرکت کرتے رہنا چاہیئے۔

ے بادشاہ و آبرا در یک مکاں بود دل بداست   آب چو گندد زبود دل شہ رود کارش زدست

TooBaa-Research-Library

اور ؎ درسفر باشد شہان را حرمت وعیش ووقار

لشکر آرام وتنعم من کند بے اعتبار

تیسرے یہ کہ نوکروں کے تقرر میں غور وفکر سے کام لینا چاہیئے اور جس شخص کو جس کام کے لائق دیکھو اسی پر (اسے) مقرر کر دو۔ (کیونکہ) لوہاے بڑھی کا کام لینا عقل مندی کے خلاف ہے۔ بڑے کام پر چھوٹے آدمی (بھی) مقرر نہ کرنا چاہیئے۔ کیونکہ بڑے آدمیوں کے لئے ادنیٰ کام کرنا باعث ننگ ہے۔ اور چھوٹے آدمی کو (کسی) بڑے کام کرنے کا سلیقہ نہیں آتا۔ (اور اسطرح پر) تمام نظام حکومت میں خرابی پیدا ہو جاتی ہے۔

(۱۱) احکام

جس محمد معظم بادشاہ کو قید سے آزاد کیا بڑے فضل اور عنایت فرماکر رخصت کے روز ارشاد فرمایا کہ اگرچہ ضرورت کی بناء پر اور کوئی چارۂ کار نہ ہونے کی بناء پر تمہارے تمام تباہ کن افعال کی سزا کے طور پر چند سال تمہیں قید میں رکھا لیکن سلطنت کی قومی علامت بھی یہی ہے کہ سلطنت وجاہ حضرت یوسف بھی مشروط بہ حبس تھی۔ انشاءاللہ تعالیٰ تمہارے واسطے بھی ایسا ہی ہوگا۔ اسی امید پر خود اپنی زندگی میں ہندوستانِ بہشت نشان کو تمہارے حوالے کر دیا ہے۔ ہمارے زائچہ کے احکام جو فاضل خاں علاءالملک نے ہمارے روز ولادت کے بعد وفات تک کے لکھ دیئے ہیں، تجربہ مطابق تمام کے تمام اسی طرح ظہور میں آئے ہیں۔ اس میں لکھا ہوا ہے کہ اس سلطنت

؎ تیمور کا بیٹا مرزا الغ بیگ جو فلکیات کا عالم و ماہر تھا۔ ۱۴۴۹ء تک سمرقند کا بادشاہ تھا۔ اس کے بیٹے عبداللطیف نے اسکو تخت سے اتار کر قتل کر دیا۔

TooBaa-Research-Library

(یعنی حکومت عالمگیری) کے بعد جو سماک رامح اور سماک اعزل کو جُداگر نیوالی اور درجۂ طالع کے اصلی مقام میں واقع ہے ایک ایسا بادشاہ عمل میں آئے گا کہ جو بے خبر، تنگ نفس معدوم النظر رہیگا۔ اور اس کی تمام باتیں ناتمام اور تمام تدابیر خام ہوں گی بعض اشخاص کے لئے اسقدر شاداب (وفیاض) کہ غرق کر دینے کے قریب اور دوسروں کے لئے اسقدر خشک کہ زوال کا خوف ہو۔ یہ تمام صفاتِ حمیدہ اور حالاتِ پسندیدہ تمہاری ذات میں موجود ہیں۔ اگرچہ ایک لائق وزیر جس کا ہمیں تجربہ ہے اور ہم نے مہیا کر دیا ہے اسے تمہارے بعد بھیجیں گے۔ لیکن اس کا کیا فائدہ ہے۔ سلطنت کے چاروں رُکن یعنی چاروں اولادیں ہرگز اس بیچارہ کو اس کے حال پر نہ چھوڑیں گی کہ وہ کوئی کام کر سکے۔ ان حالات کے باوجود بھی وہ ہاتھ پاؤں مارے گا کہ کاروبار و انتظام کو رونق ہو۔ لیکن وہی علمِ طب والا قاعدہ ہے کہ جب تک مادہ (فاسد) اعلیٰ بدن سے خارج نہ ہو اسافلِ بدن میں خواہ کتنی ہی قوت ہو بالآخر کام ضعف وکمزوری بلکہ فساد وزوال کو پہنچ جاتا ہے۔

یہاں بھی یہی صورت ہے۔ اگرچہ ہماری صحرا گردی اور بیاباں پیمائی سے ہمارے آرام طلب اور مادر پدر بیزار خانہ زاد (ملازمین وحکام) ہماری حیاتِ مستعار کے ختم

لے مُلّا علاءالملک تونی مخاطب بہ فاضل خاں فنون حکمت طبیعی و ریاضی میں یکتائے روزگار تھا۔ علم ہیئت اور نجوم میں دوسروں سے بدرجہا ممتاز تھا۔ جلوس شاہجہانی کے سال ہفتم میں ایران سے ہندوستان آیا اور نواب آصف جاہی سے توسط پیدا کیا اور اس کا مصاحب ہو گیا نواب آصف جاہی کے ارتحال کے بعد جلوس شاہجہانی کے پندرھویں سال شاہی ملازمت میں داخل ہوا اور پانچ صدی پنجاہ سوار کا منصب پایا۔ لاہور کی نہر جو کئی لاکھ روپے کے صرف کے باوجود حسب دلخواہ نہ بن سکی تھی اور اس کا پانی شہر تک نہ پہنچ سکا تھا (باقی اگلے صفحہ پر)

TooBaa-Research-Library

ہونے کی آرزو رکھتے ہیں لیکن ہمارے بعد ہمارے اس ناقدردان فرزند کی بے تمیزی اور ناشناسی کے سبب جس بات کی آرزو ہمارے واسطے اب کرتے ہیں خود اپنے واسطے خدا سے اسی بات کی آرزو کریں گے۔

بہرحال محبت پدری کے باعث کہا جاتا ہے کہ اسقدر تلخ مت بن کہ منہ سے تھوک دیں اور نہ اسقدر شیریں کہ نگل ہی جائیں۔ لیکن یہ نصیحت بھی بے جا ہی تھی کیونکہ تلخی تو اس فرزند میں ہٹی نہیں اس کے برادر عزیز کے حصے میں آئی ہے۔ اور اس زیادہ تمیز دار فرزند کے حصہ میں تو بے نمکی ہے۔ اللہ تعالیٰ دونوں بھائیوں کو کمال اعتدال پر رکھے۔ آمین یارب العالمین۔

(بقیہ حاشیہ صفحہ گذشتہ) فاضل خاں نے اپنے اہتمام سے اعلیٰ درجہ کی مکمل کرادی اور صاف و شفاف پانی دارالسلطنت لاہور تک پہنچنے لگا۔ وہ ریاضی کے تمام فنون کی طرح حضریات نہر کا بھی ماہر تھا۔ وہ دیوانی تن۔ داروغگی عرض اور پھر خانِ ساماں کے عہدہ پر فائز ہوا اور برابر ترقی کرتا رہا۔ بلخ و بدخشاں کی تسخیر سے پہلے فاضل خاں نے علم نجوم کے ذریعے ان ملکوں کی فتح استخراج کر کے شاہجہان سے عرض کر دی تھی۔ ان ممالک کی فتح کے بعد اس کے اصل منصب میں اضافہ ہوا جلوس شاہجہانی کے ۲۲ ویں سال اسے فاضل خاں کا خطاب اور سہ ہزاری منصب عطا ہوا۔ خان مذکور باوصف جامعیتِ علوم معقول و منقول، سنجیدہ روش، معاملہ فہم اور صاحب الرائے بھی تھا اور وزارت کے جلیل القدر منصب کا استحقاق رکھتا تھا۔ چنانچہ ۱۱ ذیقعدہ ۱۰۷۳ھ کو یہ منصب وزارت بھی اسے حاصل ہوا۔ کہتے ہیں کہ وزارت حاصل ہونے سے چند روز پہلے اس نے کہہ دیا تھا کہ میں وزارت کو پہنچتا ہوں مگر عمر وفا نہیں کرتی۔ چنانچہ اسی ماہ کی ۲۷ وں کو کہ وزارت کا پندرھواں دن تھا داعیِ اجل کو لبیک کہا۔ کہا جاتا ہے کہ علم نجوم سے جو احکام اس نے شاہجہان اور (باقی اگلے صفحہ پر)

TooBaa-Research-Library

⑫ ضابطہ شاہی

کابل کے واقعہ نگار نے لکھا "شاہزادہ محمد معظم نے عدالت کے وقت حکم دیا کہ چار طبل بجائے جائیں۔" (اورنگ زیب) نے اپنے ہاتھ سے تحریر کیا کہ "جملۃ الملک مدار المہام حسب الحکم تحریر کریں کہ چار طبلوں کی جگہ چار ڈھول بجائے جائیں۔ عدالت میں نقارہ بجوانا بادشاہوں کا قاعدہ۔ اگر خدا (تمہیں) دے گا تو (اس وقت) ہو جائے گا۔ (ابھی سے) بے قراری کی کیا بات ہے؟"

⑬ اولاد کی نگرانی

صوبہ کابل کے خبرکار کی تحریر سے معلوم ہوا کہ شہزادہ محمد معظم بہادر نے جامع مسجد میں قنات لگوا کر نماز کی سنتیں ادا کیں۔

اس اطلاع نامہ پر (خود اپنے دست مبارک سے) تحریر فرمایا حقیقتاً خوف بزدلی سے جو اس فطرت میں داخل ہے۔ یہ بات کچھ بعید نہیں ہے۔ لیکن اس بزدلی کے ساتھ تھوڑا سا ہمارا خوف بھی ہونا چاہیے۔ اس کام کی جرأت کہ جو صرف سلطنت کے ساتھ مخصوص ہے کس طرح ہو سکی۔ اعلیٰحضرت غفران مرتبت (شاہجہان) نے اپنی اولاد کے ساتھ اس درجہ سے بے پروائی سے کام لیا

(بقیہ حاشیہ صفحہ گذشتہ) اورنگ زیب کے متعلق لگائے تھے حرف بحرف صحیح ثابت ہوئے چنانچہ خواص پور میں (احکام ۴۷) اورنگ زیب کے زانوں کو جو چوٹ لگی تھی اس کا ذکر بھی اس نے زائچہ اور احکام میں لکھ دیا تھا۔ (مآثر الامراء جلد ۳ ص ۵۲۴)

فائدہ ایک دوسرے نسخہ میں وزارت کی تاریخ یازدہم بتائی گئی ہے اور یازدہم کی نسبت یہی صحیح معلوم ہوتی ہے (قادری)

TooBaa-Research-Library

کہ حالات اس قدر بگڑ گئے۔

حاشیہ پر اپنے دست مبارک سے تحریر کیا" ناظر کو (اس سزا میں کہ اس نے) اس بات کے متعلق کچھ نہیں لکھا برخاست کیا جاتا ہے۔ اور اس کے مرتبہ میں ایک صدی کی کمی جاتی ہے۔ محرم خان دوسرے ناظر مقرر کریں۔ واقعہ نگار اور سوانح نگار کی جاگیریں (بحق سرکار) ضبط کر لی جائیں۔ منصب کی کمی اس لئے نہیں ہے کہ وہ (پھر) دوبارہ کام آئیں گے۔ ہرکارہ بہت جلد تحقیق (حالات) کر کے حقیقت حال لکھے۔ اگر صحیح ہے تو صوبہ داری سے برخاست کر کے ہم اپنے حضور میں طلب کریں۔

(۱۴) شاہانہ اشغال

محمد معظم بہادر شاہ کے ناظر نے لکھا" سرہند کے چکلہ سے روانگی کے وقت (محمد معظم بہادر شاہ نے) فیل خانہ کے داروغہ کے کان میں کچھ آہستہ سے کہا جس کو یہ فدوی (ناظر) نہ سن سکا۔ (سرہند) سے آٹھ میل نکلنے کے بعد ایک میدان میں دو مست ہاتھیوں کی لڑائی کرائی گئی خود (محمد معظم بہادر) مع تمام ہمراہیوں اور سپاہیوں کے (ہاتھیوں کی) جنگ کا تماشا دیکھتے رہے۔ اس کے بعد فیل بانوں نے ان دونوں ہاتھیوں کو الگ کر دیا (اور پھر) کوچ شروع ہو گیا۔ لیکن ان ہاتھیوں کی لڑائی میں جانی اور مالی کسی قسم کا نقصان نہیں ہوا۔

عرض پر اپنے دست مبارک سے تحریر کیا (اس اطلاع کی) پہلی شق جان کے خوف کی وجہ سے تھی۔ کیوں کہ (اس بات کا اخفا ممکن نہ تھا۔ اور دوسری شق یعنی (کسی کا) جانی اور مالی نقصان نہیں ہوا۔ لالچ کی وجہ

سے ہے جو انسان کو اندھا اور گونگا بنا دیتی ہے۔ میر بخش ناظر کے منصب میں سے دو صدی کم کریں۔ اس کمی کی مناسبت سے جاگیر میں سے بھی کم کر دیا جائے۔ اور جدۃ الملک مدار المہام فرمان شاہی کی جگہ پر حسب الحکم شاہ نادان (معظم بہادر) کو تحریر کریں کہ ہاتھیوں کی جنگ شاہانہ اشتغال ہیں۔ اور ان بے کار و بے حاصل آرزوؤں کے سبب (تم) بادشاہی تک جلد نہ پہنچ سکو گے۔ جب بھی اس کا وقت آئے گا اور وہ تمہارے نصیب میں ہوگی تمہیں مل جائے گی۔ جو چیز انسان کو خراب کرتی ہے وہ مقدر سے زیادہ اور وقت سے پہلے طلب کرنا ہے۔ ہم کو کیوں ناراض اور خود کو کیوں پریشان کرتے ہو؟

(۱۵) وقائع صوبہ کابل

کابل کے خبر رسال سے معلوم ہوا کہ جب محمد معظم بہادر شاہ دربار منعقد کرتے ہیں تو دربار میں ایک مسند جو زمین سے ایک گز بلند ہے آراستہ کی جاتی ہے۔ اور اس پر بیٹھ کر وہ دربار منعقد کرتے ہیں۔

عرض پر تحریر فرمایا:

بہوس کار بر نمی آید ۔۔۔ در ہمہ کار لطف حق باید

ترجمہ (محض ہوس سے کوئی مقصد نہیں پورا ہوتا۔ تمام کاموں میں لطف الٰہی شامل حال ہونا چاہیئے۔

تکیہ بر جائے بزرگاں نتواں زد بگزاف ۔۔۔ مگر اسباب بزرگی ہمہ آمادہ کنی

ترجمہ (صرف لاف و گزاف سے بزرگوں کی جگہ حاصل نہیں ہو سکتی جب تک تم بزرگی کی علامتیں اور اسباب بھی نہ پیدا کر لو)

تعجب ہے کہ چند سال کی قید بھی اس احمق و مغرور (محمد معظم بہادر) کے دماغ کی اصلاح نہ کر سکی۔ وہ طاقت ور گرز بردار جائیں اور اس کو

TooBaa-Research-Library
TooBaa-Research-Library

سر دربار مسند سے اٹھا کر مسند کو توڑ ڈالیں اور اگر گرز بردار ایسے وقت پہنچیں کہ مسند پر نہ ہو تو انتظار کریں اور جس وقت وہ دربار منعقد کرے اس وقت حکم کی تعمیل کریں۔ "جزاً بما کانوا یعملون" (جو کچھ بھی وہ کرتے ہیں اس کے بدلے کے طور پر) اعلیٰ حضرت فردوس مکان (شاہجہان) نے اپنی اولاد کے ساتھ اس قدر تساہل اور تغافل سے کام لیا کہ تابعدار رئیس ہی معکوس ہو گیا۔

صوبہ ملتان سے محمد معظم بہادر شاہ کے محل کی محلدار حمیدہ بانو نے اطلاع دی اکثر اوقات کہ رات کے وقت اپنی خلوت خاص میں تشریف لے جاتے ہیں تو سیاق اور قلم دان بھی ہمراہ ہوتا ہے۔ اور یہ قاعدہ کے خلاف ہو گا کہ اس وقت محل دار اس کی نائب موجود ہو (حالانکہ) رخصت کے وقت حضور نے اس بوڑھی کنیز (حمیدہ تو محل دار) سے بالمشافہ فرمایا تھا اور بعد میں بھی ایک حکم نامہ میں درج فرمایا تھا کہ جب بھی وہ (محمد معظم) قلم دان طلب کریں اس جگہ یہ بوڑھی کنیز یا اس کی نائب شرف النساء موجود ہوں حقیقت حال تو یہ ہے۔ اس کے متعلق کیا حکم صادر ہوتا ہے۔

اپنے دست مبارک سے تحریر فرمایا اگر خلوت خاص میں جانا ادب کے خلاف ہے تو (ایسی حالت میں) قلم دان کو (طلب کرنے پر) روک لینے میں کیا امر مانع ہے۔ بہرحال آئندہ کبھی بھی خلوت خاص میں قلم دان نہ بھیجا جائے اور ناظر کو حکم دیا گیا کہ (خلوت خاص سے) باہر ہو جب بھی قلم دان کی ضرورت ہو تو) حاضر کیا جائے اور جب اور جب تک ضروری دستخط کئے جائیں قلم دان سامنے رہے۔ اس کے بعد ناظر اس کو سر بمہر اپنی نگرانی میں رکھے۔ اور اس احمق فرزند (محمد معظم) سے ناظر کہے کہ چند سال کی قید سے (ابھی) عقل نہیں آئی۔ جو اس قسم کی جرأتیں کی جاتی ہیں لیکن اب بھی کچھ نہیں گیا ہے۔ دوری مانع تنبیہ نہیں ہے۔

اے نا فہم ہیچ مداں

TooBaa-Research-Library

احکامِ عالمگیری

○

باب دوم

○

شاہزادہ محمد اعظم شاہ کے متعلق

TooBaa-Research-Library

(۱۷) قلعہ برلی کا محاصرہ

قلعہ برلی کے محاصرہ کو (تقریباً) چار ماہ گذر گئے تھے اور اس کے بعد برسات قریب آگئی۔ اس مقام (برلی) کا یہ خاصہ تھا کہ بارش بغیر ژالہ باری کے نہ ہوتی تھی، اسوجہ سے لشکر میں کافی تشویش پھیلی ہوئی تھی۔ شیخ سعد اللہ خاں نے محرم خاں کی معرفت عرض کیا: "اگر بادشاہ زادہ (محمد اعظم شاہ) ناراض نہ ہوں تو ایک دن میں صلح ہو سکتی ہے۔"

(اس پر) فرمایا: "آج صبر کرو کل جواب دے دیا جائے گا۔"

چھپنے کے وقت معلوم ہوا کہ شاہزادہ (محمد اعظم شاہ) کو صلح کے بارے میں کچھ خاص پریشانی ہے۔ اور شیخ مذکور (سعد اللہ خاں) نے صلح کی شرط یہ رکھی ہے کہ قلعہ کے تمام آدمی بغیر کسی مال و متاع کے (بالکل نہتے) قلعہ سے نکل جائیں۔ (یہ معلوم ہونے کے بعد حکم صادر فرمایا کہ تمام کام (خوب) پختہ کر لو۔ تاکہ (ہمارا) حکم ملتے ہی بلا کسی تاخیر کے فوراً قلعہ پر شاہی جھنڈا نصب کر دیا جائے۔ چنانچہ فرمان کے مطابق تمام کاروائی پختہ ہو گئی۔

پہلے دن شاہ عالی جاہ (محمد اعظم شاہ) سے فرمایا "ہم کو صرف تمہاری خاطر منظور ہے۔

TooBaa-Research-Library

TooBaa-Research-Library

ورنہ صلح کوئی مشکل بات نہیں ہے۔ اور دوسرا آدمی بھی یہ کام کرسکتا ہے۔ (انہوں نے عرض کیا" جو کام بھی حضور فرمائیں گے غلام کو اس سے اختلاف نہ ہوگا"۔ (اسپر اورنگ زیب نے) فرمایا" پھر بعد میں تم ملول ہو گے"۔ انہوں نے عرض کیا" خادموں کی کیا مجال ہے کہ اپنے پیرو مرشد کے (کسی) کام سے ملول ہوں۔ (کچھ توقف کے بعد) عرض کیا "جو شخص صلح کے واسطے بیچ میں پڑ رہا ہے وہ کون ہے؟ فرمایا "شیخ سعد اللہ خاں" (شاہزادہ محمد اعظم نے) عرض کیا" تو بیشک حکم دے دیا جائے"۔ (اس وقت) شیخ سعد اللہ خاں حاضر نہ تھے۔ محرم خاں سے فرمایا کہ شیخ مذکور کو حکم پہنچا دیں کہ فوراً قلعہ پر شاہی جھنڈا لہرا دیا جائے۔ دو گھڑی بعد جھنڈا نصب کر دیا گیا۔ اور فتح کی نوبت بجنے لگی۔ اعظم شاہ نے انتہائی بے دماغی اور تندی سے عرض کیا" ہم غلاموں کو اب زہر کھا کر مرجانا چاہئیے کیونکہ یہ پاجی مصاحب بن گئے ہیں"۔ بادشاہ نے فرمایا: "بے شک ہم سے پاجی پرستی واقع ہوئی ہے۔ (اب) ہم دونوں پاجیوں کو لشکر سے نکالے دیتے ہیں۔ شیخ سعد اللہ بنگاہ جائیں اور تم کو صوبہ احمد آباد میں مقرر کیا جاتا ہے۔ (اور پھر حکم دیا) کہ سیادت خاں گرز برداروں کا داروغہ مع تمام گرز برداروں کے (اعظم شاہ کے) ہمراہ جائے اور (شاہی) لشکر کے تین کوس کے فاصلے پر سانپ گانوں کے مقام پر (اس کو) قیام کرائے اور (اعظم شاہ کو) اس کے موجودہ مستقر پر نہ جانے دے اور خود دربار برخاست کر کے اٹھ کھڑے ہوئے۔ اعظم شاہ نے حیران و پریشان ہو کر جمدۃ الملک اسد اللہ خاں کا وسیلہ ڈھونڈا۔ اسد اللہ خاں نے عرض کیا کہ (شاہزادے کو) دو دن کی مہلت دیجائے تاکہ بارش ذرا رک جائے"۔ (اورنگ زیب نے) حکم دیا "ہمارے فرزندوں کے معاملہ میں دخل اندازی کرنے کا ملازموں کو کیا حق ہے"؟

اسد اللہ خاں اپنی درخواست پر (خود) پشیمان ہوئے۔

بہرحال گرز برداروں کے داروغہ کے ساتھ جا کر شاہزادے نے سانپ گانوں

TooBaa-Research-Library

کے مقام پر قیام کیا اور وہاں سے عرضی بھیجی کہ موم جامہ کے واسطے موم دستیاب نہیں ہوتا۔ (اورنگ زیب نے) حکم دیا "قیمت ادا کر کے شاہی گودام سے لے لیا جائے"۔ انہوں نے دوبارہ درخواست دی کہ (اس کی قیمت) غلام کے مقررہ وظیفے میں سے وضع کر لیجائے۔ اسپر اپنے دست مبارک سے تحریر فرمایا" کوئی عقلمند نقد کو ادھار پر نہیں چھوڑتا کیونکہ وظیفہ میں سے وضع کرنے کے وقت تک (کون جانتا ہے کہ) کون زندہ ہے اور کون مرجائے۔ نقد قیمت دی جائے اور (موم) لے لیا جائے"۔ چنانچہ حکم کے مطابق عمل کیا گیا اور ایک ہزار دو سو روپیہ بھیجکر موم لے لیا۔

(۱۸) عدل شاہی

بادشاہ زادہ محمد اعظم شاہ نے عنایت اللہ خاں کو لکھا کہ ان (شہزادہ) کی عرضداشت اور شکایت شہنشاہ (عالمگیر) تک پہنچا دی جائے کہ" سید لعل شاہی ملازمت میں پیشی منصب رکھتا ہے اور غلام (محمد اعظم شاہ) کی جاگیر واقع مندسور میں شراب نوشی اور جملہ بدعات کا مرتکب ہوتا ہے۔ (اس کے بارے میں شاہی حکم جاری) کیا جائے۔ اس کی جاگیر ضبط کر کے اس غلام (محمد اعظم شاہ) کو دے دی جائے تاکہ اس فتنہ کا سدباب ہو سکے"۔

(اس) عرض پر دست مبارک سے تحریر فرمایا:

"محتسب کا کام خود (اپنے آپ) کر لینا اور پھر جاگیر کی ضبطی کی درخواست (بھی)

ـہ انڈیا آفس لائبریری فارسی نسخہ نمبر ۳۳۸۸ میں یہ عبارت اسی طرح درج ہے "یہ نہیں ہوسکتا یہ ادھار ہے ہم نے نقد (کے بارے میں) لکھا ہے کہ نقد ملنے کے وقت کون زندہ ہے اور کون مرتا ہے۔ اب خود اپنی جیب سے ادا کرنا چاہئیے اور (موم) لے لیا جائے۔

TooBaa-Research-Library

کرنا پُر لطف بات ہے۔ ایک پشتی جاگیر ضبط کرنا محال ہے چہ جائیکہ سہ پشتی کسی کی جاگیر (اس طرح کسی کے کہنے سے ضبط نہیں ہوتی۔ ملازمت میں وہ بابا (محمد اعظم اور سید لعل سلوی) درجہ رکھتے ہیں۔ اور دوسری طرف (سید لعل کی) سیادت ہزار درجہ زیادہ (قابلِ احترام) ہے۔ صدر الصدور اس جگہ کے محتسب کو لکھیں کہ تحقیق کر کے حقیقت حال سے مطلع کیا جائے۔ الحمد للہ اعلیٰ حضرت (شاہجہان) کی طرح میں نے اولاد کو سر نہیں چڑھایا ہے کہ (بعد) میں ندامت ہو۔

(۱۹) حزم و احتیاط

محمد اعظم شاہ کے خبر رساں سے اطلاع ملی کہ (اعظم شاہ) بغیر کسی حفاظت اور اطلاع کے برنالہ کے قلعہ کا ملاحظہ کرنے کے لئے خندقوں کی طرف چلے جاتے ہیں۔ ہر چند محل دار اور ناظر منع کرتے ہیں لیکن ان کے کہنے سے وہ نہیں مانتے اور ناظر اور محل دار کی تحریروں سے بھی اسی قسم کی اطلاع ملی۔ (اس اطلاع نامہ) پر دستِ خاص سے تحریر فرمایا:

"تعجب ہے کہ اس لڑکے (محمد اعظم شاہ) پر ہماری صحبت کا ذرا بھی اثر نہیں ہوا۔ اور (وہ) احتیاط و دور بینی سے کوسوں دُور ہے۔ اس کے ذہن میں الحزم سوءالظن (گمانِ بد بھی حزم و احتیاط میں داخل ہے) نہیں ہے اور نہ آیۂ "ولا تلقوا بایدیکم الی التھلکۃ" (اپنے آپ کو ہلاکت میں نہ ڈالو) کا اس کو خیال ہے"

؎ مرغیکہ زیرکر است دریں بوستاں سرا
گل را خیال چنگلِ شہباز می کند
خوں من چکد ز زخم نمایاں ز خندہ اش
گلگے کہ بے ملاحظہ پرواز می کند

از صحبت نیکاں نشود طینت بدنیک
بادام ہماں تلخ بروں باشکر آید

ترجمہ: اس باغ میں وہی پرندہ عقلمند کہا جاسکتا ہے جو پھول کو بھی شہباز کا پنجہ خیال کرتا ہے جو چڑیا بے احتیاطی سے اڑتی پھرتی ہے اس کے قہقہوں کے بدلے میں اس کے زخموں سے خون ٹپکتا ہے۔ بد طینت انسان نیکوں کی صحبت سے نیک نہیں ہوسکتا جس طرح بادام کی تلخی شکر کے اندر بھی باقی رہتی ہے۔

(اصل) مردانگی شجاعت اور بے باکی میں نہیں ہے بلکہ خود شکنی میں ہے۔

؎ کمال مردی و مردانگی است خودشکنی
ببوس دست کسے راکہ ایں کماں شکند

ترجمہ: "کمال مردی و مردانگی خود شکنی میں ہے اسکے ہاتھوں کو بوسہ دے جس نے یہ کمان توڑ ڈالی۔"

(۲۰) بدسلوکی کی سزا

محمد اعظم شاہ کی ڈیوڑھی کے ناظر بہروز خاں نے اطلاع کی کہ "شاہزادہ نے نور النساء محلدار کے ساتھ بدسلوکی کی اور اس کو احمد آباد کے شاہی باغوں کے معائنہ کے وقت ہمراہ نہیں لے گئے۔ محلدار (نور النساء) نے باہر (میرے پاس) چیٹھی بھیجی اور (شاہزادہ) کی سواری کو منع کیا چنانچہ غلام (بہروز خاں) آیا اور کسی (شاہی) حکم (کے آنے تک) شاہزادے کی سواری کو منع کر دیا۔ انہوں نے محلدار کو اپنی مجلس سے باہر نکال دیا۔"

(اس اطلاع نامہ پر) تحریر فرمایا کہ "خواجہ قلی خاں مع اپنی فوج کے اور اس جگہ کے (تمام) منصب دار اور راجہ نرور متفق ہو کر ہمارے حکم ثانی تک اس (شہزادہ) کی

TooBaa-Research-Library

سواری اور دربار کو بند رکھیں :

دوسرے دن جب یہ خبر بادشاہزادہ کو پہنچی۔ انہوں نے اپنی بہن بادشاہ بیگم (زینت النساء) کی معرفت درخواست بھیجی اور اپنے قصور کی معافی چاہی اور ایک (رامنی نامہ) مع ناظر اور محل دار کی مہر کے بھیجا (ان کی اس) درخواست پر دست مبارک سے تحریر فرمایا کہ "جاگیر کی تبدیلی موقوف کی جاتی ہے۔ لیکن اگر (کوئی) مالی سزا (بھی) نہ دی گئی تو (آئندہ) اس قسم کی حرکتوں کی جرأت پھر باقی رہے گی۔ پچاس ہزار روپیہ اس جرم کی سزا کے طور پر اس ناعاقبت بین احمق و بے وقوف لڑکے کے وظیفہ میں سے وضع کرکے خزانہ عامرہ میں داخل کر دیئے جائیں۔

(۲۱) نقصان کا معاوضہ

احمد آباد سے جو محمد اعظم شاہ کی صوبہ داری میں تھا۔ سوانح نگار نے اطلاع دی، "دشمنوں (مرہٹہ) کی فوج کے سردار جاجی دالیر نے احمد آباد سے ۸۰ میل کے فاصلہ پر سورت کی شاہراہ عام پر سوداگروں کو لوٹ لیا۔ جب یہ اطلاع شاہ عالی جاہ (محمد اعظم) کو پہنچی تو فرمایا کہ "یہ (واقعہ) سورت کے کلکٹر امانت خاں کی فوجداری میں ہوا ہے ہمیں اس سے کوئی سروکار نہیں"۔ اطلاع نامہ پر تحریر فرمایا "(شاہزادہ کے) اصل منصب میں سے پانچ ہزار کم (کئے) جائیں، اور سوداگروں کے بیان کے مطابق (ان کے نقصان کا) روپیہ (شاہزادے کے) وکیل سے لے لیا جائے (اگر یہ واقعہ) کسی اور شخص سے (علاوہ شہزادے کے) سرزد ہوتا تو تحقیقات کے بعد حکم جاری کیا جاتا۔ لیکن شہزادے کے واسطے بطور سزا کے بغیر تحقیقات کے حکم جاری کیا جاتا ہے۔ کیا کہنا ہے تمہاری شہزادگی کا کہ اپنے آپ کو امانت خاں سے بھی کم سمجھتے ہو جبکہ ہماری زندگی ہی میں (تم سلطنت کی وراثت کا دعویٰ رکھتے ہو تو پھر ہماری زندگی ہی میں کیوں تم امانت خاں کو اپنی میراث کا

TooBaa-Research-Library

شریک نہیں بنا لیتے ؟

درد سے کہ یار دوا نشد آنزاں علاج نیست
آں را کہ عقل نیست ہمیں احتیاج نیست

ترجمہ: "جو درد دوا سے اچھا نہ ہو پھر اس کا کوئی علاج نہیں۔ جس شخص میں عقل نہیں اس کی کسی چیز کی ضرورت بھی نہیں"۔

(۲۲) گستاخی کی سزا

(ایک مرتبہ) محمد اعظم شاہ دربار میں کچھ عرض کرتے تھے۔ (لیکن) جب اپنے حسب منشا جواب نہ پایا تو (کسی قدر ملول ہو کر آگے قدم بڑھایا (یہاں تک کہ مسند شاہی پر پاؤں) رکھ دیا۔ اورنگ زیب نے اس بات پر مکدر ہو کر پردۂ عدالت گرا دیا اور دربار برخاست کر دیا۔ اور (ساتھ ہی) شاہزادہ کا مجرا بند کر دیا۔ کسی کو (اس معاملے میں) سفارش کی ہمت نہ (ہوتی) تھی۔ شاہ سلیم اللہ نے عرض کیا شاہزادے کا آگے قدم بڑھانا جرأت کی وجہ سے نہ تھا بلکہ از راہِ غفلت ایسا ہوا۔ "من عفا واصلح فاجرہ علی اللہ"۔ (جو معاف کر دیتے ہیں اور صلح کرتے ہیں ان کو اللہ اجر دیتا ہے) اس آیت کے نیچے بادشاہ نے تحریر فرمایا۔

از ساحل نجات بہ بحر فنا فتاد
از حد خود کسی کہ قدم بیشتر گذاشت

"سلامتی کے کنارہ سے موت کے سمندر میں وہ شخص گر پڑتا ہے جو اپنی حد سے باہر قدم رکھتا ہے"۔

TooBaa-Research-Library

(۲۳) اورنگ زیب کا طنز

محمد اعظم شاہ نے چونکہ (خود) بدتمیز اور بدزبان واقع ہوئے تھے جناب مقدس (عالمگیرؒ) کو جمعہ خاکروب سے تشبیہ دی جو دیوانِ خاص کی صفائی کے لئے مقرر تھا اس بات کی اطلاع اورنگ زیب کو ہوگئی ایک دن جبکہ (جمعہ خاکروب، دیوانِ خاص کا صحن صاف کر رہا تھا (اورنگ زیب نے) اعظم شاہ کی طرف متوجہ ہو کر فرمایا "بابا اس خاکروب کے چار لڑکے ہیں" (اعظم شاہ نے) عرض کیا (اس کے تو ایک لڑکا ہے اور وہ بھی (ابھی) بچہ ہے" (اس پر ارشاد فرمایا "غلط کہتے ہو۔ مجھے تو یہ بھی اطلاع ہے کہ ان لڑکوں میں سے ایک ولایتؔ بھی گیا ہے" یہ بات سنتے ہی اعظم شاہ مطلب سمجھ گئے اور نہایت شرمندہ ہوئے اور اپنی ہمشیرہ زینت النساء بیگم سے گلہ کیا۔ کہ حضرت نے ذرا بھی میری والدہ صاحبہ کی رعایت و حرمت نہ کی اور جمعہ خاکروب کو میرا باپ بتایا۔" (اس پر فرمایا "ہاں ہاں تم نے بھی حضرت (شاہجہان) کی ذرا بھی رعایت و حرمت نہ کی اور ان کے لڑکے کو جمعہ خاکروب قرار دیا۔"

(۲۴) حفظ دل

محمد اعظم شاہ کے ہمراہیوں کے واقعات سے معلوم ہوا ہے اور انہوں نے جس زمانہ میں احمد آباد کے گورنر تھے خود بھی عرضی دی تھی کہ طویل بیماری کی وجہ سے (جس میں

لہ ولایت سے مراد "ایران" ہے۔ شاہزادہ محمد اکبر نے بغاوت کی تھی اور شاہی افواج سے شکست کھا کر شاہ ایران کی پناہ میں چلا گیا تھا۔ اس وقت اورنگ زیب کے صرف چار لڑکے زندہ تھے۔ (ج۔ن۔س)

TooBaa-Research-Library

باری کا جاڑا بھی شامل تھا) اسقدر نقاہت ہوگئی ہے کہ گفتگو کرنی بھی محال ہے۔ اگرچہ (ادھر) دو ماہ سے کوئی شکایت باقی نہیں ہے۔ میں متمنی ہوں کہ اس صوبہ سے مجھے اپنے حضور میں طلب فرمایا جائے تاکہ قدم بوسی کی سعادت کے بعد (اپنی) جانِ ناتواں (آپ کے قدموں پر) نثار کردوں" اس پر اورنگ زیب نے تحریر فرمایا "حافظِ حقیقی ہمارے لختِ جگر کی نگہبانی فرمائے۔ ایسی نقاہت کی حالت میں سفر کرنے کی اجازت دینا بیدردی سے خالی نہیں ہے۔

بالاتر از وصال شمارد خیال را
شکر خدا کہ دیدۂ ما نا سپاس نیست

ترجمہ: "وہ خیال کو وصال سے بہتر سمجھتا ہے۔ خدا کا شکر ہے کہ ہماری نگاہیں ناشکر گذار نہیں ہیں"

یہ پیر ضعیف اور یہ بے چارہ (خود) علاوہ دردِ سر کے صدہا امراض میں مبتلا ہے (میں نے) تحمل کو اپنا شعار بنالیا ہے۔

در مشرب جمع کے کہ مہمانِ رحیل اند
ہر رنجش بے جا فلک لطف بجا ئیست
ما حوصلہ درد نداریم و گرنہ
ہر درد کہ روزی شود از غیب دوائیست

"جو لوگ کوچ کرنے کے لئے تیار ہیں ان کے نزدیک آسمان کا ہر بے محل ستم بھی لطف کا درجہ رکھتا ہے۔ ہمیں درد کا حوصلہ نہیں ہے ورنہ غیب سے جو بھی درد ہمیں دیا جاتا ہے وہ دوا ہی ہے"

جب اپنے بدبخت نفس کے ساتھ گفتگو ہوتی ہے تو کہتا ہوں "کہ دل کے علاوہ جو فی الحقیقت ایک عزیز اور قابلِ حفاظت شے ہے دنیا اور جو کچھ دنیا کے اندر ہے

TooBaa-Research-Library

وہ سب چھوڑ دینے کے لائق ہے۔ اس زمین و زماں سے دل کیوں لگا رکھا ہے دل ساتھ جانیوالا ہے اور یہ زمین و زماں چھوٹ جانے والے ہیں۔

ے تڑا بخاک زند ہر چہ را بر افرازی
بغیر سرایت اشکے کہ بر فراشتی ست

"سوائے اشک ریزی کے کہ تو بلندی دینے والا ہے ہر چیز جو تو بناتا ہے تجھے خاک میں ملا دیتی ہے۔"

ے اپریل 1663ء شاہزادہ اعظم دراس کے علاقہ میں شدید بیمار پڑ گیا تھا لیکن اس وقت وہ گجرات کا گورنر نہیں تھا۔ خافی خاں نے شاہزادہ مذکور کی ایک درخواست کا ذکر کیا ہے جو ۶-۱۷۰۵ء اس نے گجرات سے دی تھی اور اپنے والد کے حضور میں آنے کی اجازت طلب کی تھی۔ خافی خاں کا بیان ہے:

"شہزادہ محمد اعظم نے گجرات سے اپنے والد کی علالت کی خبر سن کر دربار میں حاضری کی اجازت چاہی اور بہانہ کیا کہ گجرات کی آب و ہوا ناموافق ہے۔ شہنشاہ اس بات سے بہت ناخوش ہوئے کیونکہ میں نے بھی اپنے والد شاہجہاں کی (آخری) علالت کے دوران اسی طرح کی درخواست بھیجی تھی اور انہوں نے اس کے جواب میں یہ لکھا تھا کہ "ہر جگہ کی آب و ہوا آدمی کو راس آتی ہے سوائے بڑھاپے ہوس کے"۔ آخر کار اورنگزیب نے شہزادہ اعظم کو دربار واپس آنے کی اجازت دے دی تھی اور وہ ۲۵ مارچ ۱۷۰۶ء
ص:

TooBaa-Research-Library

احکامِ عالمگیری

باب سوم

شاہزادہ محمد کام بخش اور بیدار بخت کے متعلق

TooBaa-Research-Library

۲۵ حراست شہزادہ کام بخش

شہزادہ محمد کام بخش کے وقائع نگار اور ناظر کے خطوط سے معلوم ہوا ہے کہ قلعہ جنجی کی فتح کے بعد خان نصرت جنگ نے اس خیال سے کہ دشمن کی پانچ ہزار سے زیادہ فوج اطراف میں موجود تھی۔ شہزادہ کو کوچ اور قیام کے بارے میں احتیاط سے کام لینے کا مشورہ دیا۔ تو (شہزادہ کام بخش) درشتی سے پیش آئے اور فرمایا "ہمیں اختیار ہے کہ جب چاہیں کوچ کریں۔"

بات یہاں تک پہنچی کہ آپس میں رنجش ہو گئی اور خان نصرت نے دربار کا مجرا ترک کر دیا اور (صرف) شہزادہ سوار ہو کر نکلتا تو مجرا کر لیتے۔ یہاں تک کہ چہارشنبہ ۹ ذیقعدہ (۱۲ جولائی ۱۶۹۲ء) کو دوپہر کے وقت جب شہزادہ خیمہ میں تھا (تو)، ایک آدمی خان نصرت جنگ کے بلانے کے لئے بھیجا۔ اس نے آنے میں دیر کی۔ چار آدمی پے در پے بھیجے۔ اس سلسلہ میں خان مذکور کے ہرکاروں نے خبر دی کہ (شہزادہ نے) اپنے رضاعی بھائی کی مدد سے تنہائی سے گرفتار کرنے کی تدبیر کی ہے اور ناظر کی تحریر سے بھی معلوم ہوا کہ یہ بات صحیح ہے۔ خان نے ان

TooBaa-Research-Library

TooBaa-Research-Library

خبر رسانوں کو بلایا اور بطور گواہ کے ساتھ لے کر (ہاتھی پر) سوار ہو کر (شہزادہ کے) خیمہ میں داخل ہو گیا۔ اور دربار کے خیمہ کو ہاتھی کی سونڈ سے اکھاڑ پھینکا۔ (شہزادے نے) یہ حال دیکھ کر محل سرا میں بھاگ جانا چاہا۔ راؤ دلپت نے آکر اس کے دونوں ہاتھ پکڑ لئے اور گھسیٹتا ہوا خان نصرت کے ہاتھی کے پاس لایا۔ خان نے اشارہ کیا کہ اپنے ہاتھی پر بٹھالو۔ چنانچہ اسی طرح چار کوچ کئے گئے۔ رات دن (شہزادہ) راؤ دلپت کے ساتھ رہا اور اسی کے خیمہ میں ٹھہرا۔" اس اطلاع نامہ پر (اورنگ زیب نے) تحریر فرمایا:

ے پرستار زادہ نیاید بکار
اگرچہ بود زادہ شہریار

حضرت نوح علی نبینا علیہ السلام نے اپنے ناخلف بیٹے کا کیا علاج کیا تھا جو میں کروں۔ خان نصرت جنگ احمق نہیں ہے جو اس کو بُرا کہے۔ وہ خود بُرا ہے اس نابکار اشرار اور فسادیوں کے سردار (کام بخش) کو لانے کے لئے بیجاپور تک خان نصرت جنگ اس کے ساتھ رہیں۔ اس کے بعد جمدۃ الملک (وزیر اعظم) کے ہمراہ کر دیں۔" اور بیجاپور کے گورنر کے نام ایک فرمان بھیجا "ایک ہزار اس کی محافظت کے لئے ساتھ کر دو اور میرے پاس بھیجدو۔ خان نصرت جنگ مفتوح ممالک مثلاً قلعہ جنجی وغیرہ کی حفاظت کے لئے روانہ ہو جائیں اور جب فرمان (شاہی) ان کی طلبی کا پہنچے تو حاضر ہو جائیں۔

اطلاع نامہ کے حاشیہ پر تحریر فرمایا "اس لڑکے کی خاطر جو آیۃ "عدو لکم" کے مصداق ثابت ہو چکا ہے میں کیوں اپنے (ایک ایسے) دوست پر جو اچھا نوکر بھی ہے اور احباکؑ ثلاث[1] کے مصداق بھی ہے بے جا خفگی کروں خصوصاً جبکہ وہ

[1] انڈین آفس لائبریری فارسی نسخہ نمبر ۳۳۸۸ میں ذیل کی عبارت (باقی اگلے صفحہ پر)

TooBaa-Research-Library

خانہ زاد سپاہی بھی ہے اور انعام و اکرام کے لائق بھی ہے۔"

(۲۶) بیدار بخت کو سزا

(شہزادہ) بیدار بخت کے ہمراہی ناظر کی تحریر سے معلوم ہوا کہ (انہوں نے) پہلے راجہ رام جاٹ کے قلعہ سنسی کو فتح کرنے کی بہت کوشش کی اور پھر بعد میں یہ معلوم ہوا کہ انہوں نے اس (راجہ رام) کی زبانی یہ پیغام بھجوایا کہ اپنی بھتیجی کو حوالہ کر دے اور خود قلعہ سے باہر چلا جائے۔"

اطلاع نامہ پر تحریر فرمایا "کوئی مضائقہ نہیں ہے۔ لڑکی دینا بھی (ایک طرح) مطیع ہونے کی علامت ہے۔ قلعہ سے (تو) باہر جاتا ہے لیکن ملک بادشاہی سے کہاں جائے گا۔ لیکن:

ے چہ مردے بود کز زنے کم شود
مطیع زنان بدتر از زن شود

"وہ کیا مرد ہے جو عورت سے بھی کم ہو۔ زن مرید عورت سے بھی بدتر ہوتا ہے۔"

(بقیہ حاشیہ صفحہ گذشتہ) اور درج ہے "حاشیہ پر تحریر فرمایا "کلام افلاطون احباک ثلاث من شرک فی ملحک و فی محنتک و فی سفرک۔ (ترجمہ) تو تین آدمیوں کو دوست سمجھ جو تیرا شریک نمک ہو یا شریک محنت ہو یا شریک سفر ہو۔"

کام بخش اورنگ زیب کا سب سے چھوٹا بیٹا اودے پوری کے بطن سے تھا۔ (ج۔ ن۔ س) حاشیہ احکام ۲۹۔

محمد بیدار بخت داراشکوہ کی لڑکی جہاں زیب بانو بیگم اور شہزادہ محمد اعظم کا بیٹا تھا۔ ۴ر اگست ۱۶۷۰ء کو پیدا ہوا تھا۔ اورنگ زیب ان (باقی اگلے صفحہ پر)

TooBaa-Research-Library

اولاد کی تربیت باپ سے متعلق ہے نہ کہ دادا سے۔ شاہ عالیجاہ (محمد اعظم) نے اس (بیدار بخت) کی والدہ مرحومہ کی محبت میں یہ نوبت پہنچادی۔ عقلمندوں کے نزدیک حال کی سختی جو مال کے نقصان سے ہو بڑا وبال اور عذاب ہے۔ ایک سال کے لئے جاگیر میں سے نصف کی کمی اور منصب میں تغیر۔

(۲۷) کاروبار دلداری

شہزادہ بیدار بخت کے ہمراہی ناظر کی تحریر سے معلوم ہوا کہ "شہزادہ ہمیشہ شمس النساء دختر مختار خاں کے ساتھ کمال محبت و عنایت سے پیش آتا تھا لیکن ادھر (کچھ عرصہ سے خلاف معمول اکثر ناراض رہتا ہے۔ چنانچہ ایک روز کہا: باجی کی لڑکی کو سلاطین کے ساتھ غرور سے نہیں پیش آنا چاہیئے۔ چنانچہ شمس النساء نے جواب میں کہا: "اگر (آپ) چاہے مجھے مار ہی کیوں نہ ڈالیں لیکن اب دوبارہ آپ سے بات نہ کروں گی"۔ لہٰذا اس روز سے شاہزادہ نے بات نہیں کی:"

اس اطلاع نامہ پر تحریر فرمایا:

ے صبحدم مرغ چمن باگل نوخواستہ گفت ناز کم کن کہ دریں باغ بسے چوں تو شگفت

(بقیہ حاشیہ صفحہ گذشتہ) تینوں سے بہت محبت کرتا تھا۔ اور بیدار بخت تو شہنشاہ کا چہیتا تھا۔ خان جہاں کے ساتھ اس نے سنسنی کے باغی سردار راجہ رام جاٹ کے خلاف لشکر کشی کی جسے شکست دے کر ۴ جولائی ۱۶۸۸ء کو قتل کیا۔ سنسنی پر جنوری ۱۶۹۱ء میں قبضہ کیا۔ اب جبکہ ہاتھرس اور علی گڑھ کے درمیان ایک ریلوے اسٹیشن ہے مندرجہ بالا احکام میں والدہ مرحومہ کا لفظ غلط ہے کیونکہ جہاں زیب بانو کا انتقال بہت بعد میں مارچ ۱۷۰۵ء کو ہوا۔ (ج۔ن۔س)

TooBaa-Research-Library

گل بخندید کہ از راست نرنجیم۔ ولے ہیچ عاشق سخن تلخ بمعشوق نہ گفت

ترجمہ: صبح کے وقت بلبل نے ایک نوشگفتہ پھول سے کہا کہ ذرا زیادہ نہ اِٹھلا تجھ جیسے اس باغ میں بہت کھلے ہیں۔ پھول نے ہنس کر کہا مجھے سچی بات کا افسوس نہیں مگر آج تک کسی عاشق نے اپنے محبوب سے سخت سخت باتیں نہیں کہیں۔

اس نورچشم (بیدار بخت) کو واضح رہے کہ جوانی کے زمانہ میں جیسے تمہارے باجی مصاحبین کی اصطلاح میں جوانی دیوانی کہتے ہیں۔ ہم کو بھی ایک کے ساتھ (دلی) تعلق تھا جو نہایت (ہی) مغرور تھی لیکن ہم نے تمام زندگی اس کی محبت کو نبھایا اور کبھی اُسے آزردہ خاطر نہ ہونے دیا۔

دوسری یہ بات (بھی واضح ہو) کہ سادات کے ساتھ باجی کا لفظ استعمال کرنا خود باجی پن ہے۔ اگر کسی سید کو باجی کہا جائے تو وہ باجی نہیں ہو جاتا۔ اگر محلدار اور ناظر کی تحریر ل سے اس سیدہ (شمس النساء) کے راضی ہونے کا حال معلوم نہ ہوا تو عتاب بلکہ عذاب میں گرفتار ہو جاؤ گے۔ "جزاءً بما کانوا یعملون" (جو کچھ کہ وہ کرتے ہیں اسکا بدلہ (اللہ تعالیٰ) دے گا)۔

حاشیہ احکام ۱۲۷ بیدار بخت شہزادہ محمد اعظم کا بیٹا اور اورنگ زیب کا لاڈلا پوتا تھا۔ ۲۱ نومبر ۱۶۷۰ء کو اس کی شادی مختار خاں کی بیٹی شمس النساء کیساتھ ہوئی جس کا لقب پوتی بیگم تھا۔ ۲۳ اگست ۱۶۹۵ء کو ان کے ایک بیٹا فیروز بخت بھی پیدا ہوا تھا۔ بیدار بخت کے خسر کا اصل نام قمرالدین تھا۔ اس کے باپ کا نام شمس الدین تھا شمس الدین کا باپ سید محمد تھا۔ ان سب کے خطاب یکے بعد دیگرے مختار خاں ہی تھے جو سادات بنی مختار سے تھے۔

اس احکام میں اورنگ زیب نے غالباً اپنی بیوی دل رس بانو بنت شاہنواز خاں صفوی کا ذکر کیا ہے جس کے ساتھ ۸ مئی ۱۶۳۷ء کو شادی ہوئی تھی اور اس کا انتقال ۸ اکتوبر ۱۶۵۷ء کو ہوا۔ (ج۔ن۔س)

TooBaa-Research-Library

احکامِ عالمگیری

○

باب چہارم

○

افسران کے متعلق

TooBaa-Research-Library

TooBaa-Research-Library

(۲۸) نصرت جنگ

ذوالفقار خان بہادر نصرت جنگ جب جنجی کی فتح سے لوٹ کر شاہی خیمہ گاہ پہنچ گیا تو سر براہ خاں کوتوال نے خدمت (شاہی) میں عرض کیا: "فرمان شاہی مرہٹوں کی سرکوبی کے متعلق جو بنگاہ کی طرف مارے مارے پھر رہے ہیں (ذوالفقار خاں) کو پہنچا دیا گیا تھا۔ (لیکن) خان مذکور نے اس کی پرواہ نہ کی اور شاہی خیمہ گاہ کے قریب پہنچ گیا۔

(اورنگ زیب نے) حکم صادر فرمایا کہ "لشکر شاہی میں داخلہ کا پروانہ دیا جائے اور یار علی بیگ جو نصرت جنگ کا وکیل ہے یہ تمام معاملہ اس کو لکھے"۔

دوسرے دن صبح (نصرت جنگ) بغیر ہی داخلہ کے پروانہ کے شاہی لشکر میں آ گیا اور دیوان خاص میں حاضری کی اجازت چاہی۔

(اورنگ زیب نے) حکم دیا کہ "ترکش و تھیلہ کمر سے باندھ کر کمان کاندھے پر اور بندوق ہاتھ میں لے کر ہمارے سامنے آئیں۔ اور برخلاف سابق کہ پالکی دیوانِ خاص کی جالی تک آیا کرتی تھی آج جالی کے اندر دیوانِ خاص کی دو راوٹی (مربع مختصر خیمہ) کے پاس

TooBaa-Research-Library
TooBaa-Research-Library

پالکی کو چھوڑ دیا جائے۔"

یار علی بیگ نے نصرت جنگ کو اس عتاب نامہ کے متعلق مفصل لکھ دیا چنانچہ (نصرت جنگ) کلال بار (شاہی خیمہ کے چاروں طرف سُرخ کینوس کی دیوار) سے پیدل اتر کر اور تمام ہتھیار اپنے جسم سے کھول کر دیوان خاص کے دروازہ کی قریبی اوٹی کے پاس حکم باریابی کے انتظار میں بیٹھ گیا۔ (اورنگ زیب) نے دو گھڑی سکوت و تغافل فرمایا۔ اس کے بعد حاضری کی اجازت دی۔

(نصرت جنگ) نے قدم بوسی کا ارادہ کیا۔ (اورنگ زیب نے) دا بنا پاؤں بڑھا دیا۔ تشویش اور اضطراب کی وجہ سے خان نصرت جنگ کا زانو مسند (شاہی) تک پہنچ گیا۔ یہ بات (اورنگ زیب کو) ناگوار گذری اور انتہائی کرم و عنایت سے نصرت جنگ کی کمر تھپتھپائی اور فرمایا "چونکہ عرصہ دراز تک باہر رہے ہو اس وجہ سے (شاید) آداب شاہی بھول گئے۔

ے زاغ دم سوے شہر و سر سوے
دہ۔ دم آں زاغ از سر او بہہ

اس کے بعد بہرہ مند خاں کی طرف رُخ کر کے فرمایا "کیا وجہ ہے کہ ہمارے خانہ دار باہر جا کر آداب شاہی بھول جاتے ہیں۔ شاید خان مذکور (نصرت جنگ) کی قوتِ بینائی میں کچھ فرق واقع ہو گیا ہے۔ اور محرم خاں کو حکم دیا کہ ایک عینک لا کر خود اپنے ہاتھوں سے نصرت جنگ کے لگائے۔ اور یہ تاکید کی کہ (نصرت جنگ) اسی طرح گھر واپس جائیں۔ اور چونکہ یہ (ان پر) خاص عنایت ہے اس لئے جیسا کہ خلعت کا قاعدہ ہے ایسے بھی تین روز لگا کر دربار میں آئیں۔

جب خان مذکور نے اپنی یہ رسوائی دیکھی تو رات کو امیر خاں داروغہ خواصان کی وساطت سے دشمن (مرہٹوں) کی سرکوبی کے واسطے جانے کی اجازت چاہی

TooBaa-Research-Library

اور نماز عشاء کے بعد عینک لگا کر آیا۔ اور تسبیح خانہ میں اجازت حاصل کی۔

(۲۹) پابندی احکام

حکم شاہی کے بموجب ذوالفقار خاں نصرت جنگ ہنوز راو گراہ مرہٹوں کے تعاقب میں گیا ہوا تھا۔ اتفاقاً اس کا گذر شاہی خیمہ گاہ سے چار میل حدود کے اندر ہوا۔ اس نے عرض بھیجی کہ اتفاقاً ایسا ہوا ہے کہ شاہی لشکر کے قرب سے گذر ہوا اس لئے بغیر حاضری دیئے گذر جانا خلاف ادب ہوگا۔

عرض پر تحریر فرمایا "تم سے دو کام خلاف ادب ہوئے۔ پہلا یہ کہ ایسا اتفاق کیوں ہوا کہ دشمن لشکر شاہی کے اسقدر قریب سے گذرا۔ یہ نہ صرف خلاف ادب ہے بلکہ اس سے نقصان کا بھی اندیشہ تھا۔ دوسرے یہ کہ جس کام پر مامور کئے گئے ہو اس کو نہ کرنا اور اس کے خلاف عرض کرنا اطاعت کے خلاف ہے۔ "اطیعوا اللہ واطیعوا الرسول و اولی الامر منکم" (اللہ کی اطاعت کرو۔ رسول کی اطاعت کرو اور جو تم پر حاکم ہو ان کی اطاعت کرو۔)

(۳۰) تشہیر

ذوالفقار خاں نصرت جنگ کی فوج کے حالات سے معلوم ہوا کہ جنگ جُو خاں دکھنی جو پنج ہزاری منصب رکھتا ہے اس کے نقارے بیلوں پر لاد دیئے گئے ہیں اور وہ از راہ فساد کہتا ہے کہ نصرت جنگ کی نوبت کے نقاروں کے ہمراہ (اس کے

حاشیہ احکام ۲۹ ذوالفقار خاں ملقب بہ نصرت جنگ بہادر (پیدائش ۱۶۵۷ء) اورنگ زیب کے وزیر اعظم اسد خاں کا لڑکا تھا۔

TooBaa-Research-Library

نقائص بھی چلیں گے۔

اس پر دست مبارک سے تحریر فرمایا کہ "ہمیں کیا مضائقہ ہے اور نصرت جنگ کو اس بارے میں کیا اعتراض ہے۔ اگر اس ملعون و مردود جماعت کا رئیس (جنگجو خان) اپنی تشہیر کو جو عین رسوائی ہے نہیں سمجھتا اور آگے آگے بھی جائے تو بھی (ہمارا کچھ حرج نہیں اور یہی ہمارا) عین مقصد ہے۔ اور برابر چلنے میں بھی کچھ کم غنیمت نہیں ہے۔"

(۳۱) دکنی سردار سے سلوک

نصرت جنگ کے سوانح نگار نے لکھا: "زندان خاں دکنی جو دکن میں چار ہزاری منصب رکھتا ہے شاہی خدمت میں ہمیشہ جان فشانی کرتا ہے۔ اگر اس سے زیادہ کرم و عنایت ہو تو بہتر ہے۔" اور خان نصرت جنگ نے بھی اسی مضمون کی عرضی لکھی۔

اس عرضی پر دست مبارک سے تحریر فرمایا "لفظ جانفشانی محض عبارت و انشاء پردازی ہے۔ اگر ہمیشہ جانفشانی کرتا رہا ہے تو پھر اب تک زندہ کیسے ہے۔ اس جماعت (دکن) سے رعایت کرنا بچھو ہتھیلی پر رکھنے اور سانپ بغل میں رکھنے کے مرادف ہے۔ الکوفی لا یوفی (اہلِ کوفہ سے وفا کی امید نہیں)۔

(۳۲) اہلِ سادات

صوبہ خاندیس کے سوانح نگار سے معلوم ہوا ہے کہ حسن علی خان بہادر نے ہنونت گمراہ مرہٹوں کے سردار کے ساتھ جنگ میں بہت کارہائے نمایاں کئے اور اس کی خیمہ گاہ وغیرہ بالکل برباد کر دی اور اس کے بھتیجہ جیا ناجی کو زندہ گرفتار کر کے مشرف بہ اسلام کر لیا۔ ذوالفقار خاں نصرت جنگ نے کہ جو مفسد دھنا جادون کی سرکوبی کے لئے یہاں سے گذر رہے تھے دونوں بھائیوں کے اضافہ (منصب) کی تجویز کر کے

TooBaa-Research-Library

سفارشی نامہ بذریعہ ڈاک حضور (عالمگیر) کی خدمت میں بھیجا ہے کہ بڑے بھائی کا اصل منصب آٹھ صدی ہے ایک ہزار ہو جائے اور چھوٹے بھائی کا سات صدی ہے نو صدی ہو جائے۔

اس اطلاع نامہ پر دست مبارک سے تحریر فرمایا "آفرین ہے کیوں نہ ہو سادات کہ جو منبع سعادات ہیں انہیں یہی چاہیئے کہ اپنے جدِ امجد حضرت سید المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم کے دینِ متین کی اعانت میں دل و جان سے کوشش کریں (ہمارے) خاص توشہ خانہ سے دونوں بھائیوں کے لئے دو خلعت مع دو مروارید کے کام کے سادہ خنجر گرز بردار کے ہاتھ بھیجے جائیں۔ اور حمد الملک (وزیر اعظم) حسب الحکم بہت زیادہ تحسین آفرین لکھ کر انہیں بھیجیں۔

عرضی پر تحریر فرمایا "ہمارے مزاج سے واقف اس خانہ زاد (نصرت جنگ) نے اضافہ کی تجویز مناسب موقع پر کی۔ بڑے افسوس کی بات ہوگی اگر سردار اپنے جنرل کی دلجوئی نہ کریں۔ لیکن ایک دم اضافہ منظور کر لینا مشکل ہے۔ بلند مرتبہ سادات کے ساتھ محبت رکھنا جزوِ ایمان بلکہ عین ایمان ہے۔ اور اس فرقہ کے ساتھ عداوت کا نتیجہ دوزخ کی آگ اور قہرِ الٰہی ہے۔ لیکن کوئی ایسا کام نہیں کرنا چاہیئے جو دنیا کی ملامت اور عقبیٰ کی بدبختی کا باعث ہو۔ سادات بارہ کے ساتھ نرمی برتنا آخر کار تباہی و بدانتظامی کا باعث ہوتا ہے۔ کیونکہ یہ جماعت ذرا سی ترقی پر انا و لا غیری (ہم جیسا کوئی دوسرا نہیں) کی شیخی مارنے لگتے ہیں اور سیدھے راستہ سے ہٹ جاتے ہیں۔ اور اپنی نظر بلند کر کے رخنہ اندازی کرتے ہیں۔ اب اگر ان کے ساتھ تغافل برتا

حاشیہ احکام[۴۲] سید حسن علی خاں اور سید حسین علی خاں سادات بارہ میں سے حقیقی بھائی تھے۔ دونوں بھائی اورنگ زیب کے عہد میں منصب فوجداری پر فائز تھے (باقی اگلے صفحہ پر ملاحظہ ہو)

TooBaa-Research-Library

جائے (اور بلحاظ سیدت ہونے کے نرمی کی جائے)، تو سلطنت کے انتظام میں خلل پڑتا ہے۔ اور اگر (سختی کرکے) ان کا تدارک کیا جائے تو آخرت میں پاؤں کیچڑ میں دھنستے ہیں۔

۴۲ میر شہاب الدین

غازی الدین خاں بہادر فیروز جنگ کا نام میر شہاب الدین تھا۔ یہ پہلے جب ولایت سے آئے تو ان کے والد عابد خاں نے سر بلند خاں بخش کے ذریعے دہلی میں انہیں (حضرت عالمگیر کے) سامنے جبکہ وہ (عالمگیر) حضرت قطب الاقطاب

(بقیہ حاشیہ صفحہ گذشتہ) بعد میں بڑی ترقیاں کیں۔ سید حسن علی نے قطب الملک عبداللہ خاں کا لقب پایا اور فرخ سیر کا وزیر ہوا۔ سید حسین علی نے امیرالامراء کا لقب حاصل کیا۔ ان دونوں بھائیوں نے اسقدر قوت اور اقتدار حاصل کیا کہ بادشاہ گر کہلاتے تھے۔ جس کو چاہتے تخت پر بٹھاتے جس کو چاہتے اتار دیتے تھے۔ اورنگ زیب کی بصیرت کی داد دینی چاہیئے کہ جو اس نے ابتداء کار میں کہہ دیا تھا انجام کار وہی پیش آیا اور یہ دونوں بھائی (سادات بارہہ) مغل بادشاہوں کو کٹھ پتلیوں کی طرح نچاتے رہے۔ **(قادری)**

حاشیہ احکام ۴۳ ؎ میر شہاب الدین کا لقب غازی الدین خاں فیروز جنگ تھا۔ اسکے والد کا نام عابد خاں تھا جو اورنگ زیب کے عہد صدر کے عہدہ پر فائز تھا۔ میر شہاب الدین کا بیٹا نظام الملک اول جس کا نام میر قمر الدین چین قلیچ خاں آصف جاہ تھا۔ شہاب الدین اپنے وطن سمرقند سے اکتوبر ۱۶۶۹ء میں دربار دہلی میں قسمت آزمائی کے لئے آیا تھا۔

اس احکام کا بیان کردہ واقعہ شاہزادہ اکبر کی بغاوت سے قبل کا ہے۔ شاہزادہ اکبر نے اپنے والد کے خلاف جنوری ۱۶۸۱ء میں بغاوت کی تھی۔ (ج۔ ن۔ س)

TooBaa-Research-Library

کی زیارت کے لئے تشریف لے جا رہے تھے پیش کیا۔ اور تین سو کا منصب عطا ہوا اس کے بعد جب عالمگیر اجمیر تشریف لے گئے تو سپاہیوں میں سے کوئی بھی شہزادہ محمد اکبر کی خبر جو راجپوتوں کی طرف چلے گئے تھے لانے پر رضامند نہ ہوتا تھا میر شہاب الدین نے کہا کہ غلام حاضر ہے۔ اسکو خلعت مرحمت فرماکر اور منصب میں دو صدی کا اضافہ کرکے روانہ کیا۔ چودھویں دن خبر ملی کہ وہ لشکر لے کر چوکیداروں تک آگیا ہے اور اس نے یہ عرضی بھیجی کہ غلام خبر لیکر حاضر ہو گیا ہے۔ جلد لشکر میں داخلہ کی اجازت عطا کی جائے تاکہ عرض کیا جائے۔

اس عرضی پر تحریر فرمایا۔

؎ چوں لعل ہر کہ خون جگر خورد و صبر کرد
زیب کلاہ افسر اقبال می شود

(جو کوئی لعل کی طرح خون جگر کھاتا ہے اور صبر کرتا ہے وہ کلاہِ اقبال کی زینت بنتا ہے) کوتوال لشکر میں داخلہ کی اجازت (جلد) دے۔

۴۴ حکم قتل

خان فیروز جنگ کی فوج کے وقائع نگار سے معلوم ہوا کہ اس نے برسر دربار ایک شخص محمد عاقل خاں کو راہزنی کے جرم میں قتل کر دیا۔

اس پر تحریر فرمایا کہ "جمدۃ الملک (وزیر اعظم) اس بے عقل فیروز جنگ کو تحریر کریں کہ اس نے قتل جو کہ صدم بنیان الٰہی کے مترادف ہے کیا ہے اور (وہ بھی) بغیر (کسی) دلیل شرعی کے۔ افسوس ہے اس دن پر جب اس کے وارث (ہمارے پاس) آئیں گے اور خون بہا قبول نہ کریں گے۔ اور اس عاجز (اورنگ زیب) کے لئے سوائے حکم قصاص کے اور کوئی چارہ کار نہ ہوگا۔ (کیونکہ) حدود شرعی کے اندر رحم کرنا

TooBaa-Research-Library

کلام پاک سے منع ہے۔

(۳۵) کرامت بنیاد

غازی الدین خاں بہادر فیروز جنگ کے واقع نگار سے معلوم ہوا کہ "خان فیروز جنگ نے مقرر کرلیا ہے کہ جو احکام اس کی طرف سے جاری ہوتے ہیں ان میں "حسب الارشاد کرامت[1] بنیاد" کے الفاظ لکھے جاتے ہیں"۔

اس پر تحریر فرمایا "کوئی مضائقہ نہیں ہے۔ ان (خان فیروز جنگ) کے آباؤ اجداد درویش اور خانقاہ نشین لوگ تھے (اس لئے، صرف "حسب الارشاد" لکھنا ہمیں قبول ہے۔ لیکن حضرت صدی کوئی کرامت نہیں رکھتا۔ اس کے بعد سے ہم یہ مقرر کرتے ہیں کہ تحائف و نذرانے جو جشن و جلوس کے موقعوں پر غلاموں (یعنی اورنگ زیب کو) بھیجتے ہیں ہم قبول نہ کریں گے۔

اس کے بعد جب یہ حکم نامہ غازی الدین خاں بہادر تک پہنچا تو انہوں نے عرض دی "التائب من الذنب کمن لا ذنب له والمعتوب بالتقصیر فقد عفی الله عنه القلیل والکثیر"۔

ترجمہ (توبہ کرنیوالا ایسا ہے جیسے اس نے قصور ہی نہیں کیا اور جو اپنے قصور کا اعتراف کرے تو اللہ تعالیٰ اسکو معاف کر دیتا ہے خواہ کم ہو یا زیادہ۔)

عرضی پر عالمگیر نے تحریر فرمایا " من عفی و اصلح فاجرہ علی اللہ ومن عاد فینتقم اللہ"۔

---

[1] نظام الملک اوّل کا والد غازی الدین خاں سمرقند کے بزرگ شیخ اور عالم۔ عالم شیخ کا لڑکا تھا جن کا سلسلۂ نسب حضرت شیخ شہاب الدین سہروردی سے ملتا ہے۔

TooBaa-Research-Library

ترجمہ: "جو اپنی غلطی کی اصلاح کرتا ہے اللہ تعالیٰ اسے جزا دیتا ہے"۔

اور دوسری عبارت کا ترجمہ یہ ہے:

"اور جو کوئی دوبارہ اپنی غلطی کا اعادہ کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس سے انتقام لیتا ہے"۔

(۳۶) سوانح نگار کو تنبیہہ

غازی الدین خاں فیروز جنگ کے بھائی حامد خاں بہادر کی فوج کے سوانح نگار سے معلوم ہوا (حامد خاں بہادر) بلا اجازت و رخصت (شاہی) اپنے ساتھ نقارہ و نقار خانہ رکھتا ہے اور ہر روز بطور جشن کے بجواتا ہے"۔ اس عرضی پر تحریر فرمایا "خان فیروز جنگ کا بھائی (احمد خاں) احمق نہیں ہے کہ اس طرح کی حماقت کرے۔ (سوانح نگار کو معلوم ہونا چاہیئے کہ اس کے گھر ہر روز شادی (کی تقریب) ہے اور جبکہ شادی میں نوبت بجانے کی اجازت کی (ذلیل سے) ذلیل کو ضرورت نہیں ہوتی تو پھر یہاں (اس موقع پر) کیا ضرورت ہے۔ سوانح نگار کو آئندہ اس کی اس طرح کی شکایت بربنائے عداوت نہ لکھنی چاہیئے۔ اس کے صبر پر آفرین ہے کہ باوجود چار ہزاری منصب اور بہادری کے خطاب کے ہم نے (اس کی) قلت عقل کی بناء پر نوبت نہیں عطا کی اور اس نے بھی کبھی (اسکے لئے) عرض نہیں کیا۔

(۳۷) جابر گورنر پر عتاب

خان جہاں بہادر[1] نے جو لاہور کے گورنر تھے (لاہور سے) واپسی کے وقت (وہاں کی)

حاشیہ احکام ص۳۲ میر ملک حسین بہادر خان اعظم خاں کوکہ کا بھائی تھا۔ ۱۰۷۳ھ خان جہاں بہادر کوکلتاش اور ۱۰۸۵ھ میں ظفر جنگ کے خطاب پائے۔ ۱۸ اپریل ۱۶۹۱ء کو پنجاب کا صوبہ دار مقرر ہوا۔ ۱۶۹۳ء کے وسط میں برطرف کیا گیا۔ ۲۳ نومبر ۱۶۹۷ء کو فوت ہوا۔

TooBaa-Research-Library

رعایا پر بہت ظلم ڈھائے (جن کی) اطلاع سوانح نگار کی (رپورٹوں) سے عالمگیر تک پہنچی۔ چنانچہ (عالمگیر نے خان جہاں سے دربار میں) حاضر ہونے پر فرمایا "ہمیں تمہارے متعلق یہ گمان نہ تھا اور سب سے بدتر بات یہ ہے کہ تم نے لاہور کی جاگیرداری میں کچھ ایسی بدعتیں جاری کر دی ہیں جو ہمیشہ باقی رہیں گی۔

ظلم برگ حسرت نمی دارد از ستم
آخر پر عقاب تیر می شود

ترجمہ: ظالم مرنے پر بھی ستم سے باز نہیں آتا۔ پر عقاب آخر پر تیر ہی بنتا ہے۔

(۴۸) اصولِ حکومت

سربلند خاں میر بخشی کے والد بخارا کے مشہور خواجہ خاندان سے تھے (اس لئے) حضرت (عالمگیر) اس کی (سربلند خاں) بہت زیادہ خاطر ملحوظ رکھتے تھے۔ اگر کبھی (اس) سربلند خاں سے کوئی گلہ کیا تو وہ یہ تھا کہ ــــ اس (سربلند خاں) کے اقوال سے بوئے تشیع آتی ہے"

حاشیہ احکام ؎ ۱۲۷۱ھ کے نسخہ میں مندرجہ ذیل عبارت کا اضافہ ہے:

...کہ باعث رسوائی و فضیحت نہ ہو کہ بعد میں برسوں تک اس کا تذکرہ ہے۔ اس شخص کا گمان پر زور ہے اور خود اپنے حق میں اس کا گمان انتہائی استعداد و غرور سے بھرا ہوا ہے۔ افلاطون نے سکندر کو لکھا تھا کہ حکومت کے لئے شدت چاہیئے۔ بغیر درشتی کے اور نرمی چاہیئے بغیر کمزوری کے اور اس عزیز القدر کے مزاج میں نہایت سختی اور یک رخی سب ہے اور یک دار و مریز کو بالکل نہیں سمجھتا اور اس سے (مزاج میں) نہایت صداقت و سادگی ہے۔ اور ہرگز مکر و حیلہ سے واقف نہیں۔ اور حکومت بغیر حیلہ کے نہیں ہوتی۔ حدیث شریف
(باقی اگلے صفحہ پر)

TooBaa-Research-Library

سربلند خاں نے ایک دن عرض کیا کہ "بخارا میں اکثر سادات یسّاری یہ مذہب رکھتے ہیں یہ اُن کی صحبت کا اثر ہے کہ بندہ ایرانیوں کی رعایت زیادہ ملحوظ رکھتا ہے۔ چنانچہ کابل کی گورنری کے لئے فلاں امیر کا نام تجویز کرتا ہوں"

عرضی پر تحریر فرمایا "ہم نے اس قابل اعتماد بندہ (سربلند خاں) کی عرضی قبول کی ہمارے توشہ خانہ سے چھ پارچہ کا خلعت (اسکو) دیا جائے۔ (اور) جواہر و اسپ و فیل بھی قاعدہ کے مطابق عنایت کیا جائے۔ لیکن (سربلند خاں کو) یہ بات یاد رہے کہ اس شخص سے یہ خدمت (گورنری) انجام نہیں دی جاسکتی۔ اللہ تعالیٰ (اس تقرری کا) انجام بخیر کرے"

(بقیہ حاشیہ صفحہ گذشتہ) میں صاف واضح ہے کہ "جنگ میں حیلہ و خدعہ ہے۔ اور علم اصول عدالت کی جزئیات بہت ہیں۔ اغلب یہ ہے کہ ریاست و حکومت کرنے کا فن بھی اسی کُل میں داخل ہے جن زمانہ میں ہم دکن کی گورنری پر جاتے تھے برہان پور میں ایک درویش سے ملاقات ہوئی جو علم تکسیر کا ماہر تھا اس علم کے بعض نکات استاد سے حاصل کئے اور خود بھی اس کے بعد تصرف کیا چنانچہ علم تکسیر کے قواعد میں مقرر ہے کہ اگر سطور تکسیر میں سے مکرر حروف کو حذف کر دیں تو (جو حرف باقی بچیں ان کو ملا کر) بامعنی لفظ بن جاتے ہیں چنانچہ اگر حکومت اور حیلت کو دو سطر میں لکھ کر مکرر حروف کو حذف کر دیں تو (باقی ماندہ حروف ک۔ و۔ ی۔ ل۔ م ملانے سے) کل۔ یوم۔ حیلہ نکلتے ہیں۔ ان کو بدل کر لکھنے سے ملیک کل یوم ہو جاتا ہے یعنی جو حکومت حیلت سے کی جائے اسے دوام و استقلال ہوتا ہے اور وہ کل وقت کا ایک ہوتا ہے اور عوام جو مثل جانوروں کے ہوتے ہیں انکے نزدیک مکر و حیلہ بہت مذموم چیز ہے حالانکہ حق سبحانہٗ نے کلام مجید میں بار بار خود اپنی پاک ذات سے منسوب کیا ہے کہ "واللہ خیر الماکرین" لہٰذا حیلہ کو مذموم سمجھنا نص قرآنی کے خلاف ہے۔ پس کابل کی گورنری میں یہی شیوہ عمدہ جزو ہے۔ جو کچھ نہ سمجھنے اور کہنے کا حق تھا تجھے کہہ دیا خواہ تو اب میری بات سے خوش یا ناخوش ہو۔

TooBaa-Research-Library

(۳۹) امور انتظامی میں بے تعصبی

محمد امین خاں جس دن ولایت سے (ہندوستان) آیا اُسی دن پانچ صدی کے منصب پر سرفراز کیا گیا (اور یہ اس سبب سے ہوا کہ) اس کا باپ بلخ کی فتح کے وقت حضرت عالمگیر سے بہت عقیدت رکھتا تھا اور (اس نے ان کی) بہت زیادہ خدمت کی تھی۔ تھوڑے عرصہ میں اس کی خدمات کو جو اس نے بدبخت اور بدانجام دشمنوں (مرہٹوں) سے جنگ کے دوران میں جانوروں کے واسطے ستارہ سے چارہ کی فراہمی اور سامان رسد کی فراہمی، اطراف و جوانب سے کمک اور (مغلوں) کی مورچہ بندی کے دوران میں آمد و رفت کے سلسلہ میں جو خدمات انجام دی تھیں ان کو سراہا گیا اور جلد ہی اس کے منصب میں سہ ہزاری (اور دو ہزاری سوار مزید) کا اضافہ کیا گیا اور نوبت بھی عطا کی گئی۔

چونکہ شہنشاہ کی خواہش تھی کہ وہ نوبت کو (جو انہیں عنایت ہوئی تھی) بجائیں۔ (اور اسکے لئے ضروری تھا کہ شاہی قیامگاہ سے) کچھ دن کے لئے دور رہیں (اسلئے انہوں نے حکم دیا کہ) سوانح نگار سے معلوم ہوا کہ بنگالہ کی مال گزاری کا روپیہ ہزبدا کو عبور کر چکا ہے۔ تم جاؤ اور اورنگ آباد میں قیام کرو۔ اور کچھ روز کے لئے تفکر و تردد سے آزاد ہو جاؤ۔ اور نوبت جو تمہیں عطا ہوئی ہے اسے دل کھول کر بجواؤ۔ اس کے بعد اپنا قیمتی پوستین اور زریں کار چوغہ جو پہنے ہوئے تھے مرحمت فرمایا اور رخصت کر دیا۔

(اس سفر سے) واپسی پر جبکہ بے غیرت مرہٹوں سے جنگ کر کے اور انہیں مغلوب کر کے خزانہ کو (بحفاظت تمام) حضور میں پہنچایا تو گھوڑا مع سونے کے ساز اور خنجر مع کلغی اور خلعت خاص جو خود (شہنشاہ) پہنے ہوئے تھے (اسے) عنایت کیا

TooBaa-Research-Library

جب اس نے یہ مسلسل عنایات دیکھیں تو محرم خاں کی معرفت عرضی گذاری کہ اس بڑھے غلام نے بلخ میں جو خدمات انجام دی ہیں ان پر نظر کر کے یہ خادم بھی چند عنایات کا امیدوار تھا۔ لیکن چونکہ (دربار میں میرے) دوستوں کی قلت اور دشمنوں کی کثرت ہے اس لئے اب تک اظہار مطلب کی جرأت نہیں کر سکا۔ اب اللہ تعالیٰ پر بھروسہ کر کے یہ عرضی پیش کرتا ہوں۔

نقل عرضی:

پیر و مرشد عالمیان سلامت!

بخشی گری کی دو نوکریاں ہیں اور ان دونوں پر بد مذہب اور ولایت ایرانی مقرر ہیں۔ اگر ایک بخشی گری کی ملازمت اس پرانے خادم کو مرحمت فرمائی جائے تو دین کی تقویت کا باعث بھی ہوگا اور طعون کافروں سے کام کو بھی چھینا جا سکے گا۔

اسی عرضی پر تحریر فرمایا: "جو کچھ (اس نے) اپنی قدیم خدمات کے سلسلہ میں بیان کیا ہے وہ ٹھیک ہے اور حسب توفیق قدر دانی بھی عمل میں آتی ہے۔

جو کچھ بد مذہب ایرانیوں (شیعوں) کے متعلق لکھا ہے (اس سلسلہ میں خیال رکھنا چاہیئے کہ) دنیا کے کاموں میں مذہب کا واسطہ کیا معنی رکھتا ہے اور امور انتظامی میں تعصب کا کیا دخل "لکم دینکم ولی الدین" اگر یہی قاعدہ مقرر ہوتا تو پھر تمام راجاؤں اور ان کے متعلقین کو ہم ہلاک کر دیتے۔ لائق لوگوں کی تبدیلی عقلمندوں کے نزدیک مذموم بات ہے۔ بخشی گری کی تقرری کی جو درخواست کی وہ بروقت اور برمحل ہے کہ (وہ) اس خدمت (کی تقرری) کے لائق منصب رکھتا ہے۔ (لیکن اسوقت) جو بات مانع ہے وہ یہ کہ تورانی لوگ کہ جو ہمارے جدوں کے ہم شہر ہیں۔ یعنی جن لوگوں کی طرف (تم نے) اشارہ کیا ہے۔ اس مضمون کے بموجب کہ خود اپنے آپ کو جان بوجھ کر ہلاکت میں نہ ڈالو، عین لڑائی کے وقت بھی واپس لوٹ آنے میں کوئی برائی نہیں سمجھتے۔

اگر یہ امر اسوقت رونما ہوتا جب کہ چارہ کی فراہمی جاری تھی تو کوئی مضائقہ نہ تھا۔

TooBaa-Research-Library

لیکن اس وقت، عین لڑائی کے وقت مشکل ہے۔ اگر خدانخواستہ ہمارے ہمراہیوں میں یہ صورت واقع ہو جائے تو ایک لحظہ میں تمام قصہ ختم ہو جائے گا۔

اگر اس (ہیڑوں بارکی) تجربہ کی ہوئی بات سے بھی انکار ہو تو پھر مفصل بیان کریں۔

لیکن ایرانی لوگ خواہ ملکی ہوں یا غیر ملکی اگرچہ اپنے جہل مرکب میں مشہور ہیں لیکن اس قسم کی باتوں سے بہت دُور ہیں۔

"انصاف کرو کہ اس بُرے آدمی کا جہل لومڑی کی طرح مزاج رکھنے والا ہزار عقلوں سے بہتر ہے"

صرف ایک احمق سارے لشکر کے لئے کافی ہے۔ کیونکہ آنکھوں میں اولے بھی اینٹ کی طرح لگتا ہے۔

(۴۰) بردباری وکم آمیزی

یار علی بیگ نے ہرکارہ کی زبانی عرض کرایا کہ حمیدالدین خان بہادر نے محمد مُراد کے ساتھ سخت گفتگو کی۔ محمد مراد نے کہا اے مردک تو بھی چیلہ ہے اور میں بھی چیلہ۔ اس بات پر حمیدالدین خاں نے نوکری سے استعفے دے دیا اور میر بخشی بہرہ مند خاں کے پاس استعفے کا کاغذ بھیجدیا۔

اس پر تحریر فرمایا: "مردک کوئی گالی نہیں ہے صرف تصغیر کا صیغہ ہے۔ یعنی چھوٹا آدمی۔ دنیا کے سارے آدمی بڑے آدمی نہیں ہیں۔ شاید خان بہادر کو چیلہ کہنے پر غصہ آیا ہو گا۔

"جو شخص اپنے سے کمتر شخص سے دست وگریباں ہوتا ہے وہ اس کمینہ شخص سے بھی پہلے خود اپنا راز فاش کر دیتا ہے"

"جس عقلمند شخص نے (کمینہ) شخص سے گفتگو کی اس نے گویا اپنے آب دار موتی کو پتھر پر دے مارا"

TooBaa-Research-Library

(۴۱) شاہنواز خاں

۱۰۲۲ھ مرزا اسعدالدین محمد خاں صفوی کہ جس کو آخر میں شاہنواز خاں کے خطاب سے نوازا گیا کسی نامناسب عرض پر منصب سے ہٹا دیا گیا۔ چالیس ہزار روپیہ سالانہ مقرر کیا تھا۔ ایک سال کے بعد اس کے باپ سلطان صفوی کے حقوق یاد آئے کہ اس نے دارا شکوہ سے جنگ (کے دوران) میں نہایت استقامت دکھائی تھی۔ اس کی طلبی کا فرمان خلعت خاص کے ساتھ گرز داروں کے ہاتھ بھیجا۔

خان مذکور نے فرمان لے کر بوسہ دیا اور خلعت کو پہن کر آداب بجا کر عرض کرایا کہ ایک مدت سے بے منصب ہونے کی وجہ سے حال تباہ ہے اور (خدمت میں حاضر ہونے کے سلسلہ میں) ایک پورے لشکر کے خرچ کی استطاعت نہیں ہے اس لئے بنگالہ سے آنیوالے) قافلہ کا انتظار ہے (کہ وہ آئے تو اس کے ہمراہ خدمت میں حاضر ہوں)، اس پر تحریر فرمایا:

"بوئے گل اور راہِ سحر راہ میں ہیں اور اگر اپنے آپ سے جانا ہے تو پھر اس سے بہتر قافلہ نہیں ہے"

فرمایا کہ دل کی گرفتاری کے اسباب حلقۂ زنجیر کی طرح سے فاصلہ نہیں رکھتے بظاہر یہ عذر معقول ہے لیکن درحقیقت یہ (عذر محض) سستی اور دل تنگی کی بناء پر ہے اللہ تعالیٰ سُست قدم لوگوں کی راہبری فرمائے۔

(۴۲) میرزا مُعز فطرت موسوی

بہرہ مند خاں کو کہ اس زمانے میں بخشی تھا حکم ہوا کہ موسوی خاں عرف میرزا معز فطرت غرور کی وجہ سے ہرگز عرض مطلب نہیں کرتا اور نہایت پریشانی میں (زندگی گزار رہا)

TooBaa-Research-Library

ہے۔ جب تک وہ (از خود) عرضِ حال نہیں کرے گا ہم اس کی طرف کوئی توجہ نہیں کریں گے۔

(بہرہ مند خاں کو) چاہیئے کہ یہ پیغام (موسوی خاں کو) پہنچاکر (اسکے) جواب میں اس کی عرضی لاکر (ہمارے) ملاحظہ میں پیش کریں۔

چنانچہ پیغام کے بعد موسوی خان نے عرضی پیش کی۔ تمہارا علم میرے حال کے متعلق۔ میرے بیان کے مقابلہ میں کافی ہے:

شعر۔

۱: ہم بے زبان طلب میں پروانے کی اُمت ہیں۔ ہمارے لئے عرضِ مطلب کی نسبت جل مرنا زیادہ آسان ہے۔

۲: غلامی کے غرور کی وجہ سے زبانِ عرض خاموش ہوگئی ہے۔ ان درست باتوں نے مجھے غلط راہ پر ڈال دیا ہے۔

۳: بحرِ کرم کو خود موج کے سبب قرار نہیں۔ سوال کرنیوالے خوامخواہ اصرار کرتے ہیں

اس پر تحریر ہوا کہ "حقیقتاً صحیح لکھا ہے"۔

شعر۔

کوئی شخص بھی اپنی عادتوں کی اصلاح نہیں چاہتا۔

جس شخص کو بھی دیکھا وہ اپنی عادتوں کی آزمائش (داد تحسین) میں مصروف نظر آیا۔

اس حدیث کے مطابق کہ سلطان ظل اللہ ہوتا ہے۔ جب کبھی بادشاہ وقت خود اپنے نوکروں سے ان کا مدعا دریافت کرے اور وہ اس خوبی سے جواب دیں تو اخلاق سے بعید ہے کہ اس (نوکر) پر دوبارہ مہربانی و کرم نہ ہو لے

لے ماثر عالمگیری جلد سوم صفحہ ۴۲۳ پر میرزا معز خاں موسوی فطرت کا حال درج ہے۔
باقی اگلے صفحہ پر

TooBaa-Research-Library

(۴۳) اُجرت یا خدمت

ملص خان نے سلطان محمود کے بارے میں جو شہد مقدس کے شمہائے سلاات

بقیہ حاشیہ صفحہ گذشتہ:

خلاصہ یہ ہے:

سید السادات میر محمد زمان مشہدی کا نواسہ تھا جو وہاں کے علماء میں ممتاز تھے۔ میرزا معز ابتدائے شباب میں اپنے والد میرزا فخرا سے لڑکر جو قم کے سادات موسوی میں تھے دار السلطنت اصفہان چلا گیا جو حضرت علماء و فضلاء کا مرکز تھا۔ وہاں علامہ آقا حسین خوانساری کے سامنے زانوے تلمیذ کیا اور طبع رسا اور ذہانت کی بدولت علوم عقلیہ میں یگانۂ روزگار ہوگیا۔ ۱۰۸۶ھ ہجری میں ہندوستان کو ہجرت کی۔ چونکہ قسمت کا ستارہ اسکے علم کی طرح بلند تھا جلد ہی اورنگ زیب کی عنایت کا مرکز بنا اور اورنگ زیب کی بیوی کی بہن شاہنواز صفوی کی بیٹی سے شادی ہوئی ـــــ کہا جاتا ہے کہ حسن ابدال کے مقام پر ایک روز اس کا شیخ عبد العزیز عزت سے مباحثۂ علمی اور مذاکرہ حکمی ہوا۔ اور بحث نے کافی طول کھینچا۔ شیخ نے کہا کہ تم جو کہتے ہو اس کی کیا سند تمہارے پاس ہے! میرزا نے جواب دیا کہ شیخ بہاؤ الدین محمد سے سند ہے شیخ عبد العزیز عزت نے کہا میں نے شیخ بہاؤ الدین پر بائیس جگہ اعتراض کئے ہیں۔

(بیست و دو جا حرف کردہ ام)

میرزا نے جواب میں کہا ہاں وہ حروفِ تہجی پڑھ رہے ہوں گے۔ آخر بحث میں اتنی تلخی پیدا ہوگئی کہ شیخ کو غصہ آگیا اور کہنے لگے کہ تم شیعہ لوگ میت کے غسل کے وقت گڑگڑ کرتے ہو! سبب کیا ہے؟ میرزا نے قہقہہ مارا اور کہا کہ یہ مسئلہ یا تو لاہور کی کنجنوں کے بھڑووں نے ایک دفعہ مجھ سے پوچھا تھا یا آج تم نے پوچھا ہے۔

بہرحال ابتدائے ملازمت میں صوبۂ پٹنہ و بہار کی دیوانی پر مامور رہا۔ پھر ۱۰۹۸ھ میں دکن
باقی اگلے صفحہ پر

TooBaa-Research-Library

میں سے تھے اور نہایت پریشان حال تھے، اور خانِ مذکور (مخلص خان) کو سید مذکور (سلطان محمود) سے بہت زیادہ عقیدت تھی۔ نصیحت نقدی اور جاگیر میں اضافہ کے متعلق ایک عرضی دی۔

(اس پر) تحریر فرمایا کہ۔ جس نے نیک عمل کیا وہ اس کی ذات کے لئے ہے اور جس نے بُرائی کی وہ بھی اسی کے لئے ہے۔

سید مذکور کے تقویٰ اور نیکی کے متعلق تمام اطلاع ہے لیکن نوکری کی کیا شرط ہے مزدور کو چاہیئے کہ بغیر خدمت کے اُجرت کو جائز نہ رکھے کہ یہی نیکی و برکت ہے۔

شعر

"پاؤں کی انگلی سے اگرچہ گرہ نہیں کھل سکتی لیکن روزی کے عقدے سعی قدم سے ہی کھلتے ہیں۔

(۴۴) نیکی غافر ذنوب

دیوانِ اعلیٰ کی کچہری کی اطلاعات سے معلوم ہو کہ میر حبیب شیخ جان پوری نے جس کے

بقیہ حاشیہ صفحہ گذشتہ :

کا دیوان بنایا گیا ۱۱۰۲ھ ہجری (۱۶۹۰ عیسوی) میں انتقال ہوا۔ کمہاشد سرسوی خاں تاریخ وفات ہے۔ فارسی کا اعلیٰ درجہ کا شاعر تھا۔ خوش خیالی و نازک تلاش اور انشاء پردازی و بندآفرینی میں ممتاز تھا۔ ابتدائے سخن میں سرسوتی اور بعد میں فطرت تخلص کرتا تھا۔ یہ شعر اس کا ہے۔

سد راہ جمعیت باشد پریشانی مرا

داشت عریانی نگہ زالودہ دامانی مرا

فائدہ جمعیت بی بی ست از بے چادری کے محاورہ سے یہ شعر پیدا کیا ہے۔ ۱۲۔ قادری

ذمہ جزیہ کی امانت (وصول کرنے اور رکھنے کی) خدمت تھی چالیس ہزار روپیہ بلاشبہ شاہی روپے میں سے خرچ کر دیا۔ (اس کا اسکو خود اقرار ہے۔ عنایت اللہ خان نے کچہری میں بٹھا کر وصول کرنیوالے مقرر کر دیئے ہیں تاکہ اس سے وصول کریں۔

سید مذکور کہتا ہے کہ جان حاضر ہے مالِ دنیا میں سے کچھ پاس نہیں ہے۔ اطلاع نامے پر تحریر فرمایا گیا۔ وصول شدہ مال کو دوبارہ حاصل کرنے کی کوشش کیوں کی جائے؟ اس سے پہلے برہان پور کے حالات میں بار بار (ہمیں) مطلع کیا گیا ہے کہ سید مذکور جو کچھ بھی پاتا ہے وہ مستحقین میں تقسیم یا کارِ خیر میں صرف کر دیتا ہے۔

چونکہ اس عاصی غرق معاصی (اورنگ زیب) کا مال بھی نیا بنا اس کی طرف سے کارِ خیر میں صرف کیا ہوگا۔ اس لئے اس کی واپسی بے کار ہے۔ ہم اللہ سے اپنے نفس شر سے پناہ مانگتے ہیں۔

(۴۵) اثنا عشر

اسلام پوری عرضی بدرجم پوری سے کہ (جہاں سے) ۱۱۰۴ھ کے ماہ جمادی الثانی میں دکھن کے قلعوں کی فتح کے لئے کوچ فرمایا تھا حکم ہوا کہ ہر روز مخلص خان کی جو بخشی دوم تھا خانہ زادوں وغیرہ میں سے دس آدمی منصبدار و کمکیوں کے علاوہ نظر مبارک سے گذاریں۔ خان مذکور نے عرض کیا کہ "اگرچہ آیت کریمہ "تلک عشرۃ کاملۃ" کے مطابق حکم ہوا ہے کہ دس افراد روز پیش ہوں۔ اگر بارہ بھی ہوں تو کوئی مضائقہ نہیں ہے" حکم ہوا "تم نے بے دلیل عرض نہیں کیا ہے۔

شعر

"وقت کی گھڑیاں اور فلک کے برجوں کو دیکھو، روز و شب اور آسمان بھی بارہ ہیں"۔

TooBaa-Research-Library
TooBaa-Research-Library

محمد امین خاں نے عرض کیا۔ "جی ہاں صحبت کا بھی عجیب اثر ہوتا ہے یہ آج ہی معلوم ہوا بارہ کی جگہ چار کیوں نہ ہوں!" حکم فرمایا "چار بھی بارہ میں شامل ہیں۔" (پھر) متبسم ہو کر فرمایا۔ "تین کیوں نہ ہوں۔" لیکن بارہ کو تین سے دو گنے ڈیوڑھے کی نسبت ہے۔ تم کو اختیار ہے جس میں بھی خلقِ خدا کا زیادہ فائدہ ہو اسے عمل میں لاؤ۔

(۴۶) ....راہ زندگی ہموار نیست

حیدر آباد و بیجاپور کی فتح کے بعد عمدۃ الملک مدار المہام نے عرض کیا کہ:
"الحمد للہ قادر متعال اور اقبال بے زوال کے فضل سے دونوں ملک فتح ہو گئے۔ اب حکومت کی بہتری اسی میں ہے کہ شاہی جھنڈے ہندوستان بہشت نشان کی طرف متوجہ ہوں (یعنی افواجِ شاہی دکن سے شمالِ ہند واپس ہوں۔) تاکہ لوگوں کو معلوم ہو جائے کہ اب کوئی کام باقی نہیں رہا۔"

اس پر تحریر فرمایا۔ "اس ہمہ دان خانہ زاد سے تعجب ہے کہ ایسا لکھا ہے اگر مقصد یہ ہے کہ لوگوں پر یہ ظاہر ہو جائے کہ اب کوئی کام باقی نہیں رہا تو خلاف واقعہ ہے۔ جب تک کہ فانی عمر کا ایک سانس بھی باقی ہے شغل و کار سے خلاصی ممکن نہیں۔

شعر

"بے امیدوں کے راستہ پر چلنے والے کو کسی رہبری کی ضرورت نہیں۔ جب
تک سانس باقی ہے زندگی کا راستہ ہموار نہیں ہے۔ مشکل یہ ہے کہ بھاگا ہوا
دل وطن کا آرزو مند ہے شبنم اس طرح گئی کہ چمن کو یاد کرتی ہے۔"

اگر اعلیٰ حضرت (شاہجہان) ہمیشہ دار الخلافت اور مستقر الخلافت میں مقیم نہ رہتے اور ہمیشہ سفر میں رہتے تو کام یہاں تک نہ پہنچتے جہاں تک کہ پہنچے۔ اور اگر ادب کی وجہ سے عرض نہیں کرتے اور قلعوں کو فتح کرنے میں مشقتیں اٹھاتے ہیں (تو) آئندہ قلعوں کے

TooBaa-Research-Library

محاصرہ کے لئے میں خود متوجہ ہوں گا۔

؎ غریقِ عشق کو اندیشۂ خطر کیا ہے
سر گذشتہ کو پروائے دردِ سر کیا ہے

الحمد للہ ہم جس جگہ اور جس مقام پر بھی ہیں۔ وہاں سے گذرنے میں دل کو ہم نے تعلقات سے آزاد کر لیا ہے اور مرنے کو اپنے لئے آسان بنا لیا ہے۔

شعر

"دل بستگی کی گرہ کو تو آہستہ آہستہ کھول ورنہ موت اس ڈورے کو ایک دم
غفلت میں کھینچ لے گی۔"

(۴۷) کوچ در ایامِ علالت

جس وقت کہ برہم پوری سے جس کا نام حضور نے اسلام پوری مقرر کیا تھا قلعوں کو فتح کے لئے کوچ فرمایا تو یہ مقرر کر دیا تھا کہ چاہے بیماری ہو یا صحت سوائے جمعہ کے اور کسی دن قیام نہیں کیا جائے گا۔ چنانچہ خواص پور پہنچنے تک کہ ان کے زانو میں تکلیف پیدا ہوئی۔ دوبارہ تکلیف سخت ہو گئی۔ ایک بار تپ اور ایک بار اسہال۔ لیکن سوائے جمعہ کے ہرگز قیام نہ کیا۔ بیماری کے ایام میں کھلی چھت کے سرِ دروان پر سواری مقرر کی تھی بر خلاف صحت کے کہ (اطراف میں) شیشہ لگے ہوئے سرِ دروان پر سواری مقرر تھی۔ اتفاق سے جب خواص پور میں زانو کو تکلیف پہنچی تو جمعہ کی شب تھی۔ اسی وقت فرمایا کہ کوچ کا نقارہ بجایا جائے۔ حمید الدین خاں نے جو بحد جرأت زیادہ رکھتا تھا عرض کیا اسلام پوری سے آتے وقت جو حکم دیا گیا تھا اس کے خلاف عمل کیا جاتا ہے۔ متبسم فرمایا؛ اور کہا کہ اگر منطق کا ذرا بھی علم ہوتا تو ایسا عرض نہ کرتے۔ (اس وقت) بات جمعہ کے علاوہ قیام کرنے کے متعلق تھی۔ غرض کوچ کے اہتمام سے ہے نہ یہ کہ جمعہ کے روز

TooBaa-Research-Library

کوچ بھی نہ کیا جائے گا۔ مخالف مفہوم اصلی معنی سے متعارض نہیں ہوتا۔

(۴۸) سزائے اوباشی

میرزا تفاخر نے جو جمدۃ الملک مدار المہام کا نواسہ تھا۔ دارالخلافت میں اوباشی کو اپنا شیوہ بنا کر لوگوں کے مال اور عزت و آبرو پر ظلم کا ہاتھ دراز کیا۔ بار بار اپنے ساتھیوں کے ساتھ بازار میں آکر بقال اور شیرینی فروش وغیرہ کی دوکانیں لوٹتا تھا۔ اور ہندو عورتیں کو جو دریا پر اشنان کو جاتی تھیں اپنے آدمیوں سے پکڑوا کر طرح طرح کی فضیحت اور بے شرمی کرتا تھا۔ وقائع اور سوانح کے ذریعے جتنی مرتبہ اس کی اطلاع (بادشاہ کو) پہنچتی تھی ہر مرتبہ صرف اتنا ہی تحریر ہوتا تھا کہ جمدۃ الملک (اس کے سوا) اور کچھ نہ لکھتے تھے یہاں تک کہ ایک بار اطلاع پہنچی کہ گھنشام نام کا بکسریہ[1] (ملازم توپ خانہ سرکاری) شادی کر کے بیوی کو ڈولی میں سوار کرا کے خود گھوڑے پر سوار ہو کر اپنے ساتھیوں کیساتھ میرزا تفاخر کے دروازے سے گذر تا تھا۔ اوباشوں نے اسے خبر پہنچادی چنانچہ میرزا تفاخر اُن کے ایک گروہ کو لے کر آیا اور ڈولی کو کھینچ کر اپنے گھر لے گیا۔ دو نفر مارے گئے اور چھ نفر زخمی ہوئے۔ یہ خبر بادشاہی توپ خانہ کے آدمیوں کو پہنچی وہ چاہتے تھے کہ اکٹھے ہو کر میرزا تفاخر کے گھر پر ہجوم کریں۔ عاقل خاں نے کوتوال کو بھیج کر روک دیا اور اپنے خواجہ سرا کو جمدۃ الملک کی بیٹی اور میرزا تفاخر کی ماں قمر النساء بیگم کے پاس بھیج کر سخت ڈانٹ ڈپٹ کی۔ چنانچہ اس بیچاری ہندو عورت کو آبرو ریزی اور بے عزتی کے بعد خواجہ سرا کے حوالے کر دیا گیا۔ اور توپخانہ کی جمعیت کو تسلی دی گئی کہ (یہ بات) وقائع میں داخل کر دی جائے گی اور حضور کی طرف سے اس کا تدارک ہوگا۔ اس سبب سے انہوں نے فساد سے ہاتھ اٹھالیا۔

مطالعہ کے بعد کاغذ پر تحریر فرمایا کہ جمدۃ الملک مدار المہام حسب حکم مقدس معلی

TooBaa-Research-Library

(یعنی اورنگ زیب کے حکم سے، عاقل خاں[2] کو لکھیں کہ اس ابتر نابکار ضائع روزگار (یعنی اشرار میرزا تفاخر) کو قلعہ لے جا کر قید کر دیں۔ اور اگر اس کی والدہ شدت محبت کے سبب جو بیٹے کے ساتھ ہے اس سے جدائی اختیار نہ کر سکیں تو ناظر کو حکم دے دیا جائے کہ قمر النساء بیگم کو چنڈول میں نہایت احترام کے ساتھ لیجا کر قلعہ لے جایا جائے اور ان کے بیٹے کیساتھ رکھا جائے۔ اور عاقل خاں قمر النساء کی رہائش کے لائق عمدہ مکان انہیں دیں۔ کیونکہ ان کو خالہ زاد بہن ہونے کا تعلق ہے۔ اور صفات حسنہ سے موصوف ہیں۔ ان کی رعایت ظاہراً اور باطناً دونوں طرح کرنی چاہیئے لیکن ناخلف فرزند کے ساتھ حضرت نوح نبی علی نبینا علیہ السلام کیا علاج کر سکے جو دوسرا کوئی کر سکتا ہے۔ ہمارے اوپر خلائق کو ایذا پہنچانے سے روکنا، جو خالق کی امانت ہیں لازم ہے۔ کوتوال کے پچاس پیادے گھر کے چاروں طرف اور صدر دروازے کے سامنے پاسبانی کریں کہ وہ موذی غار سے نہ نکل بھاگے۔

شعر

"یہ ناخلف شیطان کی خلقت ہیں۔ اور چند نیک نسلوں کو بدنام کرنے والے ہیں"۔

جمدۃ الملک نے اسی وقت حکم کے مطابق لکھا اور بغیر بند کئے ہوئے مع اپنے خط کے جو عاقل خاں کے نام لکھا تھا نظر اقدس سے گذارا۔ اس خط کا مضمون یہ تھا کہ:

"برادر مشفق مہربان میں اس محبت کے پیش نظر جو ہمارے درمیان اعلیٰ حضرت (شاہجہان) کے عہد سے ہے۔ مجھے آپ سے یہ توقع ہے کہ تفاخر فاجر سے آپ چچا بھتیجے کی نسبت رکھیں گے۔ اگر خواجہ سرا کو بھیج کر اسے اپنے حضور طلب کر کے پچاس ضرب خار دار اسے ماریں تو (آپ کے) اس بھائی کے محبت بھرے دل کو تسکین و آرام پہنچے گا۔ لکڑی کے کانٹے اس محبت بھرے دل سے کانٹوں کو نکال دیں گے۔

---

[1] جس کے ہنود بکسریہ کہلاتے تھے اب بھوجپوری کہتے ہیں شاہی توپخانے میں انہیں میں سے بھرتی ہوتی تھی۔

[2] عاقل خاں [illegible] سے اپنی وفات ۱۶۹۶ء تک دہلی کا صوبہ دار تھا۔

TooBaa-Research-Library

مطالعہ کے بعد اس خط پر تحریر فرمایا کہ (میری) خالہ زاد بہن کے لڑکے کو دوسرا تنبیہہ نہیں کر سکتا۔ اگر میری زندگی باقی ہے اور موت مہلت دیتی ہے کہ دارالخلافت واپس ہوں تو انشاء اللہ خود اپنے ہاتھ سے تنبیہہ کروں گا۔ وہ ہمارے بیٹے کے برابر ہے۔ لیکن فرزند ابتر کا کیا علاج۔ غلام کو مارنا اس کے آقا کی اہانت ہے۔

(۴۹) گورنر کو سرزنش

کابل کے وقائع سے اطلاع پہنچی کہ گیارہ ہزار گھوڑے سواری کے لائق، دو گھوڑوں پر ایک سائیس؛ کابل میں داخل ہوئے۔ اس کاغذ پر تحریر فرمایا کہ:

امیر[1] خاں سے تعجب ہے کہ خانہ زاد اور ہمارا مزاج داں اور تربیت کردہ ہے اور اسطرح کی غلطی کی ہے۔ گویا پانچ ہزار پانچ سو سوار جرار غیر ملک سے بادشاہی ملک میں داخل ہو گئے۔ آخر یہی لوگ تھے کہ افغانوں کے ہاتھوں سے انہوں نے ملک ہند[2] چھین لیا تھا۔ آئندہ اس قسم کے فعل سے احتراز کیا جائے اور اس کا تدارک اس طرح کرے کہ جب گھوڑوں کا گلہ پہنچے تو بیس گھوڑوں پر ایک سائیس متعین کیا جائے اور وہ بھی ایسا ہو کہ جو ناکارہ، بوڑھا مضمحل اور بیچارہ ہو۔

(۵۰) از فکر دشمن بغفلت مباش

کابل کے صوبہ دار امیر خاں کی عرضداشت سے علم ہوا کہ غزنین کے تھانیدار کی

۱۔ امیر خاں پسر خلیل خاں ۱۰۸۸ھ سے ۱۱۰۹ھ تک کابل کا گورنر تھا۔

۲۔ اشارہ اس طرف ہے کہ محمد بختیار کے فوجیوں نے جب بنگال پر حملہ کیا تو انہیں بجائے ... کے گھوڑوں کا تاجر خیال کیا گیا تھا۔ (ج۔ن۔س)

TooBaa-Research-Library

تحریر سے معلوم ہوا ہے کہ ایرانی سرحد کا فاصلہ ۱۴ میل ہے (اندازہ کردہ) اس طرف (یعنی ایران) کا تھانہ دار جو قندھار کی سمت ہیں ہے کہتا ہے کہ اگر اسے (ہماری طرف) چار میل اندر تھانہ چوکی بنانے کی اجازت مل دی جائے تو ہر سال سو عراقی گھوڑے حضور کی نظر کئے جائیں گے۔ چونکہ اس طرف کا سابق تھانہ بے آباد ہو چکا ہے اور چار میل (ہماری طرف) پانی ہے۔ اس لئے یہ التماس کی گئی ہے۔

اس پر تحریر کیا گیا کہ ایرانی تھانہ دار کو آب و رنگ بخشنا اپنی صوبہ داری سے آبرو کرنا عقلمندوں کا کام نہیں۔ لیکن!

"طمع کے تین حروف ہیں اور ہر حرف خالی ہے"۔

اپنے علاقے کی طرف چار میل اجازت دینے کے کیا معنی؟ دو قدم کی بھی اجازت نہیں۔ تمام مذاہب میں یہ مسئلہ فقہی مسند ہے کہ صغائر پر اصرار کرنا گویا کبائر پر اصرار کرنا ہے۔ اس مزاج داں خانہ زاد پر تعجب ہے کہ سات برس کی عمر سے ہمارے حضور تربیت پائی اور ایرانیوں کی تدبیروں سے غافل ہے۔ خود اپنے آپ سوچنا چاہیئے کہ ایسے اہل کام کے لئے کہ اسطرف چار میل تھانہ بنانے کی اجازت دی جائے کس طرح سو عراقی گھوڑوں پر تیار ہو گئے ہیں جن کی قیمت نہایت زیادہ ہو گی۔۔۔۔ وہی مثل ہے:

"انگلی کا سرا پکڑنا سبب توڑنے کی فکر میں؛ پھر ایکدم ہاتھ توڑنے کی جرأت کرنا ہے"۔

"تو دشمن کی فکر سے غافل مت رہ، ہمیشہ اس کے سیاہ چہرے کو کھرچتا رہ"۔

مشہور مثل ہے کہ:

"عقل اور دولت ایک دوسرے کے ساتھی ہیں، جس کسی کو عقل نہیں؛ دولت بھی نہیں"۔

عوام کالانعام (عوام جو مثل جانوروں کے ہوتے ہیں) یہ سمجھتے ہیں کہ جو کوئی دولت مند ہو گا وہ عقلمند بھی ضرور ہو گا۔ اور یہ غلط ہے۔ معنی اس کے یہ ہیں کہ جس کسی کے عقل نہیں ہے اس کی دولت بھی پائیدار نہیں، گویا کہ ہے ہی نہیں۔ اس معاملہ میں کلام کو طول دینا

TooBaa-Research-Library

ٹھنڈے لوہے کو پیٹنا اور پرانے کپڑے کو سینا ہے۔

(۵۱) مردِ خدا بشرق و مغرب غریب نیست

ملک التجار محمد صادق نے ایران سے جو اطلاع بھیجی اس سے معلوم ہوا کہ شاہ عباس نے دارالسلطنت اصفہان سے چل کر شہر سے دو فرسخ (چھ میل) قیام کیا اور پیش خیمہ لغر آباد روانہ کر دیا۔ حضرت (عالمگیر) اسی وقت اپنے اسپ تازی پر سوار ہو کر برآمد ہوئے اس وقت کسی کو کچھ عرض کرنے کی جرأت نہ ہوئی۔ محمد امین خاں پسر میر جملہ نے کہ نہایت گستاخ تھا عرض کیا کہ ابھی پیش خانہ روانہ نہیں ہوا ہے۔ پیش خانہ پہنچنے تک توقف کرنا ضروری ہے۔

جواب میں فرمایا کہ بے اطلاع تو ہم معذور تھے لیکن علم ہونے کے بعد تساہل اور غفلت اقبال کے زوال کی علامت ہے۔ پیش خانہ کا پہنچنا کیا ضروری ہے۔

شعر

"مردِ خدا مشرق و مغرب میں اجنبی نہیں ہوتا، جہاں کہیں بھی جائے ملک خدا اس سے جدا نہیں ہوتا۔"

باغ میں داخل ہونے کے بعد دیوانِ عام منعقد کر کے ارباب کار (متصدیوں اور کلرکوں) سے فرمایا کہ کل کوچ ہوگا اور لاہور میں قیام کیا جائے گا۔ خان ساماں نے عرض کیا کہ یہ کوچ یک لخت کیا گیا ہے۔ ساز و سامان کی بہم رسانی مشکل ہے۔

حاشیہ احکام ۵۱: ۱۶۶۶ء میں اورنگ زیب آگرہ میں تھا کہ رپورٹوں سے معلوم ہوا کہ ایران کا بادشاہ عباس دوم ہندوستان پر حملہ کی نیت سے خراسان میں داخل ہوا ہے۔ شہنشاہ نے اپنے بیٹے معظم کو جسونت سنگھ کے ساتھ فوراً پنجاب روانہ کر دیا۔ ۹ / اکتوبر کو خود آگرہ سے دہلی کے لئے روانہ ہوا۔ ۱۲ / دسمبر کو پالم کے مقام پر یہ اطلاع ملی کہ شاہ عباس کا انتقال ۲۲ / اگست کو ہو چکا تھا۔

TooBaa-Research-Library

عرضی پر تحریر فرمایا کہ ابدی سفر جس سے لوگوں کو کوئی مفر نہیں ہے اس طرح دفعتہً بے خبری میں پیش آئے گا۔ اس وقت کیا کروں گا۔ اس سفر کو بھی اسی پر قیاس کرنا چاہیئے جس طرح سے یہاں تک پہنچا ہوں، اسی طرح آگے بھی پہنچوں گا۔ بلکہ اگلی منزلوں کے تعین کی بھی ضرورت نہیں۔ جس قدر ہو سکے گا چلتا رہوں گا۔

"رہرو راہِ ابد کو حاجت منزل نہیں"۔

(۵۲) ایرانیوں و ہندوستانیوں کا فرق

تھانہ غزنین کے وقائع سے اطلاع ملی کہ سبحان قلی تھانہ دار سرحد ایران نے کابل کے صوبہ دار امیر خاں کو ایک خط لکھا ہے کہ ہر دو سرحدوں کے درمیان فاصلہ بارہ میل (چار فرسخ) کا ہے۔ الحمد للہ کہ طرفین میں اخلاص و محبت ہے۔ اور کسی طرح بھی جدائی اور نفاق کا تصور نہیں کیا جا سکتا۔ چاہیئے کہ ایک طرف کے لوگ دوسری طرف آبادی و خوشحالی کا دورہ دورہ ہو۔ امیر خاں نے جواب میں لکھا کہ حضور پر نور میں عرض کیا جاتا ہے اور جو کچھ جواب ہوگا لکھ دیا جائے گا۔ یہی مضمون کابل کے سوانح سے معلوم ہوا۔

وقائع غزنین کی فرد پر تحریر فرمایا کہ جواب سوانح کابل کی فرد پر تحریر ہے۔

اور سوانح کابل کی فرد پر تحریر فرمایا کہ خانہ زادِ مزاج داں امیر خاں سے بڑا تعجب ہے کہ اس کے بزرگ نسلاً بعد نسلٍ صاحب قرآن کے بزرگانِ دولت کی صحبت میں رہے ہیں اور پھر بھی اس مضمون سے غافل رہا۔

شعر

"جب دشمن نرم ہو تو احتیاط کا دامن ہاتھ سے مت چھوڑو جس طرح گھاس کے نیچے پانی چھپا ہوتا ہے اسی طرح در پردہ مکاریاں پوشیدہ ہو سکتی ہیں!"

بغیر کسی تعصب اور عداوت کے کہا جا سکتا ہے کہ چونکہ خورشید ایران کا مربی ذکھا

TooBaa-Research-Library

جاتا) ہے وہاں کے لوگوں کی عقل زیرکی اور دوربینی کے اعتبار سے بہ نسبت اہلِ ہند کی عقل کے جن کا مربی زحل (سمجھا جاتا) ہے چارگنی زیادہ ہے۔ لیکن قصور یہ ہے کہ (ایرانی) زہرہ کی شرکت کے سبب تمام طلب واقع ہوئے ہیں۔ برخلاف زحل سے منسوب (اہلِ ہند) کے کہ وہ ممتنی واقع ہوئے ہیں لیکن زحل کی قربت مشتری سے (بہ نسبت خورشید کی زہرہ سے) زیادہ ہے۔ لیکن زحل میں قدرے پستی فطرت اور دنائت پائی جاتی ہے سوائے بعض اشخاص کے کہ جن کے زائچہ میں کوئی دوسرا ستارہ ان کی مدد کرتا ہو۔

خلاصۂ کلام یہ ہے کہ ایرانیوں کی عیاریوں سے صد درجہ محتاط رہو اور ہرگز اسطرح کی صلح آمیز بات عرض نہ کرو جو اس خانہ زاد کی کم عقلی پر محمول کی جائے۔

"سیلاب کا پابوسی کرنا ہی دیوار کو گرا دیتا ہے۔"

(۶۴) افسرانِ زیردست کی پشت پناہی

حیدرآباد کے نائب صوبیدار جاں نثار نے روح اللہ خاں کی طرف سے (قائم مقامی کرتے ہوئے) عرضی پیش کی کہ اگرچہ یہ خانہ زاد بخشی الملک روح اللہ خاں کے کہنے سے نائب صوبیدار مقرر ہوا ہے لیکن بخشی الملک بے سبب ایذا رسانی کا سبب بنتا ہے۔ اور چاہتا ہے کہ نیابت سے معزول کرائے۔ چونکہ خان مذکور کا مزاج سانپ کی طرح ہمیشہ آزار کی فکر میں رہتا ہے اس لئے امیدوار ہوں کہ غلام کو حضور میں طلب فرمائیں تاکہ لوگوں کے شر کے وسوسوں سے نجات پائے۔

مار کے اوپر ح تحریر فرمایا۔ یعنی حمار (گدھا) بیچارہ کہ اس کا نام حرفِ ح اضافہ کرنے سے درست ہوا سبے آزار ہے۔ لیکن خوئے بد کا کیا علاج؟ وہی مثل ہے کہ چور کو دیہاتی کے کہنے سے گرفتار تو کر لیتے ہیں لیکن اس کے کہنے پر چھوڑ نہیں دیتے اور اگر وہ (تمہاری) شکایت کرتا ہے تو (جو اپنے بھائی کے لئے گڑھا کھودتا ہے وہ خود

TooBaa-Research-Library

اس میں گرتا ہے۔ کے بموجب) بخشی گری تن کے منصب میں تغیر کر دیا جائے گا۔

(۶۵) افسروں کا محاسبہ

دیوانِ اعلیٰ کی کچہری کے داروغہ یار علی بیگ نے عرض کیا کہ حکم (شاہی) کے مطابق ہر شخص جس کو چھ ماہ تک جاگیر نہ ملے وہ حضور معلیٰ کے وکیل سے دعویٰ کر کے چھ ماہ کی تنخواہ لے لیتا ہے۔ اس صورتِ حال کا چلنا مشکل نظر آتا ہے۔ اس خانہ زاد نے سرکار کفایت پر نظر کر کے یہ مقرر کیا ہے کہ جب تک جاگیر نہ مل جائے اسوقت تک تنخواہ کا مطالبہ نہ کریں۔

تحریر فرمایا۔ "پہلے ایک درخواست پھر دوسری درخواست۔ فنا ہونے والی کفایت پر نظر کرنا اور باقی رہنے والے وبال کو خریدنا عقلمندوں کا کام نہیں۔ چند روز اور صبر کرنا چاہیئے کہ اس غرق بحرِ معاصی کے تاریک ایام کے تمام ہونے کے بعد اور ناخردمند فرزندوں (شاہزادوں) کے ایام میں قیامت تک جاگیر نہ ملنے کے پھلکے مل جائیں گے۔" بعد میں آڑی سطروں میں تحریر فرمایا:

تم کہ داروغہ کچہری ہو' لوگوں کی جاگیر کے بارے میں خود کوشش کیوں نہیں کرتے کہ دنیا میں نیک نامی اور عقبیٰ میں خیر و نیکی کا موجب ہو۔ اور یہ کمینہ بے کینہ (اورنگزیب)

حاشیہ: روح اللہ خاں اول، حیدرآباد کی فتح کے بعد وہاں کا گورنر مقرر کیا گیا تھا لیکن جلد ہی ہٹا دیا گیا۔ جاں نثار خاں جس کا نام خواجہ عبدالکریم تھا حیدرآباد کا نائب صوبیدار کبھی نہیں رہا لیکن ۱۲۹۰ھ میں بیجاپور کا دیوان مقرر کیا گیا تھا۔ روح اللہ خان کو ۱۲۸۶ھ میں بیجاپور کا صوبیدار بنایا گیا تھا۔ غالباً یہ واقعہ بیجاپور کا ہے۔ جہاں جاں نثار خاں روح اللہ خاں کے نائب کی حیثیت سے کام کر رہا تھا۔ (ج۔ ن۔ س)

TooBaa-Research-Library

لوگوں کے سنگین حقوق کے بارے سے سبکدوش ہو۔

افسوس کہ عمر گشت بےبیہودہ تلف
دنیا بہ تعب گذشت و دیں رفت زکف

رنجیدہ خدا و خلق راضی نشدند
ضائع کردم بارہٓ آب و علف

ترجمہ "افسوس کہ عمر بے ہودہ تلف ہوگئی۔ دنیا پریشانی میں گئی اور دین ہاتھ سے گیا۔
خدا بھی ناخوش اور مخلوق بھی ناخوش۔ ہم نے (جانوروں کی طرح) چارہ پانی ضائع کر دیا۔"
اگرچہ ہم برے ہیں اور خود کو برا جانتے ہیں لیکن ہمارے بعد جو بدسے بدتر ہوگا حق تعالے
اس سے محفوظ رکھے۔

۵۵ معمارِ خود مشو

روح اللہ خاں دوئم نے جس کا نام میر حسن تھا عرضی بھیجی کہ قلعہ اسلام پوری نامحکم ہے اور شاہی جھنڈوں کا کوچ (ورودِ شاہی) نزدیک ہے۔ (واسطے) مرمت ضروری ہے اس بارے میں جو حکم ہو۔

اس پر تحریر فرمایا کہ استغفراللہ استغفراللہ نامحکمی کے مقام پر اسلام پوری کا لفظ لکھنا بے موقع تھا۔ اس کا اصلی نام برہم پور ہے وہ لکھنا چاہیئے بدن کا قلعہ اس سے زیادہ نامحکم ہے۔ اس کا کیا علاج ہے؟

شعر

"ہم نے آب و گل کے شغل سے اپنے آپ کو سنوارا۔ خانہ سازی کو خودسازی میں تبدیل کر دیا!"

دوبارہ عرضداشت پیش کی کہ اگر حکم ہو تو سرکارِ والا کے معمار برہم پوری کے قلعہ

TooBaa-Research-Library

کا معائنہ کریں۔

اس پر تحریر فرمایا کہ:

"سابقہ تحریر کے باوجود دوبارہ درخواست کرنا ایک طرح کا کھیل ہے۔

شعر

"اپنا معمار مت بن کہ گھر والا کو برباد کرے۔ ویرانہ بن تاکہ تجھ سے نئی بنیادیں ڈال جائیں۔ خاک کے برابر ہو جا اور کسی سے گردن کشی مت کر، شاید کہ ٹھوکر سے ہی غبار بلند ہو جائے"

اگر زندگی باقی ہے اور ہماری واپسی ہوئی تو مرمت کو خود سمجھ لیں گے۔ اور اگر کچھ اور ظہور میں آیا تو کیا ضرورت ہے کہ آیتہ کریمہ "بیشک تمہارا مال اور تمہاری اولاد تمہارے دشمن ہیں" کے بموجب غازیوں کے مال کو ضائع کریں

۵۶ اتحادِ قول و فعل

اورنگ آباد کے ناظم منصور خاں کی عرضداشت نظر سے گذری مضمون یہ تھا کہ شاہی لشکر احمد نگر پہنچ گیا ہے۔ اس لئے یہ عرض کرنا ضروری سمجھا گیا کہ حکم اقدس واعلی صادر ہوتا کہ اورنگ آباد کے قلعہ کی مرمت کرائی جائے تاکہ دنیا کے فتح کرنے والے پرچموں اور آسمان تک سربلند جھنڈوں کے یہاں پہنچنے تک تیار ہو جائے۔

شعر

"قبر میں خاک بھر طلب بغل کشادہ کئے ہوئے ہے اور خواجہ بے خبری میں محل سرا پر رنگ و روغن کر رہا ہے۔ جلد ہی اس کی اس طلب غفلت اور حرص میں اس کی ہڈیاں الگ اور گوشت الگ گر پڑے گا!"

اس مزاجِ دانِ غلام سے عجیب ہے کہ باوجود اس کے کہ جس دن احمد نگر پہنچے تھے صاف صاف کہدیا تھا کہ احمد نگر کو جائے سفر کا اختتام لکھدیا جائے تو پھر جب احمد نگر

TooBaa-Research-Library

کو اختتامِ سفر کہہ دیا تھا تو اورنگ آباد آنے کی کیا صورت ہے۔ چند روزہ حیات گذشتہ میں میری بات میں کوئی فرق نہیں آیا۔ اللہ تعالیٰ کی مدد سے سرائے جاوداں کو انتقال کے وقت تک اقوال و افعال میں کوئی تفاوت نہ ہوگا۔

(۵۷) روزِ نَو، روزیِ نَو

عنایت اللہ خاں نے عرض کیا کہ منصب داروں کی شکل جو روزانہ نظرِ اقدس سے گذرتی ہے غیر محدود ہے اور جاگیر کی زمین محدود ہے۔ محدود کو غیر محدود کے مساوی کس طرح کیا جا سکتا ہے؟ اس پر تحریر فرمایا:

"استغفر اللہ کارخانۂ شاہی درگاہِ الٰہی کا نمونہ ہے۔

"الخلق عیال اللہ والرزق علی اللہ"

"مخلوق اللہ کا کنبہ ہے اور اس کا رزق اللہ کے ذمہ ہے۔"

یہ عاجز ذلیل راتب پہنچانے والا (اورنگ زیب) ربِّ جلیل کے وکیل سے زیادہ کچھ نہیں۔ بارگاہِ الٰہی کے متعلق محدود اور متناہی ہونے کا اعتقاد عین گمراہی اور تباہی ہے۔ الحمد للہ ثم الحمد للہ۔ پا شکستہ ہوں، مگر دل شکستہ نہیں! ارشد خاں کی عرض کے مطابق، قلعہ ستارہ کی فتح کے بعد اس فانی (اورنگ زیب) کی قلمرو میں پانچ یا سات ہزار کے لائق جاگیر شامل ہو گئی ہے۔ اس میں سے تنخواہ دی جائے گی۔ جب کبھی یہ ختم کو پہنچے گی اللہ تعالیٰ نئے دن نئی روزی عطا فرمائیں گے۔

(۵۸) سرکش سرداروں کی سرکوبی

جس وقت ستارہ سے قلعہ پرلی کی طرف کوچ فرمایا لشکریوں اور توپ خانہ کے

TooBaa-Research-Library

ملازموں کی تنخواہیں، بنگال کا خزانہ پہنچنے میں دیر ہونے کے سبب چودہ ماہ کی چڑھ گئی تھیں۔ ہزاری منصب پر فائز چاروں معتمدوں نے (بادشاہ سے) برسرِ راہ عرض کیا کہ لشکری ہماری بات نہیں مانتے اور چاہتے ہیں کہ میرِ آتش (افسرِ توپخانہ) تربیت خاں کے خلاف ہنگامہ کریں۔ اس پر حکم فرمایا گیا کہ اندرونِ محل کے خزانۂ عامرہ سے مطالبات کا نصف ادا کر دیا جائے۔ اور بقایا سیکاکول حیدرآباد کے خزانہ سے متعلق کر دیا جائے وہاں سے وصول کریں۔ عمدۃ الملک (وزیرِ اعظم) حیدرآباد کے دیوان کے نام اجازت نامہ لکھیں اور وصولیابی کرنیوالوں کو ساتھ بھیجیں۔"

ملی سنگھ اور چتر بھوج دونوں نے جو ہزاری منصب دار تھے اسے قبول نہ کیا اور میرِ آتش تربیت خاں کو اثناءِ راہ پالکی سے نیچے اتار کر بارش میں بٹھا دیا۔ داروغہ کارخانجات یار علی بیگ نے خدمتِ اقدس میں عرض کیا۔ اسی وقت محل کے خزانہ کے داروغہ کو حکم ہوا کہ مطالبات بہ تمام و کمال ادا کر دیئے جائیں۔ انہوں نے شام تک میرِ آتش کو اسی طرح بارش میں بٹھائے رکھا۔ رقم پہنچنے کے بعد اسے سوار کرا کے گھر لائے۔

اگلے دن صبح کو چاروں ہزاری منصب داروں کو خلعت مرحمت فرمائی اور ارشاد ہوا کہ میرِ آتش کی شرارت سے تمہاری یہ نوبت پہنچی تربیت خان کے منصب میں پانچ سو کی کمی کی گئی اور جاگیر میں بھی اسی قدر تخفیف کی جائے۔

ایک ہفتہ کے بعد انہی دونوں ہزاری منصب داروں سے فرمایا کہ تم سیکاکول جاؤ اور اپنے ساتھیوں کی چھ ماہ کی پیشگی تنخواہ وصول کر لو۔ اور خاص اپنے ہاتھ سے صوبہ دار جاں نثار خاں کے نام فرمان تحریر فرمایا کہ قسط بندی کر کے ہر روز قسط کے مطابق رقم ادا کی جائے۔ یہ خبر ان دوسرے دونوں یک ہزاری منصب داروں کو پہنچی جو ہمراہ تھے۔ ان کی خاطر جمع ہو گئی۔ اسی دوران حکم فرمایا کہ یہ دونوں بھی اورنگ آباد جائیں اور وہاں کی تحصیل سے اپنے ہمراہیوں کی چھ ماہ کی پیشگی تنخواہ وصول کر لیں اور

TooBaa-Research-Library

وہاں کے صوبہ دار معمور خاں کے نام قسط بندی کا حکم بھی بھیجدیا گیا۔ دس روز کے بعد حکم ہوا کہ جو دو ہزاری منصب دار پہلے گئے ہیں انہیں حیدر آباد کے قلعہ میں قید کر دیا جائے اور تمام روپیہ جو پہلے اور اب دیا گیا ہے واپس لے لیا جائے۔ اور اسی قسم کا حکم اورنگ آباد کے صوبہ دار کے نام بھی گیا کہ اگلا پچھلا سب روپیہ واپس لے کر دولت آباد کے قلعہ میں قید کر دیا جائے۔

(۵۹) نعمت خاں عالی

کام گار خاں پسر جعفر خاں نے عرضی بھیجی کہ میرزا نعمت خاں نے جس کی خبیث طینت نے ہجو کی عادت اختیار کی ہے اس غلام کی شادی کے موقع پر چند اشعار لکھے جن کا مضمون کچھ اسطرح کا ہے کہ اگرچہ شادی کا مقصد حرکت جائز جاننا چاہیئے مگر یہاں التقائے ساکنین (دو ساکن حروف کا اجتماع) ہے۔ اس کے علاوہ بھی ان میں دوسری فضیحتیں درج کی ہیں۔ کہ یہ غلام خاص و عام میں رسوا ہو گیا ہے۔ امیدوار ہے کہ حضور ایسی تنبیہہ فرمائیں گے کہ پھر اس طرح کے مزخرافات کی جرأت نہ ہو۔ واجب جان کر عرض کیا گیا۔

لفظ واجب پر تحریر فرمایا حرام تھا۔ اور عرضی کے کاغذ پر تحریر فرمایا کہ یہ ساحلوح خانہ زاد چاہتا ہے کہ اس رسوائی میں ہم کو بھی اپنا شریک بنائے کہ جو اس کا جی چاہے ہمارے بارے میں کہے اور لکھے اور دنیا میں مشہور کرے۔ پہلے بھی ہمارے بارے میں کوتاہی نہیں کی۔ ہم نے اس کی تلافی انعام میں اضافہ سے کی کہ آئندہ ارتکاب نہ کرے باوجود اس کے اس نے خود کوئی کمی نہ کی۔ اس کی زبان کاٹنے اور گردن اڑا دینے کا مقصد نہیں۔ جلنا چاہیئے اور نبھانا چاہیئے دوست وہی ہے جو نہ تجھ سے چھٹا ہے نہ تجھ سے جُدا ہے۔

ے کد خدا شد بار دیگر خانِ والا منزلت
باکمال عز و تمکین و وقار و زیب و زین

TooBaa-Research-Library

از سر نو مژدہ وصلی چید تا نقشی زند
بازی چرخ دغاباز کش تا زد گر نشین

از مقولات عشر شد بحث داماد و عروس
او ز کم و کیف می گفت این متی می گفت و این

او سند از جبر آورد او دلیل از اختیار
این سخن ہم درمیان ماندہ است امر بین بین

گفت بہر من جہاز آورنہ کاید بکار
گفت آنسے ہم چکش آوردہ ام ہم کلبتین

زاں طرف خفتن نشد زیں طرف ہر خاستن
شرط ہا شد وقت ایجاب و قبول از جانبین

گفت خان الصبر مفتاح الفرج را ساکن است
کثرت استعمال مفتوحش کند اے نور عین

گفت نزدیکست این ہم این ہمہ تعجیل کیست
گفت انساں از عجل شد خلق اے عجل العرین

گفت من مستقبل از ماں حستم حکم کرد
داخل و خارج شود و قتیکہ باشد نصرتین

جمع گشتن شد بجا از خوار من تشبیہ
پیش اہل دل بود تاریخ گفتن فرض عین

حرف مد را ساخت مدغم پیر عقل آنگاہ گفت
نحو جائز کرد آنجا التقائے ساکنین

زیں مصراع تاریخ نکاح خاں کہ یک ہزار نود و نہ برمی آید لیکن راء کی یک عدد حرف ہے

TooBaa-Research-Library

یعنی الف را تعمیہ کردہ است۔

ساکنین بکسر اول و ثالث و فتح نون اول یعنی جمع شدن دو حرف ساکن باشد در علم صرف و ایں جاکنایہ ست از آلتِ سست خان و فرج منکوحہ شاں ست و ہر دو را حرکتے نبود۔

رقعات و مضحکات نعمت خاں علی۔ لکھنؤ مطبع حسنی محلہ محمود نگر ۱۲۶۱ھ

(اس قطعہ میں ۲۹ اشعار ہیں۔ قادری) ص ۱۹-۱۶

(۶۰) چغل خور و بدگو

محمد اعظم شاہ کی خروج کے سوانح سے جو اس وقت احمد آباد میں تھا شہنشاہ کو یہ اطلاع پہنچی کہ محمد بیگ نامی شخص نے جو احدیوں[1] کے زمرہ میں ملازم سرکار ہے چغلخوری اور

---

[1] احدی: شہنشاہ اکبر کے زمانہ سے فوجیوں کی ایک نئی قسم بھرتی کی گئی جو عام پیشہ ور سپاہیوں سے مختلف ہوتے تھے۔ یہ کسی امیر یا سردار کے ماتحت نہ ہوتے تھے بلکہ براہ راست بادشاہ کے تحت ہوتے تھے۔ گھر بیٹھے تنخواہ پاتے اور ضرورت کے وقت طلب کئے جاتے تھے۔ غیاث اللغات نے لکھا ہے کہ "تنہا منصب ذات دارند۔ سوار و پیادہ متعینہ سرکار با خود نہ دارند۔ گزید احدی از طرف بادشاہ برائے اجرائے حکمے بر امیر مسلط می شود۔" ۱۲

یہ بھی بیان کیا جاتا ہے کہ جس کام کے لئے جس کے گھر بھیجے جاتے تھے وہاں جاکر مستقل بیٹھ جاتے ایک لمحہ کے لئے بھی نہ ٹلتے تھے۔ اور جو کام ہوا اسکو سرانجام دے کر ہی اٹھتے تھے۔

چونکہ گھر بیٹھے تنخواہ پاتے تھے اور اکثر اوقات خالی ہی رہتے تھے اس لئے اردو محاورہ میں احدی بطور کاہل سست وغیرہ کے استعمال ہونے لگا۔ انگریزی تاریخوں میں انہیں "جنٹلمین ٹروپر" کہا گیا ہے۔ (قادری)

TooBaa-Research-Library

غیبت کر کے شاہزادے کی نہایت مصاحبت حاصل کرلی ہے۔ اور اکثر ملازموں کی ایذا رسانی کا سبب بنا ہے۔ اس پر تحریر فرمایا:

"سیادت خاں سخت گرز برداروں کو بھیجے کہ اس بے شرم چغل خور کو جو سلطنت کو خراب کرنے والا ہے پاپیادہ ہمارے حضور لے کر آئیں کہ سلاطین اور ارباب دولت کے لئے سب سے زیادہ ضرر رساں برائی چغل خوروں اور بدگویوں کی مصاحبت ہے۔ فتنہ قتل سے زیادہ سخت ہوتا ہے۔ اس قول کے مطابق کہ سانپ کا ظاہر رنگین اور باطن زہریلا ہوتا ہے۔ چغل خور کا حال بھی یہی ہے کہ اس کا ظاہر خوشنما اور باطن سم قاتل۔

الحذر الحذر۔

(۶۱) غصہ جنون ہے

صوبہ احمد آباد کے وقائع نگار محمد اعظم کی تحریر ہے کہ جو شاہی خانہ زاد تھا یہ اطلاع موصول ہوئی کہ محمد امین خاں ناظم صوبہ نے مستی شراب کی حالت میں عدالت منعقد کی۔

اس پر تحریر فرمایا کہ:

"سبحان اللہ! ہٰذا بہتان عظیم" محمد امین خاں کے وکیل نے (جو دربار شاہی میں حاضر تھا) یہ کیفیت اپنے مؤکل (محمد امین خاں) کو لکھ بھیجی۔ ناظم مذکور نے برسر عدالت حکم دیا کہ وقائع نگار (محمد اعظم) کی داڑھی نوچ کر ہوا میں اڑا دی جائے۔ یہ حقیقت بھی شہنشاہ کے گوش گذار ہوئی۔ تحریر فرمایا کہ:

"جناب علی مرتضیٰ کا کلام ہے کہ غصہ ایک طرح کا جنون ہے اور جنون میں کوئی قانون نہیں رہتا۔ خان مذکور کے مزاج میں نہایت تندی ہے۔ لیکن اس مقدمہ میں جو معلوم ہوتا ہے وہ یہ ہے کہ وقائع نگار نے تہمت لگائی تھی۔ اس کی کیا طاقت ہے کہ خان مذکور کے منہ سے شراب کی بو اس تک پہنچے۔ بہرحال سزا دینے کا تعلق ہم سے ہے۔ ناظم کا سزا دینا

TooBaa-Research-Library

لے جاتا تھا۔ دروغ گو وقائع نگار کی سزا ملازمت سے برطرفی اور ناظم کی سزا ہر سال روزِ جشن پہ خلعت کی ممانعت ہے۔

۶۲ احتساب وسزا

یار علی بیگ داروغہ سوانح نے عرضداشت پہنچائی کہ بزرگ امید خاں نے صوبہ بہار کے سوانح نگار عبدالرحیم کو مجلس میں خفیف کیا اور بے حرمتی کے ساتھ نکلوا دیا۔ اگر اس پر عتاب نہ ہوا تو دوسرے سوانح نگار اصل حقائق کے لکھنے سے دستبردار ہو جائیں گے صوبہ داروں کے نوکر بن جائیں گے۔ اگر جناب اقدس اس پر عمل فرماتے ہیں کہ زور کمزور حضور پر گرتا ہے تو غلاموں کے لئے اطاعت کے سوا کوئی چارہ نہیں۔

اس پر تحریر فرمایا کہ " یہ بیچارہ (اورنگ زیب) خود ضعیف ہے اور ہر خورد و بزرگ کو ضعیف سمجھتا ہے۔ ھوالقوی ذات پاک الٰہی کی صفت ہے۔ لیکن چھوٹوں کو بڑوں پر ہرگز تسلط نہ کرنا چاہیئے۔ سوانح نگار کی سزا منصب سے موقوفی اور خدمت سے برطرفی ہے اور صوبہ دار کی سزا اس کے منصب میں پانچ صد کی کمی اور اسی قدر جاگیر میں کمی ہے۔

۶۳ پابندیٔ ضوابط

روح اللہ دوم جس کا اصل نام میر حسن تھا کمال تقرب اور اعتبار (شاہی) کی وجہ سے بخشی گری تن اور خان ساماں کے عہدوں پر فائز تھا۔ باوجودیکہ (اس کا منصب) سہ ہزاری تھا۔ اپنی باری پر خواصی میں پیش ہوتا تھا لیکن عدالت کے کٹہرے کے آخر میں کھڑا ہوتا تھا (اس نے) جمدۃ الملک اسد خاں کی معرفت (شہنشاہ سے) عرض کرایا کہ میرا منصب سہ ہزاری ہے اور فیض اللہ خاں سرباری کا منصب ہفت صدی ہے جو نائب داروغہ بھی ہے۔ اگر سرباری اور نائب داروغہ میں بنا دیا جاؤں تو (شہنشاہ کی) غلام نوازی کے

TooBaa-Research-Library

فضل و کرم سے بعید نہ ہوں گا۔

حکم ہوا کہ جن دو منصبوں پر فائز ہے ان سے تغیر کے بعد ہفت صدی منصب میں کیا مضائقہ ہے۔ سرباری بن جائے۔ بعد میں اسد خاں نے عرض کیا کہ پھر کہاں کس جگہ ہو؟ حکم ہوا کہ اس کے اوپر تو کوئی جگہ ہے نہیں۔ سوائے اس کے کہ میرے سر پر کھڑا ہو جائے۔ اس کے بعد ارشاد فرمایا کہ ایک ضابطہ میں خلل ڈالنے سے تمام ضابطوں میں خلل واقع ہو جاتا ہے۔ باوجودیکہ ہم نے کسی ایک ضابطہ میں خلل نہیں آنے دیا۔ لوگوں کو اتنی جرأت ہو گئی ہے کہ وہ ضوابط میں خلل پیدا کرنے کی التماس کرتے ہیں۔ اگر یہ راستہ کھل جائے تو خلل پیدا ہو جائے گی۔

۶۴ اہلکاروں کی نگرانی

صوبہ بنگال کے سوانح سے معلوم ہوا کہ وہاں کا صوبہ دار ابراہیم خاں غرور اور گھمنڈ کی وجہ سے چارپائی کے اوپر بیٹھ کر دربار کرتا ہے اور قاضی اور دوسرے ارباب شریعت اہانت کے ساتھ نیچے بیٹھے رہتے ہیں۔ اس کاغذ پر تحریر فرمایا کہ:

" مدار المہام جمدۃ الملک ناظم مذکور کے نام حسب الحکم مقدس معلی تحریر کریں کہ اگر کسی مرض کی وجہ سے زمین پر نہیں بیٹھ سکتا تو صحت بحال ہونے تک معذور سمجھا جائے۔ اپنے حکیموں کو تاکید کرے کہ جلد معالجہ کریں۔ اور سوانح نگار چونکہ اپنے منصب سے بڑھ گیا ہے اس لئے سوانح نگار کے لائق نہیں رہا۔ (ترقی کے طور پر اس کو) ایک صدی سواروں کا اضافہ دیا جائے۔ اور ابراہیم خاں کو لکھا جائے کہ اپنے صوبہ کے تعلقہ کی فوجداری اس کو سونپ دے۔ تاکہ وہ بھی (اپنے متعلق دوسرے) ارباب تحریر کی سوانح نگاری کا مزہ چکھے اور یار علی بیگ کسی دوسرے سوانح نگار کو جو سمجھدار اور باوقار ہو تجویز کرے۔

TooBaa-Research-Library

(٦٥) ضابطہ کی پابندی

احمد آباد کے سوانح سے جو اس وقت ابراہیم خاں کی صوبہ داری میں تھا اطلاع ملی کہ خان مذکور پالکی میں سوار ہو کر جامع مسجد جاتا ہے۔ اس سبب سے کہ شاہزادہ کے لئے بھی پالکی بغیر حضور کے حکم کے نہیں ہوتی۔ اربابِ تحریر نے (ابراہیم خاں سے) دریافت کیا کہ کیا لکھا جائے؟ جواب میں کہا کہ جو چاہو لکھو۔

اس اطلاع نامہ پر تحریر فرمایا کہ "ابراہیم خاں مزاج داں غلام ہے:

اعلیٰ حضرت خلد مرتبت (شاہجہاں) کے عہد سے امراء میں داخل تھا۔ اس سے دستور کے خلاف ہرگز عمل میں نہیں آسکتا۔ دو بار کشمیر کا صوبہ دار رہ چکا ہے اور جھپاں میں سوار ہوتا تھا جسے یہاں تبدیلِ صورت کی وجہ سے اربابِ تحریر شبہہ میں پالکی کہتے ہیں۔ عمدۃ الملک (ابراہیم خاں کو) لکھ دیں کہ ایسا کام کیوں کرتے ہو کہ اربابِ تحریر کے ہاتھ دستاویز لگے۔ سوانح نگار کی نافہمی کی سزا یہ ہے کہ اگرچہ خدمت پر بحال ہے لیکن منصب میں پچاس سوار کی کمی اور اسی مناسبت سے جاگیر میں تغیر۔

(٦٦) تھانہ دار کی خودسری

مچھلی بندر کے وقائع سے (شہنشاہ کو) معلوم ہوا کہ سیدی یاقوت خاں تھانہ دار دنڈا راجپوری نے ایک عرضی خود اپنی مہر لگا کر وقائع میں داخل کر دی ہے کہ اگر دنڈا راجپوری کی متصدی گری (مال وصول کرنے کا منصب) اس غلام کے نام مقرر کر دی جائے تو آبادی میں اور محصول شاہی میں (پچھلے متصدیوں کی بہ نسبت) نمایاں اضافہ کر دے گا۔

اس اطلاع نامے کے کاغذ پر تحریر فرمایا کہ سیدی یاقوت خاں کی خودسری اور غرور ہم کو عرصے سے معلوم ہے۔

TooBaa-Research-Library

(فائدہ: یہاں یہ واقعہ بے ربطی سے ختم ہو جاتا ہے۔ ج۔ ن۔ س)

عرضی کے کاغذ پر تحریر کیا کہ اگرچہ طفل ہے لیکن اسکو طفلِ عاقل سمجھتا ہوں۔ یہ عرضی شاید حالتِ سکر (نشہ) میں کی ہوگی۔ بسین مہملہ ہے۔ کہ شکر سین معجمہ سے۔ ہر دو فعل کے وزن پر ہیں۔ اس طرح کے شکر کی شین مسطور پر وزن فعل کچھ مدد نہیں کرتا۔

(فائدہ: یہ تحریر ٦٩ کے فوری بعد آتی ہے۔ لیکن اس سے غیر متعلق ہونے کے سبب یہاں لکھ دی گئی۔ کیونکہ روح اللہ خاں کی عرضی میں شکر کا لفظ استعمال نہیں ہوا۔ ج۔ ن۔ س)

(٦٧) فتح اللہ خان کے جواب میں

فتح اللہ خاں کو لکھا جائے کہ اس کے کارنامے مفصل عرضیوں سے معلوم ہوتے رہے ہیں اور اس کے مجرا (حضوری) کا باعث ہوئے ہیں۔ لیکن اس جانفشانی کو خدمت فروشی سے مبدل نہ کرنا چاہیئے اور ہمارے سرداروں کو ناراض کر کے ہمیں ناخوش نہ کرو۔

(٦٨) تقیہ

روح اللہ خاں نے مرتے وقت قاضی عبداللہ کے سامنے وصیت کی۔ ان میں ایک یہ بھی تھی کہ میں سُنّی ہوں اور اپنے بزرگوں کے طریقے (شیعیت) سے علیحدہ ہو گیا ہوں۔ میری دونوں لڑکیوں کی شادیاں اہلِ سنت والجماعت کے ساتھ کر دی جائیں۔ چنانچہ قاضی نے حضور اقدس میں اس مضمون کی درخواست بھیجدی۔ اسپر تحریر فرمایا کہ تقیہ زندگی میں تو ہوتا ہے لیکن مرتے وقت تقیہ کرنا نیا تصرف ہے۔ شاید اپنے بیٹوں اور پسماندگان کی رعایت سے ایسا کیا ہو۔ اس تقیہ سے اس وقت فائدہ ہو گا کہ اس کے بیٹے بھی اسے قبول کریں۔ بہرحال اس کی وصیت کے بموجب عمل کرنا چاہیئے۔ بڑی لڑکی کی شادی شاہزادہ محمد عظیم اور چھوٹی کی سیادت خاں پسر سیادت خاں مرحوم سے کر دی جائے۔

TooBaa-Research-Library

دوسرے روز عیادت خاں نے عرض کیا کہ خانہ زاد کو یہ قبول نہیں۔ یہ کہاں سے معلوم ہوا کہ لڑکی بھی اہلِ سنت والجماعتہ کے مذہب پر ہے۔ اگر خود (اپنے مذہب (شیعیت) پر اس نے اصرار کیا تو کیا کیا جائے گا۔

(۶۹) مذہب سے بے تعصبی

جس وقت حضرت (اورنگ زیب) روح اللہ خاں کی عیادت کو آئے تو غش کی حالت میں تھا۔ جب ہوش آیا تو سلام کیا اور یہ شعر پڑھا:

سے بچہ ناز رفتہ باشد زجہاں نیاز مندے
کہ بوقت جاں سپردن بسرش رسیدہ باشی

ترجمہ: "وہ نیاز مند کیسے ناز کے ساتھ دنیا سے رخصت ہوا ہوگا کہ جس کے سرہانے تو اس کی جان نکلنے کے وقت پہنچ گیا ہوگا۔"

حضرت نے رقت فرماکر کہا کسی حال میں بھی اللہ تعالیٰ کے فضل سے مایوس نہیں ہونا چاہئیے۔ شفا اور امید اس کے لطف سے دُور نہیں لیکن چونکہ آدمی کے لئے یہ امر (موت) ناگزیر ہے۔ اس لئے جو کچھ دل میں ہو بیان کرو بیشک قبول کیا جائے گا۔

(روح اللہ خاں نے) ہاتھ بڑھاکر قدموں سے ملا اور التماس کیا کہ ان قدموں کی برکت سے زندگی میں تمام آرزوئیں برآئیں۔ اس وقت یہی عرض ہے کہ خانہ زادوں کی نالائقی پر نظر

سے روح اللہ خاں ثانی خلیل اللہ خاں اور حمیدہ بانو کا لڑکا تھا۔ سنہ ۱۰۹۸ھ سے اپنی وفات سنہ ۱۶۹۲ء تک بخشی کے عہدہ پر مامور تھا۔ ستمبر سنہ ۱۶۸۷ء میں بیجاپور کا صوبہ دار بھی مقرر ہوا۔ اس کی ایک لڑکی کی شادی بہادر شاہ کے لڑکے (اورنگ زیب کے پوتے) شہزادہ محمد عظیم سے ہوئی۔ نہایت سخت متعصب شیعہ تھا۔ (ع۔ ن۔ س)

TooBaa-Research-Library

نہ فرمائیں۔ اپنے سایۂ تربیت میں رکھ کر جو جس کام کے لائق ہو اس کام پر سرفراز فرمائیں اور جو نالائق ہو اس کے باپ دادا کی غلامی پر نظر فرمائیں۔

(اس پر) فرمایا "بدل وجان قبول کیا"۔

پھر اس نے عرض کیا کہ دونوں لڑکیوں کے بارے میں پہلے ناظر کی معرفت عرضی بھیجی تھی کہ یہ غلام ہدایت پاچکا ہے اور مذہب حنفیہ میں داخل ہوگیا ہے اور اپنے بزرگوں کے طریقے (شیعیت) سے علیحدگی اختیار کرلی ہے۔ دونوں لڑکیوں کی شادی نجیب الطرفین سے جو اہل سنت والجماعت سے ہوں کردیں۔ اور اب بالمشافہ عرض کرتا ہوں کہ قاضی محمد اکرم کو فرمادیں کہ وہ آکر اس غلام کی تجہیز وتکفین کریں۔

حضرت نے سر نیچے جھکالیا تبسم کیا اور فرمایا کہ واقعی فرزندوں کی محبت نے ان کو بے اختیار کردیا ہے۔ تمہاری عقل اور تدبیر میں کوئی فتور نہیں۔ غالب احتمال یہ ہے کہ یہ تدبیر اس سبب سے اختیار کی ہے کہ تُنی کی پاک روح کی رعایت سے ان کی طرف نظر توجہ کرکے ہم (ان پر) شفقت کریں گے۔ لیکن یہ تدبیر اس شرط کے ساتھ فائدہ مند ہوگی کہ ان میں سے ہر ایک خود یہی بات کہے۔ (ہمیں) ہرگز گمان نہیں ہے کہ وہ اس ننگ (تبدیلی مذہب) کو اپنے اوپر گوارا کریں گے۔ بہرحال ہمیں ظاہر شریعت کے مطابق تمہاری وصیت پر عمل کرنا چاہیئے۔

یہ بات فرماکر، فاتحہ پڑھ کر اٹھ کھڑے ہوئے۔

خان مذکور کی وفات کے بعد اس کی وصیت کے بموجب قاضی حاضر ہوگیا۔

(ایک شخص) آقا بیگ نام کو روح اللہ خاں کے معتمد نوکروں میں سے تھا ایک رقعہ خان مذکور کے اپنے ہاتھ کا لکھا ہوا اور خود اس کی مہر لگی ہوئی لے کر قاضی کے پاس آیا (جس کا مضمون یہ تھا) کہ اگر غسل وتکفین کے وقت اس عاجز کی وصیت اور حکم اقدس (اورنگ زیب) کے مطابق شریعت پناہ (قاضی) تشریف لائیں تو اس (غسل وتکفین) کے

TooBaa-Research-Library

کام کی نیابت آقا بیگ کے سپرد کریں۔ اس ذرو روح اللہ خاں) بیچارہ کو یہ طاقت نہیں کہ شریعت پناہ (قاضی) کی زحمت کا روادار ہوسکے۔ صرف یہی بات کہ وہ تشریف لائیں گے اس گنہگار کی نجات کا باعث ہوگی۔

اس آقا بیگ نے بظاہر آقا اور بیگ کا نام اختیار کرلیا تھا لیکن حقیقۃً وہ شیعہ مذہب کے کامل علماء میں سے تھا اور اس کی فضیلت جناب مقدس پر بھی ظاہر ہوچکی تھی جبکہ وہ بارہا دعوتوں کے موقع پر علماء و فضلاء سے سامنے بالمشافہ بیباکانہ بحث و مباحثہ کرچکا تھا۔

قاضی نے جو یہ معاملہ دیکھا تو حقیقت حال سے آگاہ ہوگیا کہ قاضی کا طلب کرنا اور پھر غسل کو آقا بیگ پر چھوڑ دینا محض ایک طرح کی دل لگی ہے۔ قاضی ناخوش ہوا۔ دارالقضاء کے وقائع نگار محمد غوث خاں سے کہا کہ اسی وقت سے داخل وقائع کرکے ایک اردلی کے ہاتھ فوراً حضور کو ارسال کرو تاکہ جواب آجائے۔

وقائع نگار کی اطلاع نظر اقدس سے گذرنے کے بعد تحریر فرمایا کہ زندگی کے باقی تقیہ نے مرتے وقت رسوائی تک پہنچادیا اور سارے کام کو بیٹ کردیا۔ قاضی کا اب وہاں رہنا احتیاط کے خلاف ہے۔ خان متوفی نے اپنی زندگی میں دغی بازی کو شعار بنالیا تھا۔ مرنے کے بعد بھی اس ناپسندیدہ شیوہ کو اختیار کرکے اختتام تک پہنچالیا۔ ہمیں کسی کے مذہب سے کیا کام۔

عیسیٰ اپنے دین پر، موسیٰ اپنے دین پر۔ لڑکیوں کی اہلسنت والجماعت کے ساتھ شادی کا معاملہ بھی ایک طرح کا فریب تھا کہ امیر زادہ بیچارہ سادہ اس بلا میں گرفتار ہوجائے۔ عورت کی محبت میں بے اختیار ہوکر اپنے بزرگوں کے سالہا سال کی مذہب سے ہاتھ اٹھا کر جدید الایمان شیعہ بن جائے۔

نعوذ باللہ من شرور انفسنا ومن سیئات اعمالنا۔

TooBaa-Research-Library

ترجمہ "ہم اللہ کی پناہ مانگتے ہیں اپنے نفس کے شر اور اپنے اعمال کی برائیوں سے"۔

(۶۰) چہار مذاہب برحق ہست

جس وقت قلعہ ستارہ[1] محاصرہ میں تھا رمضان کا مبارک مہینہ تھا۔ تمام آدمیوں میں سے جو قلعہ سے باہر جنگ کرنے کے لئے نکلے چار عدد مسلمان اور نو عدد ہندو گرفتار ہوئے دربار سے قاضی محمد اکرم کو حکم ہوا مفتیوں کے اتفاق رائے اس مسئلہ کی تنقیح کرنے کے بعد بتایا جائے کہ (ان کے ساتھ کیا سلوک) کیا جائے۔ تحقیق کرنے کے بعد عرض کیا گیا کہ کفار اگر مسلمان ہوجائیں تو انہیں رہا کردیا جائے اور مسلمانوں کو تین سال تک قید رکھا جائے۔

اس مسئلہ کے کاغذ پر تحریر فرمایا کہ یہ مسئلہ مذاہب اہل حنفیہ کے مطابق ہے کسی دوسرے طریقہ کے مطابق بھی معلوم کرنا چاہئے۔ تاکہ نظم و ضبط سلطنت ہاتھ سے نہ جائے (ہمارا) مذہب سخت شیعیت نہیں ہے کہ ایک گاؤں میں ایک ہی درخت ہو۔ الحمد للہ چار مذاہب حق پر ہیں اور حال و وقت کے مطابق ہیں۔ اس سے قبل مسائل مختلفہ میں آسانی کے لئے علماء نے تحریریں چھوڑی ہیں اور درست قیاسات کئے ہیں۔ شیعہ کے قول کی سند نہیں لینی چاہیئے۔ کہ جس نے سب سے پہلے قیاس کیا وہ ابلیس تھا۔ بلکہ اسلام اور مسلمانوں کی آسانی کی راہ نکالنی چاہیئے۔

اس تحریر کے بعد قاضی اور مفتیوں نے دوسرا مسئلہ ڈھونڈھ نکالا کہ فتاویٰ عالمگیر میں لکھا ہے کہ جو ہندو اور مسلمان بطور بغاوت کے لڑیں انہیں قتل کردینا چاہیئے۔

اس پر تحریر فرمایا کہ ہم نے قبول کیا۔ البتہ افطار سے قبل قتل کیا جائے۔ جب تک

---

[1] ستارہ ۱۰ دسمبر ۱۶۹۹ء سے لیکر ۲۱ اپریل ۱۷۰۰ء تک محاصرہ کے بعد فتح کیا گیا۔ محمد اکرم شاہ کی قاضی کے عہدہ پر منی ۱۶۹۰ء میں مامور ہوا۔ ۱۷۰۵ء میں انتقال ہوا۔ (ج۔ ن۔ س)

TooBaa-Research-Library

باغیوں کے سر بند دیکھ لئے جائیں گے افطار نہیں کیا جائے گا۔ چنانچہ محرم خاں نے سربراہ خاں کوتوال کی مدد سے غروبِ آفتاب کے نزدیک سر لاکر دربار میں پیش کر دیئے۔

(۷۱) عنقارا بلندست آشیانہ

فیروز جنگ کی عرضی سے کہ جو اسلام پوری میں تعینات لشکر کی حفاظت پر اور برہان پور سے شاہی قیام گاہ جانے والی سڑک کی نگرانی پر مامور تھا یہ معلوم ہوا کہ اس غلام کی والدہ کا مقبرہ دریائے بھیما کے دوسرے کنارہ پر واقع ہے۔ اس طرف کے علاقے کی آبادی اس سبب سے ضروری ہے کہ شاہی لشکر کو وہاں سے بہت رسد فراہم ہوتی ہے۔ لیکن یہ صورت بجز اس کے ممکن نہیں کہ وہاں کے رہنے والے ہنود پر جزیہ معاف کر دیا جائے۔ اس لئے حکم جاری کیا جائے کہ عنایت اللہ خاں جزیے کی معافی کا سند بھیجدے۔

اسپر تحریر فرمایا کہ میں گمراہوں سے مدد نہیں لیتا۔ گنج اور مقبرہ کی آبادی کی خواہش کرنا اور قرآن حمید اور فرقانِ مجید کی آیت کے حکم کو جو جزیے کے باب میں ہے کہ وہ نافرمان ہیں اور اسکو معذور ہیں سے بدلنا کمال دانائی سے اور واجب التعظیم شریعت کی اطاعت سے کہ وہ مخلص مزاجدل رکھتا ہے ہزار مرحلہ دور ہے۔ بظاہر ایسا معلوم ہوتا ہے کہ ایک گروہ جو جنگیوں سے بدتر ہے اور جو لوگوں کے دلوں میں وسوسے ڈالتا ہے (تمہاری) گمراہی اور بے راہروی کا سبب بنا ہے اور اس خام خیال کو بیہودہ لالچ میں تمہارے دل میں ڈال دیا ہے۔ یہ تجربہ کار بوڑھا اورنگ زیب اسطرح کے دھوکوں میں کیسے آسکتا ہے۔

؎ برو ایں دام بر مرغ دگر نہ	کہ عنقارا بلندست آشیانہ

* جاؤ اور یہ جال کسی [illegible] پرندے پر ڈالو عنقا کا آشیانہ بہت بلند ہے۔

(ختم شد)

اثرِ فارسی متن "احکامِ عالمگیری"

۱۹۹۳

TooBaa-Research-Library

TooBaa-Research-Library

فہرست مضامین (فارسی)

نمبر شمار	مضامین	صفحہ نمبر
۱	جرأت شہزادہ اورنگ زیب	۱۲۷
۲	حفظ مراتب	۱۲۸
۳	در غرور دارا شکوہ	۱۲۸
۴	رائے شاہ جہاں دربارۂ شہزادہ گان	۱۳۰
۵	آن واقعہ کہ مشہور بہ عشق است	۱۳۰
۶	در کمال جرأت	۱۳۲
۷	بوقت جنگ ادائے نماز	۱۳۳
۸	دوازدہ وصیت	۱۳۴
۹	در وقتیکہ محمد معظم بہادر شاہ را برائے قید کردن طلب کرد	۱۳۶
۱۰	نصائح بہ بہادر شاہ	۱۳۷
۱۱	چند امور بسلسلہ حکومت	۱۳۸
۱۲	نگاہ داشتن ضابطہ پادشاہان است	۱۳۹
۱۳	محمد معظم در جامع مسجد کابل	۱۳۹
۱۴	از نوشتہ ہائے محمد معظم بہادر شاہ	۱۴۰
۱۵	از وقائع صوبہ کابل عرض رسید	۱۴۱
۱۶	عرضی حمیدہ بانو از صوبہ ملتان	۱۴۱
۱۷	محاصرہ قلعہ پرلی	۱۴۲
۱۸	مکتوب شہزادہ محمد اعظم بنام عنایت اللہ خان	۱۴۳
۱۹	مردی در خودکشی است نہ کہ در تہور و بیباکی	۱۴۳
۲۰	سزائے بدسلوکی	۱۴۴
۲۱	معاوضہ نقصان	۱۴۵
۲۲	عرض اعظم شاہ در عدالت	۱۴۵
۲۳	فرمان اورنگ زیب بہ محمد اعظم	۱۴۶
۲۴	عرضی صوبہ دار احمد آباد	۱۴۶
۲۵	بہ سلسلہ شہزادہ کام بخش	۱۴۷
۲۶	بہ سلسلہ بیدار بخت	۱۴۸
۲۷	دربارۂ شمس النساء	۱۴۹
۲۸	قصہ نصرت جنگ	۱۴۹
۲۹	مزید دربارۂ نصرت جنگ	۱۵۰
۳۰	جنگ جوئی خان دکھنی	۱۵۱
۳۱	عقرب در دست گرفتن و مار در بغل داشتن	۱۵۱
۳۲	کاری کہ باعث ملامت دنیا و موجب شقاوت عقبیٰ است	۱۵۱
۳۳	دربارۂ غازی الدین خان	۱۵۲
۳۴	سزائے قطاع الطریق	۱۵۳
۳۵	غازی الدین خان وبزرگان ایشان	۱۵۳
۳۶	عرض حامد خان	۱۵۴
۳۷	خان جہان بہادر صوبہ دار لاہور	۱۵۴
